ترکیب تیاری:۔ پہلے خاکہ کپڑے پر ٹریس کیجئے کنگورے کا زائد کپڑا قطع نہ کیجئے کیونکہ کپڑا تراش دینے سے کنگورے جلد پھٹ جاتے ہیں۔ دو کنگوروں کے درمیان میں سے کپڑا سیدھا قطع کیجئے اور پھر اسے نیچے کی جانب اس طرح ترپ دیجئے کہ اوپر ٹانکہ نظر نہ آئے۔ بعد ازاں ایک ڈورے میں سنہرے چھوٹے دانے موتی پروئیے۔ موتی پڑے ہوئے ڈورے کو کنگورے پر رکھکر دوسری سوئی سے باریک باریک ٹانکتی جائیے پتّیاں سلمے سے تیار کیجئے ڈنڈی مقیش کے تار سے بنائیے۔ انگور کا خوشہ سلمے اور موتی سے تیار کیجئے یعنی انگور کا حلقہ سلمے سے بنئے اور درمیان کے گول نشانوں پر سنہرے بڑے موتی رکھئے بیل جلد اور خوبصورت تیار ہوگی۔

نوٹ


مندرجہ بالا خاکہ کسی موٹے کپڑے مثلاً ساٹن، مخمل وغیرہ پر تیار کیجئے۔ باریک کپڑے پر زیادہ موزوں نہ رہے گا کیونکہ یہ کام بھاری ہوتا ہے۔



نور جہاں علی گڑھ

سنگر مشین سے سوؤں پر کام

ایک خاکہ



ہدایات:- خاکہ کپڑے پر اتار کر کپڑا فریم پر چڑھا لیجئے پھر ایک سوا (موٹی سوئی) لیکر نقطہ کے سرے پر رکھئے (دیکھئے پتی نمبر ۱) اور اس پر مشین سے بھری ہوئی کڑھائی (وی ونگ) کاڑھیئے جب خاکہ پورا ہو جائے تو اس سوئی کو لگا رہنے دیجئے اور دوسرا سوا جو اسی قدر موٹا ہو پہلے والے سوئے کی برابر لگائیے (دیکھئے پتی نمبر ۲) اور پھر اس پر پہلی والی سوئی کی طرح کڑھائی کیجئے جب دوسری سوئی کا خاکہ بھی پورا ہو جائے تو پہلی والی سوئی کو نکال کر دوسری سوئی کے آگے پہلے کی طرح لگا لیجئے اور اسی طرح کڑھائی کرتی جائیے ہر مرتبہ ایسے ہی کیجئے کہ پہلے والی سوئی نکال لیجئے اور دوسری لگی رہنے دیجئے۔ دونوں سرے ایک دم نہ نکالئے کڑھائی خراب ہوجائیگی نو مشق بہنیں کڑھائی کرتے وقت بہت زیادہ حفاظت ملحوظ رکھیں چونکہ سوؤں پر کاڑھنے سے مشین کی سوئی ٹوٹنے کا بہت زیادہ خدشہ ہے۔

نور جہاں ابراہیم، علی گڑھ

اپلیک ورک


ڈالی

پتے سبز کپڑے سے

انگور انگوری ” ”

نیس کشیدہ کیجیے اور پتوں کے اطراف کپڑا اندر کر کے مہین ترپائی سے کاڑھیے۔


ڈالیاں کشیدہ کیجیے



حسب پسند رنگوں سے بنایئے۔

وسیمہ خانم اختی جالندھری

شنائل کا کام — بیگ



کلابتون سنہری - شنائل گلابی یا کاشنی اور کاہی - ہینڈل لکڑی کا - سفید یا کسی ہلکے رنگ کی ساٹن - ساٹن پر شنائل سے پھول بنائیں اور پنکھڑیوں کے چاروں طرف کلابتون بٹا ہوا لگائیے (دیکھئے تیار شدہ) اس کے بعد نقشہ کے مطابق بیگ کاٹ لیں اندر کپڑے کے ہمرنگ استر لگا کر سی لیں بعد میں ہینڈل احتیاط سے لگائیں

آنسہ ثروت عظمیٰ

جواب طلب امور کے لئے جوابی پوسٹ کارڈ بھیجئے - اور خط و کتابت کرتے وقت اپنا خریداری نمبر ضرور لکھئے - مینیجر

ایمبرائیڈری و تارکشی کا کام

ٹی سیٹ کیلئے پھول


نمبر (۱)

ترکیب: حسب پسند رنگ کی لینن لیکر اس پر خاکہ اتاریں۔ پھولوں کو حسب پسند رنگ کے شیڈ دار دھاگوں سے تیار کریں پھر جہاں لائین دی گئی ہیں اُسی کے مطابق کپڑے سے تاریں نکال کر تارکشی کے طریقہ سے جالی بنائیں۔ یا اسی خاکہ سنگر مشین سے بھی چند گھنٹوں میں تیار کر سکتی ہیں **نوٹ**:۔ نمبر اس خاکہ کو اگر آپ ایک [illegible] ٹے [illegible] سے بنائیں نمبر (۱) کیطرح بنا سکتی ہیں۔ [illegible] کا ٹولبرٹ کرنے کا طریقہ (۱) نمبر سے خوب ؟ ہے دھاگوں کا رنگ [illegible] منحصر ہے۔

مہر النساء غلام محمد

کراس اسٹچ ورک — بکرا

سفید کینوس پر سیاہ اون سے کاڑھ کر فریم کرا لیجئے بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔ آنکھ سرخ بنائیے یا سرخ نگ :



رکھ لیجئے۔ کوور نس کور پر بھی حسب مرضی رنگوں سے تیار کر سکتی ہیں۔

تبول فاطمہ مُطاہر حسین جعفری سہارنپور

اونی کام سلائیوں سے

سوئیٹر کا ڈیزائن

پہلے حسب ضرورت خانے سلائی پر ڈال لیں پھر ۲-انچ گوٹ اس طرح بنیں ایک خانہ الٹا ایک خانہ سیدھا پھر نمونہ شروع کریں پہلی لائین - ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ایک خانہ سیدھا ۳ خانے اُلٹے ایک خالی خانہ اتار کر ۲ خانے اکٹھے بُن کر خالی خانہ اوپر سے گرا دیں ۳ خانے اُلٹے ایک خانہ سیدھا سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے سے دہرائیں پوری لائین اسی طرح ختم کریں - دوسری لائین الٹے خانہ پر اُلٹا سیدھے پر سیدھا - تیسری لائین ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے ۲ خانے اُلٹے ایک خالی خانہ اتار کر ۲ خانے اکٹھے بن کر خالی خانہ اوپر سے گرا دیں ۲ خانے اُلٹے ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے) سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے سے دہرائیں پوری لائین اسی طرح ختم کریں) چوتھی لائین اُلٹے خانہ پر اُلٹا سیدھے خانہ پر سیدھا پانچویں لائین ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۳ خانے سیدھے ایک خانہ اُلٹا ایک خالی خانہ اتار کر ۲ خانے اکٹھے بُن کر خالی خانہ اوپر سے گرا دیں ایک خانہ اُلٹا ۳ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے) سامنے اون لاکر ۳ خانے سے دہرائیں پوری لائین اس طرح ختم کریں چھٹی لائین اُلٹے خانہ پر اُلٹا سیدھے خانہ پر سیدھا - ساتویں لائین ۲ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۴ خانے سیدھے ایک خالی خانہ اتار کر ۲ خانے اکٹھے بن کر خالی خانہ اوپر سے گرا دیں ۴ خانے سیدھے سامنے اون لاکر ۲ خانے سیدھے) سامنے اون لاکر ۴ خانے سیدھے سے دہرائیں پوری لائن اسی طرح ختم کریں آٹھویں لائین سیدھے خانہ پر سیدھا اُلٹے پر اُلٹا - اب یہ نمونہ پورا ختم ہوگیا بہنیں اسی کو بار بار دہرائیں -

ک - ز

اون کا ایک خوبصورت نمونہ

اشیاء ـــ اون در رنگ حسب پسند - سلائی ۲ عدد نمبر ۱۲

ترکیب :- پہلے سلائیوں پر پچھتر پھندے ڈال کر ایک اُلٹا ایک سیدھا اسی طرح چھ انگل بن لیں جب باڈر بن جائے تو پھر نمونہ ڈالنا شروع کریں - پہلی سلائی - تین پھندے سیدھے دو اُلٹے ایک پھندے میں چھ پھندے بُن لیں پھر دو اُلٹے تین سیدھے اسی طرح پوری لائین بنا لیں - دوسری - اُلٹے پر اُلٹا سیدھے پر سیدھا - اسی طرح چار لائن بنا لیجئے -

پانچویں لائین - تین سیدھے دو اُلٹے اور جو پہلی لائین پر ایک پھندے میں چھ بڑھائے تھے اب پانچویں لائین پر ۵ چھ کو پھر ایک کر لیجئے - پھر دو اُلٹے تین سیدھے اسی طرح پوری لائن بنا لیجئے - بہت خوبصورت اور آسان نمونہ تیار ہو جائے گا یہ نمونہ ہلکے رنگوں پر اچھا معلوم ہوگا - مس سعیدہ ماجد علی لکھنوی

کروشیا کا کام

گریبان

رنشیلیت سا یا ہوا نا بات کا
لسریبا ہے

... نائی درجہ
خوبصورت اور آسان
ہے اس کے آسمان کے
بیٹھے ٹیبل پر سلمل میں
... وسط کے وچھ دو ... چھے
...
سئے ... بعاپلیا

ترکیب


... کروشیا ... ...
... ترائیں ... چھ ... خاص ... ڈالے ...
... ...
ڈالے ... سے ... یہ ... سر

م ... کر چوتھی لائن
اس طرح بنائے میں
... سکر ... چین ...
... کے درمیاں آدھا
... لیجئے ... چین
... سرے ... لے ...
... کے درمیاں ... اٹھائیے
... درمیان ... سکرتے
... ... پھر ... تھے ہیں
... پھر ... کیا ۱۲ چین ... لیجئے اسی
طرح تمام میں بار لیجئے اور اسی ترکیب سے
... ... ساوٹ چاہیں تیار کیجئے۔

کروشیا سے بنی ہوئی آستین

کسب تیاری ... ترکیب ... کروشیا نمبر ۴

ستلن: ۔ زنانہ جمپروں اور ساری کے بلاؤز بنی ہوئی آستین
خوب ... سوفے سے آستین کا بلاؤز تیار کرکے خواہ اسی میں سے ... کر
تیار کیجئے ... بنگلیئے چھوٹی بچیوں کے فراک میں بنی ہوئی آستین




اسی ... میں ... چین ... ۲۳ چین ...
... ... بڑھتے ... ...



"لکس
ٹائلیٹ صابن ہی میرے
حُسن وجمال کا آسان طریقہ ہے"
مایا بینرجی کہتی
ہے








فلمی اسٹاروں کا
حُسن بخش صابن

زندگی کی ایک اصول ... ہے
رہنما فلمی ستارے لکس ٹائلیٹ صابن سے اپنے
قیمتی حُسن کی حفاظت ... خود اپنے
مکان میں اس آسان طریقہ کو استعمال کر سکتے ہیں۔
اس ... دن کے لئے تجربہ حاصل کیجئے۔ آپ اسکے
صاف کرنیوالے و ترغیب دینے والے انعام سے خوش ہونگی



BROTHERS (INDIA) LIMITED




اور گلا عمدہ معلوم ہوگا۔

ترکیب آستین:۔ آستین کے نشان میں خلکے ڈالکر اس طرح بناوٹ شروع کریں چار چین بیکر جالی میں سے گذار نے اور چین بناکر پھر اسی خلنے میں ڈال دیجئے پھر آٹھ چین بناکر قدرے فاصلے سے جالی میں سے گذار کر تین چین بنائیے اور اسی خلنے میں سے ڈالکر چار چین بنلیئے اسی طرح تمام بناوٹ تیار ہوگی۔ مزید سہولت کے لئے ملاحظہ ہو اصل بناوٹ اور فراک لمبان کے مطابق بن کر آستین کی گوٹ بنائیے کھٹا کر ہاف ٹریبل بازو کی گولائی کے مطابق آستین بنا کر تمام کیجئے۔

بنی ہوئی آستین

نوٹ:۔ چین زنجیرہ ہاف ٹریبل آدھا پھندا۔


جگ کور



جالی کا چوکور ٹکڑا لیکر حسب نقشہ کروشیا سے کنارہ بنائیں۔

سعادت سرہ شیخ

اصل بناوٹ



اگر ابھی سمجھ میں نہ آئے تو اصل نمونہ طلب کریں۔

اپلیک ورک

پلنگ پوش کا کونہ

اپلیک ورک اس کام کو کہتے ہیں جو ایک کپڑے پر دوسرے کپڑے سے کیا جائے۔ مندرجہ ذیل نقشہ پلنگ پوش کا ہے اس کے کنارے دوسرے رنگ کے کپڑے سے بنائے گئے ہیں جیسے زرد رنگ کی پاپلین کا پلنگ پوش ہے اس پر نیلے رنگ کی پاپلین لیکر ایک انچ چوڑی پٹی سے کنارہ بنائیے۔ کنارے کے اطراف سوئی سے پہلے تو لنگر ڈال کر پٹی کو ٹانک لیجے پھر دیکھیے جھول یا کچھ خرابی تو نہیں اگر ٹھیک ہے تو سوئی میں پٹی کا ہمرنگ تاگہ لیکر بٹن ہول اسٹیچ کے ذریعہ یا ترپائی کے ٹانکوں سے سب کو سی لیجیے دیکھیے نقشہ جب کنارہ بالکل مکمل ہو جائے تو کونوں پر پھول ٹریس کیجیے۔ پھول کی ہر پنکھڑی ایک ہی کپڑے میں سے الگ الگ کاٹ لیجیے اور پھول کے نشان پر رکھ کر پہلے تو نیچے سے ٹانک لیجیے پھر جس طرح کنارا بنایا ہے اسی طرح بنا لیجیے۔ ڈالی کشیدہ کی جائے گی۔ یہ ہے اپلیک ورک کی تفصیل اس طرح آپ صدہا قسم کے نمونہ بنا سکتی ہیں۔

باورچی خانہ

مسالے دار پھُلَوری - سوجی پاؤ سیر، تیل تین چھٹانک کاجو ایک چھٹانک، پیاز ایک عدد۔ لال مرچ ۵ عدد۔ لہسن چھوٹی سی ایک پوتھی، ادرک چھوٹا سا ایک ٹکڑا، کیلا ماش کی دال ایک ٹی اسپون۔ رائی ایک ٹی اسپون، کریاپات (کڑھی پتہ) ایک ڈالی جس میں آٹھ یا دس پتی ہوں۔ نمک حسب پسند۔ ترکیب۔ پیاز چھیل کر باریک کرلیں۔ ادرک لہسن چھیل کر ٹکڑے کرلیں ایک ایک مرچ کے دو دو ٹکڑے کرلیں۔ اب پتیلی میں تیل ڈال کر چولھے پر چڑھا دیں۔ تیل گرم ہوجائے تو کاجو ڈال کر ہلکے بادامی رنگ کے تل کر نکال لیں اور رائی ڈال دیں۔ رائی کڑکڑا لینے کے بعد پتیلی نیچے اتار کر ماش کی دال لال مرچ اور پیاز ڈال کر پتیلی چولھے پر چڑھا دیں۔ جب پیاز گلابی ہلکے رنگ کی ہوجائے تو ادرک لہسن کاجو۔ کریاپات۔ نمک ڈال کر کفگیر سے چلائیں پھر دو کپ پانی ڈال کر ڈھانک دیں۔ جب پانی کھولنے لگے تو سوجی ڈال کر جلد جلد کفگیر چلائیں پانی خشک ہوجائے تو تلے اوپر آگ دے کر دم دیدیں ۵ منٹ کے بعد اُتار کر گرم گرم نوش فرمائیں بہت لذیذ ہوگی۔ میری کئی بار کا آزمودہ ہے۔

ممتاز بیگم بنت عبدالسبحان ایم۔ اے ناسک

حلوا سوہن۔ اشیاء۔ سمنک ڈیڑھ چھٹانک روا ڈیڑھ چھٹانک جونز ۴ عدد۔ لونگ جوز کے برابر۔ دودھ ۴ سیر۔ شکر تین پاؤ۔ گھی مسکہ کا پاؤ سیر۔ ترکیب۔ پہلے سمنک اور روا دونوں کو دودھ میں ملا کر پکائیں۔ سمنک پکنے کے بعد کھوا ملائیں۔ کھوا اور سمنک جب سرخ رنگ اختیار کرلے اُس وقت شکر ملائیں اور پکنے دیں شکر اچھی طرح پکنے کے بعد گھی ڈال لیں اور خوب گھوٹیں جوز اور لونگ کا سفوف ڈالیں اور خوب گھوٹیں جب جمنے کے قابل ہوجائے اتار لیں اور کشتی میں جمالیں اور حسب پسند لوز کاٹیں۔ انشاءاللہ بہت لذیذ ہوگا۔

مس ذکیہ عبدالنعیم خاں



دستکار بہنوں کی محفل

جوہر نسواں میں نمونے پہلے بہت ہی عمدہ شائع ہوتے تھے۔ کاغذ کی دقت کی وجہ سے اب اگرچہ جوہر نسواں کے صفحے بہت کم ہو گئے ہیں۔ لیکن اگر دستکار بہنیں توجہ کریں تو اب بھی ہر نمونہ قابل تعریف ہو سکتا ہے۔ دوسرے زنانہ پرچوں اور دستکاری کی کتابوں میں نہیں رہی ہوں کہ جوہر نسواں کے پرانے رسالوں اور دفتر عصمت کی کتابوں میں سے نمونے نقل کر کے یا معمولی ترمیم کر کے دھڑا دھڑ شائع کئے جا رہے ہیں۔ خواتین کو ایسے ذلیل فعل کا کبھی مرتکب نہ ہونا چاہئے اس لئے کہ یہ بڑی شرمناک قسم کی چوری ہے۔

جو ہماری بہنیں خود کوشش کر کے اچھے اچھے نمونے بنا سکتی ہیں۔ وہ کروشیا، کراس اسٹیچ، تارکشی وغیرہ کے اب ایسے خوبصورت نمونے آخر کیوں نہیں بناتیں جیسے پہلے جوہر نسواں میں چھپتے تھے عمارتیں، جانور، عبارتیں۔ اشعار وغیرہ ہر پرچہ میں ہونے چاہئیں صرف بیل بوٹے کافی نہیں ہیں بہنوں کو چاہئے اپنے پرچہ کو دلچسپ بنائیں۔

صبیحہ خاتون کراچی

۲۔ جوہر نسواں کے صفحے بھی بڑھا دیئے جائیں اور چندہ بھی زیادہ کر دیا جائے تو میری رائے میں سب بہنیں پسند کریں گی

صغرا کرامت جبل پور

دستکار بہنوں کی خدمت میں التماس ہے کہ Fairyart Embroidery میرے پاس یہ machine مشین اور سامان اور کاپی موجود ہے سیکھنے کا بیحد شوق ہے اگر کوئی محترم دستکار بہن وضاحت اور سہولت سے آسان الفاظ میں سمجھا دیں تو نہایت ممنون و مشکور ہوں گی برائے مہربانی بذریعہ رسالہ ترکیب لکھئے صحیح صحیح ترکیب لکھئے گا کیونکہ میں بہت ہی ناقابل لڑکی ہوں احسانمند ہوں گی امید ہے بہنیں توجہ فرمائیں گی۔

مس صفیہ خریدار نمبر ۱۵۱۰

مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

تاریخ و سیرت

آمنہ کا لال — اردو زبان میں مولود شریف کی بہترین کتاب۔
سیدہ کا لال — مکمل و مفصل تاریخ شہادت کربلا کے دردناک واقعات بہترین مجلس مرانی۔
الزہرا — جگر گوشۂ رسولؐ حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی بے نظیر سوانح عمری اور کربلا کا مفصل حال۔
نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے پانچ جشن۔ اسی سال پہلے کی دہلی کی جھلک۔ باتصویر۔
وداعِ خاتون — مشہور ادیبہ محترمہ خاتون اکرم کی سوانح عمری پر خون کے آنسو۔
امین کا دم واپسیں — ملکہ زبیدہ خاتون کے لخت جگر شہزادہ امین الرشید کے دردناک قتل کے حالات
دلی کی آخری بہار — نصف صدی پہلے کی تہذیب تعلقات، وضعداری اور محبت کی پرلطف کہانیاں
بزمِ رفتگاں — اردو نثر کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعرا کی یاد میں باتصویر۔
ہندوستان پارینہ — چند تاریخی مضامین، باتصویر، جن میں افسانہ سے زیادہ دلچسپی ہے

اصلاحی معاشرتی ناول

حیاتِ صالحہ — یا صالحات، دلی کی بیگماتی زبان میں بہترین اخلاقی و اصلاحی سبق آموز ناول
منازل السائرہ — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ دلآویز
صبحِ زندگی — سیدہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت موثر پیرایہ میں دلچسپ ہے۔
شامِ زندگی — سیدہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات اور دلچسپی ہے
شبِ زندگی — در حقیقت سیدہ کی موت کے بعد کے حالات اصلاحِ نسواں کے سلسلہ میں بہترین تصنیف ہے۔
نوحۂ زندگی — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مصورِ غم علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف۔
طوفانِ حیات — قبیح رسوم شرک، بدعت وغیرہ دور کرنے کے لیے نہایت دلچسپ اور نتیجہ خیز اصلاحی ناول۔
جوہرِ عصمت — دو بہنوں کی مفصل زندگی، ایک دورِ قدیم کی پتلی دوسری دورِ جدید کی دلدادہ۔
تربیتِ نسواں — یا اسرار الحجاب۔ دو حقیقی بہنوں کے حالات، ایک کی زندگی نہایت کامیاب دوسری کی تلخ ناکام

اصلاحی معاشرتی افسانے

بنتِ الوقت — دولت کا زمانہ ساتھ دینے والی ایک عاقبت اندیش لڑکی کا انجام
سراب مغرب — غیر مسلم مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا حشر، مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔
سنجوگ — ایک نیک لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا
سوکن کا جلاپا — ایک شادی شدہ مرد کا افسانۂ غم جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا
سودائے نقد — جوان بیٹی کی شادی کر نا سونپی پر کیا نیلام زمانہ حال کے ہاتھوں بیٹے کا قتل۔
فسانۂ سعید — جس میں سعیدہ جیسی بیوہ کے نکاح ثانی کو بے سود ثابت کیا ہے۔
انگوٹھی کا راز — بہت شیطانی کے آگے کبر و غرور ناکامی اور دلچسپ، سبق آموز اور نتیجہ خیز۔
ستارۂ صبح — جو ایک شیطان کی مغفرت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں
مہکتی کلیاں — دہلی کی سیدہ، مری کی مادری شہزادیوں کی دل ہلا دینے والی آپ بیتیاں باتصویر۔
ستونتی — دلآویز افسانہ جس میں یہ دکھایا ہے کہ مرد کے لیے شریف بیوی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے۔
موذہ — مرحوم موت لڑکی کا رونا، دردناک افسانہ، عبرتناک اور سبق آموز۔
تعبیرِ مصیبت — طلوع اور مراد پر اس سے ہٹ کر افسانہ شائع نہیں ہوا جس کی ہمیں آنسو دیکھے
نانی کی کہانی — تین مختلف الخیال لڑکیوں کا نہایت دلچسپ افسانہ۔
انسان ترقی — انسان ترقی کی ہوس اور دولت کے نشے میں کیسے کیسے ظلم ڈھاتا ہے۔
پچھتاوا — ایک بدنصیب ماں جو اپنے بچے کی بدولت بڑی بڑی مصیبتیں اٹھاتی ہے۔
بیوی کی سرگذشت — فیشن اور جدت کی دلدادہ ایک انگریز خاتون کی کہانی انہی کی زبانی۔
[illegible] — جہالت انسانی پر پرندوں کی بحث اور چند نسوانی گذرگاہوں کا خاکہ۔

مختصر افسانوں کے مجموعے

عبرت — سبق آموز اور دلچسپ افسانوں کا مشہور و مقبول مجموعہ۔
[illegible] — مصورِ غم کے بہترین نہایت موثر اور معرکۃ الآرا سات باتصویر افسانے۔

طوفانِ اشک — رواج کی چوکھٹ پر مظلوم عورتوں کی قربانیاں دل ہلا دینے والے دردناک افسانے
قطراتِ اشک — دردِ اثر میں ڈوبے ہوئے افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ
خدائی راج — اردو کے سب سے پہلے مختصر افسانہ نگار کے آخری بہترین افسانوں کا دلآویز مجموعہ۔
نسوانی زندگی — وہ افسانے جن میں ماں، بیوی، بیٹی، بہن عورت کی چاروں حیثیتیں دکھائی گئی ہیں۔
گوہرِ مقصود — جوانسان کی بدی اور سلامتی کی تلاش دور دلچسپ قصے۔
گلدستۂ عید — دلآویز مضمونوں اور افسانوں کا مجموعہ رمضان اور عید کا بہترین تحفہ۔
گرداب حیات — عورتوں کی اصلاح اور حمایت میں متعدد چھوٹے چھوٹے سبق آموز موثر افسانے۔
ساط حیات — حیات انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ، نہایت سبق آموز موثر افسانے۔
حور اور انسان — ۳۰ سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے تھے ان میں سے آٹھ افسانے۔
نشیب و فراز — آٹھ عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا مشاہدہ بیان کیا ہے۔

مذاحیہ افسانے

نانی عشو — یہ افسانے جو مذاحیہ بھی ہیں اور دردناک بھی۔ بہت مشہور کتاب ہے۔ ۱۰/
دادی ننھی — بی ننھی نے بڑھاپے میں وہ سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی
داداللال بجھکڑ — چار نہایت ہی پرلطف مذاحیہ لیکن نتیجہ خیز قصے

نظموں کے مجموعے

رودادِ قفس — مصورِ غم کی دردِ اثر میں ڈوبی ہوئی نظموں کا مشہور مجموعہ ساتواں ایڈیشن۔
گرفتارِ قفس — اس مجموعہ میں سب موثر نظمیں ہیں، یہ دوسرا حصہ ہے۔

مذہبی مضامین

احکامِ نسواں — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر بہترین مضامین عام فہم زبان میں
محفلِ حبیب — سرورِ کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق واقعات اور مجالس میلاد کے مضامین
دعائیں — سوز وگداز اور درد و اثر میں ڈوبی ہوئی اردو زبان میں نظم و نثر کی دعائیں۔ ۱۰
قرآنی قصے — ان نبیوں اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔
زیورِ اسلام — خواتین کے لیے نہایت موثر اور دلچسپ مذہبی مضامین۔

ادبِ لطیف

قلبِ حزیں — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین نثر میں پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے۔
لڑکیوں کی انشا — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب بیگماتی زبان۔ قلعۂ معلیٰ کے محاورے۔
مسلی ہوئی پتیاں — دلی کی ٹکسالی زبان میں چند خطوط جن کا ایک ایک لفظ تیر و نشتر ہے۔

سیاسی، صحافتی، سیاحتی مضامین

شہیدِ مغرب — طرابلس، مراکش وغیرہ میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مقابلے، دردناک اور عبرت انگیز افسانے۔
یادگارِ تمدن — حقوقِ نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالہ کے متعلق موثر مضامین۔
عالمِ نسواں — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر علامہ مغفور کے گرانبہا خیالات۔
سیاحتِ ہند — مختلف مقامات کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا تذکرہ۔

اسلامی تاریخ بطرزِ ناول

ماہِ عجم — فاروق اعظمؓ کے عہدِ مبارک میں مسلمانوں کے جنگی کارنامے اور فسانۂ محبت۔ ۵
عروسِ کربلا — واقعہ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ
یاسمینِ شام — حضرت عمر فاروقؓ کے زمانۂ خلافت کی اسلامی لڑائیاں۔
محبوبۂ خداوند — خلیفۂ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی ٹڈی دل فوج سے مقابلے۔
تیغِ کمال — ترکوں اور اتحادیوں کی ہولناک خونریز لڑائیاں، مصطفیٰ کمال کے حیرت انگیز کارنامے۔
منظرِ طرابلس — تسخیرِ طرابلس کے لیے مسلمانوں کا جوش ایمانی، محبت آتشکدہ میں بیگناہ لڑکی کی قربانی۔
آفتابِ دمشق — خلیفۂ اول کے زمانہ کا اسلام، مسلمانوں اور نصرانیوں کے معرکے۔
شاہین و دراج — محبت کے جذباتِ لطیفہ کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا ہے۔
درِ شہوار — ایران، افغانستان، سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا موقع۔

شہنشاہ کا فیصلہ — عہد عباسی کے بغداد کا ایک نہایت دلچسپ نتیجہ خیز افسانہ۔

The "Jauhar e-Niswan" Delhi. Regd No. L. 3418.

Regd. 1934

جوہر نسواں دہلی

جلد ۲۳ نمبر ۱
ستمبر
۱۹۳۶ء

مالک پرنٹر پبلشر
رازق الخیری
ایڈیٹر عصمت



آمنہ نازلی

فی پرچہ ۴ آنے

چندہ سالانہ تین روپیہ

کھانے پکانے کی بہترین کتابیں

عصمتی دسترخوان اوّل [illegible] ں کی ایک نمایاں خصوصیت جو اس موضوع کی اور کسی کتاب میں نہ ملے گی یہ ہے کہ تمام ترکیبیں تجربہ کرنے کے بعد لکھی گئی ہیں اس لیے ترکیبیں بالکل صحیح ہیں اور وزن بالکل درست ۔ ہندوستان بھر کے ہر حصہ کی تقریباً ۸۰ عصمتی بہنوں نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ہے اور ایڈیٹر صاحب عصمت کی اہلیہ محترمہ [illegible] صاحبہ نے بڑی محنت سے کتاب مرتب فرمائی ہے ۔ باورچی خانہ کے انتظام اور کھانے سے متعلق نہایت قیمتی ہدایات اور مضامین درج کئے گئے ہیں ایک ایک چیز کی کئی کئی قسم کی [illegible] نے کے لیے بھی عصمتی دسترخوان سے بہتر کتاب ملنی ناممکن ہے چاول [illegible] سادے اور [illegible] کے سالن ۔ مچھلی ۔ مرغ ۔ جیلی ۔ بسکٹ [illegible] ۔ حلوے ۔ چٹنیاں ۔ مربّے ۔ آچار ۔ سموسے ۔ بڑے ۔ پوری [illegible] کھانوں کی بڑی بڑی اچھی ترکیبیں ہیں اور ہر چیز کی نئی [illegible] میں موتا [illegible] دریات میں سے ہے بہت سی عورتیں [illegible] لڑکیوں کو یہ کتاب اشد ضروری سمجھ [illegible] ۹ ایڈیشن نکل گئے ۔ قیمت ۱۲/

عصمتی دسترخوان حصہ دوم عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ ہے جس میں ۱۰۰ صفحوں کے نہایت ہی کارآمد اور قابل قدر مضامین ہیں مثلاً

مشرقی مغربی کھانے ہماری خوراک اور غذا کے متعلق تحقیقی مضامین کھانے کے اصول ۔ کھانے کی حفاظت ۔ جرمنی باورچی خانہ جاپانی باورچی خانہ ۔ [illegible] ۔ ترکاریوں کے خواص ۔ کھانے کا کمرہ اناج کا صندوق ۔ ایرانی [illegible] وغیرہ ۔ ترکیبیں سب نئی اور آزمودہ ہیں اور ایک ایک چیز کی متعدد ترکیبیں ۔ عربی ایرانی ۔ ترکی جاپانی عراقی ۔ روسی ۔ اطالوی ۔ انگریزی فرانسیسی ۔ کھانوں کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۲/ عصمتی دسترخوان مکمل یعنی دونوں حصوں کی قیمت ۔ صرف

عصمتی ہنڈکلیا سوا سو کھانوں کی صحیح ترکیبیں بہنوں کے طلب کی درج کی گئی ہیں ۔ کھانے پکانے سے متعلق نہایت مفید مضامین اور کارآمد ہدایتیں بھی ہیں قیمت ۱۰/

ناشتہ دوپہر اور رات کے کھانے سے قبل صبح [illegible] ناشتے چا ۔ کوکو شربت ۔ لسی ۔ فالودہ ۔ آئس کریم ۔ بسکٹ کیک ۔ توسٹ [illegible] کی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۲/

بچوں کے کھانے ننھے بچوں کو اصول صحت سے کس قسم کی غذا دینی چاہئے کون سے کھانے مفید ہیں اور وہ کس طرح تیار ہوتے ہیں کئی درجن تجربہ کی ہوئی ترکیبوں کے علاوہ کارآمد مضامین بھی ملک کے قابل ڈاکٹروں کے لکھے ہوئے ہیں قیمت ۱۰/

بیماروں کے کھانے بیماروں کے جو کھانے حد مفید ہیں اس میں صرف انہی کی ترکیبیں ہیں اور کئی قابل تجربہ کار ڈاکٹروں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے ۔ ۸/

مذاقیہ کھانے دولہا بھائی سے نندوئی سے سہیلیوں سے مہذب مذاق کرنے کے نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت ۶/

زنانہ دستکاری کی مفید کتابیں

عصمتی کروشیا عام فہم ہدایات اور مختلف قسم کی جھالروں ۔ کونوں ۔ انسرشن ۔ ٹوپیوں وغیرہ کے خوبصورت نمونے چند عنوانات تاج محل جامع مسجد گلدان ہرن ۔ گھوڑے ۔ شیر مرغ راج ہنس بچہ مع تیر کمان ۔ گاڑی عورت سنگھا وغیرہ چوتھا ایڈیشن قیمت دو روپیہ ۲/

عصمتی کشیدہ میز پوش ۔ پلنگ پوش ۔ چادریں ۔ رومال کرسیوں کے گدے تکیہ کے غلاف وغیرہ کے کئی درجن نمونے دلکش پھول ولاویز بیلیں وغیرہ چوتھا ایڈیشن ۲/

گلدستہ کشیدہ وضع وضع کے پھول بیلیں کونے ۔ بوٹیاں چادر میز پوش گریبان کف وغیرہ کے لیے ۔ ۲۰ مشہور دستکار خواتین نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے چوتھا ایڈیشن ۲/

گلزار درخشاں کشیدہ کاری کے سو بہترین نمونے از محترمہ آر کے درخشاں ۱/

گلشن زہرا ۴۳ بیلیں ۲۰ پھول ۳۸ کونے ۱ گلے ۱۱ ٹوکریاں ۵ مرکزی یا وسطی خاکے ۷ گریبان غرض کشیدہ کے متعدد نمونے ہیں قیمت ۲/

مجموعۂ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی نئی وضع کی [illegible] پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۳۹ [illegible] قیمت ۲/

روح کشیدہ جس میں متعدد نمونے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں ۔ بیلوں گلدستوں ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت ۱/

کروشیہ کی قسمیں مختلف قسم کی کروشیہ کی عام فہم ترکیبیں اور ہدایتیں نوٹ دیدہ زیب ۲/

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب ۔ چند نمونوں کے [illegible] ۔ بطخ ۔ چڑیا سارس چوزہ ۔ مور ۔ بلی ۔ چوہا ۔ گلہری ہرن ہاتھی اونٹ شیر وغیرہ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت ۲/

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ نکالنے کا کام آجاتا ہے متعدد نمونے [illegible]

گلدستہ تارکشی مضامین اور ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں ۵۰ نمونے ہیں [illegible] ۲/

اونی کام سلائیوں سے بننگ کے بہترین نمونے ۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم ملک کے رنگین اور سادے نمونے بہت کافی ہیں دوسرا ایڈیشن قیمت ۲/

موتیوں کا کام ۴۸ پھول ۷۲ بیلیں ۲۶ جھالریں ۳ فریم ۱۱۱ انسرشن ۳ جالیاں ۹ حاشیے ۱۱ پنکھے ہینڈ اور منی بیگ ۲ پردے ان کے علاوہ متعدد اور نمونے ۔ ترکیبیں مفصل اور مکمل ۷۲ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ ۳/

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون ۔ شکوریس سلمہ ۔ گجائی ۔ موتی ستارہ وغیرہ کے کام کے ۲۲۶ نمونے دیدہ زیب ۔ مرحومہ خدیجہ بائی کی دستکاری کی یادگار ہے ۲/

چمنستان خیاطی یا سوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ جانگیے ۔ باڈی پجامہ سینہ بند قمیص ۔ زنانہ کپڑے لباس شب خوابی ۔ انڈرویر ۔ کالر کف ، بلاوز جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت ۲/

گلستان خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت ۱/

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم دلچسپ صنعت پر بیش بہا کتاب سوا سو کے قریب دیدہ زیب نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں ۔ قیمت صرف دو روپیہ ۲/

[illegible] ہیں ۔ جال ۔ سیدھے الٹے فیتے گملے پھول بیلیں ۔ گلدستے مختلف وضع کے [illegible] ستان [illegible] بار دوم قیمت دو روپیہ ۲/

[illegible] دانی کا کام کانچ کے ٹکڑہ [illegible] کام سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے ڈیڑھ سو کے قریب ہیں عمدیات ۲/

[illegible] ت بک ڈپو ۔ کوچہ چیلان ۔ دہلی

صوفیہ الف بند مغربیا

جوہر نسواں دہلی

بارھواں سال | بابت ماہ ستمبر ۱۹۴۶ء | جلد نمبر ۲۴ نمبر ۶

اطلاع اختتام سال

جن خواتین کا سال خریداری ستمبر ۱۹۴۶ء میں ختم ہوتا ہے انہیں اکتوبر ۱۹۴۶ء کا پرچہ وی۔ پی بھیجا جائے گا۔ ان کے خریداری نمبر درج ذیل ہیں۔

اُن بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپیہ سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جسقدر جلد ممکن ہو بھیج دیں جنہیں آئندہ کیلئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیجدیں اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۱۵ اکتوبر تک نہ آیا تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ انہیں وی۔ پی کا انتظار ہے لہذا اکتوبر کا پرچہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو بذریعہ وی۔ پی سوا تین روپے کا حاضر خدمت ہوگا۔ امید ہے کہ وی۔ پی کی واپسی سے جوہر نسواں کی قدرداں بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہونچائیں گی۔ (مینجر)

۵۸۴۲-۵۸۹۴-۶۳۴۱-۶۷۷۴-۷۰۲۴-۷۰۵۳-۷۳۳۵
۸۳۵۸-۸۳۵۹-۸۳۶۰-۸۳۶۶-۸۳۷۶-۸۳۸۰-۸۳۸۲
۸۳۸۳-۸۳۸۳-۸۳۸۴-۸۳۸۸-۸۳۸۹-۸۳۹۰-۸۳۹۱
۸۳۹۲-۸۳۹۷-۸۳۹۹-۸۴۰۰-۸۴۰۷-۸۴۰۹-۸۴۱۱
۸۴۱۳-۸۴۲۰-۸۴۲۳-۸۴۳۳-۸۸۶۶-۸۸۷۵-۸۸۸۰
۸۹۴۳-۸۹۴۶-۸۹۵۰-۹۱۹۱-۹۲۳۳-۸۲۵۴-۹۴۰۳
۹۴۳۹-۹۴۴۸-۹۴۶۱-۹۴۶۲-۹۴۶۷-۹۴۶۸-۹۴۷۱
۹۴۷۶-۹۴۷۷-۹۴۷۹-۹۴۸۰-۹۴۸۱-۹۴۸۴-۹۴۸۶
۹۴۸۸-۹۴۸۹-۹۴۹۱-۹۴۹۲-۹۴۹۳-۹۴۹۴-۹۴۹۵
۹۴۹۶-۹۵۰۱-۹۵۰۲-۹۵۰۳-۹۵۰۵-۹۵۰۶-۹۵۰۷
۹۵۰۸-۹۵۰۹-۹۵۱۰-۹۵۱۱-۹۵۱۳-۹۵۱۴-۹۵۱۵-۹۵۱۶
۹۵۱۷-۹۵۱۸-۹۵۱۹-۹۵۲۰-۹۵۲۱-۹۵۲۲-۹۵۲۴-۹۵۲۵
۹۵۲۷-۹۵۲۸-۹۵۲۹-۹۵۳۰-۹۵۳۶-۹۵۳۷-۹۵۳۸-۹۵۳۹ ص

ص ۹- ۹۵۴۰-۹۵۴۲-۹۵۴۳-۹۵۴۷
۹۵۴۸-۹۵۵۰-۹۵۵۱-۹۵۵۲-۹۵۵۳-۹۵۵۴
۹۵۵۷-۹۵۵۸-۹۵۶۱-۹۵۶۲-۹۵۶۳-۹۵۶۵-۹۵۶۶
۹۵۶۹-۹۵۷۲-۹۵۷۸-۹۶۹۰-۱۰۳۷۳ (۹۹۱۱۵)

باہتمام رازق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر عصمت کوچہ چیلاں دریا گنج دہلی سے شائع ہوا۔

خیاطی


فراکیں



ان فراکوں کا تیار کرنا مشکل نہیں نقشہ سامنے رکھکر تیار کیجئے۔ اس قسم کی فراکوں کی ترکیبیں پچھلے پرچوں میں تشریح کے ساتھ آچکی ہیں




مس مہرالنساء بیگم شیخ




تکیہ کا غلاف

لٹھے یا پاپلین وغیرہ کا غلاف بنا کر سنہری یا پیلی ریشم سے چاند تارے کا ٹکڑا بٹن ہول اسٹیچ کے ذریعہ سی لیجئے Good Night ریشم سے کاڑھئے گا بعد تیاری کے کناروں پر پنچ سوراخ سے ہیم کر لیجئے




پلنگ پوش

حسب پسند رنگ کے تاگوں سے کاڑھئے اطراف بہار لگائی جائے گی




مس زہرہ غلام محمد شیخ


فٹ کاٹ جمپر



حسب مرضی کپڑا ایک بدن سے ناپ کر کے نمبر (۱) کی طرح چار تہہ کر کے تراشئے۔ آستین نمبر (۲) کی طرح کاٹئے کر اول گھیر دو انچ موڑ کر سی لیجئے۔ بعد آستین لگائیے کندھے پر چپٹ رہے گی جو نقشہ سے عیاں ہے کف کلائی سے ناپ کر چسپت رکھئے اور گوٹ لگا کر بٹن کی جگہ کپڑے کی پٹی کے دو تسمہ لگائیے۔ پہننے کے بعد بو کی طرح باندھ لیجئے اسی طرح کالر میں ایک گز لمبی پٹی پچھلی طرف سے سی لیجئے پہننے کے بعد اس کی بھی بو باندھی جائے گی گلا سامنے سے کھلا رکھ کر کپڑے کی گوٹ لگا دیجئے اور بٹن لگائیے


اب سب طرف سے تیپر سی کر چاک کھلے رکھئے اور پچھلے حصہ میں دو پلیٹیں ڈالئے اور اگلے میں چار کر ایسا نشان پلیٹ کو ظاہر کر رہا ہے۔ پلیٹ کا رخ اندر رہے گا۔






یاد رکھئے کہ یہ پلیٹیں اس لئے ہیں کہ جمپر بدن پر چسپت بیٹھے پہن کر دیکھ لیجئے اگر کم ضرورت ہو تو پلیٹیں پتلی ڈالیں۔

بہت آسان جمپر ہے فوراً تیار ہو جائے گا



غویر فاطمہ


تکملہ
کشیدہ کاری
بہنیں چادر کے وسط
میں حسب پسند رنگوں
سے
یہ گلدستہ بنائیں
رئیس جہاں بیگم

چند پھول

حسب ضرورت چیزوں پر کاڑھیے۔
رنگ اپنی مرضی کے مطابق

ایم ۔ ایس راولپنڈی



خوبصورت پھول






انگور کا خوشہ

درمیانی خاکہ



یہ درمیانی خاکہ جمپر کے گھیر میں یا فراک کے گھیر پر اور تکیہ وغیرہ پر بنائیے۔ ہلکے رنگ کے ریشم سے اچھا معلوم ہوگا

مسز مہربان حسین


پھول
پتیاں ہلکی سبز
پھول ہلکے زرد
پتیاں سبز
پھول عنابی

چائنا ڈزائن

ترکیب پھول سے عیاں ہے پھول کے بیچ میں فرنچ ناٹ بنائیں۔
حسب پسند ہلکے شیڈ دار رنگ استعمال کریں۔
نوٹ :۔ یہ نمونہ ایک چائینز میز پوش سے اتارا گیا ہے۔



آنسہ ثروت عظمیٰ

کاڑھنے کا طریقہ

جدید کڑہت

یہ زیادہ تر ننھے ننھے پھول پتیاں کاڑھنے میں کام آتی ہے اسے ولیسی کڑہت یا جدید کڑہت کہتے ہیں انگریزی میں لیزی ڈیزی اسٹچ۔ یہ اسٹچ چین سے ملتا جلتا ہے۔ دھاگہ۔ کپڑے کے مناسب موزوں استعمال کرنا ہوگا۔ یہ کام اُون سے بھی بنتا ہے مگر اُونی اشیا پر اور دوسرے کپڑوں پر D.M.C دھاگہ استعمال میں لائیں۔ اگر سلک یا واٗل جیسی چیزوں پر کام بنانا ہے تو باریک دھاگہ مناسب رہیگا۔ ذیل میں ایک میز پوش کا کونہ دے رہی ہوں ساتھ ہی بنانے کی ترکیبیں بھی۔


ابتدا پہلے نمبر (۱) کی طرح پتی کی نچلی نوک میں سوئی ڈال کر پھر سوئی ٹانکے کی جگہ میں چین اسٹچ کی طرح دوبارہ گذارو۔ اب نمبر (۲) کی مطابق نیچے سے سوئی پتی کی مانند میں اوپر سے نکالو جس طرح چین کا پھندا ڈالا جاتا ہے اسی طرح سوئی دھاگہ میں سے نکالیں نمبر (۳) ٹانکہ لگا کر دوسری پتی کی نوک میں سے نکالیں اسی طرح سارے پھول کو پورا کیا جائے گا۔ زیرہ فرینچ ناٹ سے یا کشیدہ سے بنائیں پتیوں کو بھی جدید کڑہت سے باقی بڑی بڑی پتیاں کشیدہ کی جائیں۔ اس کونہ کو ٹی کوزی تکیہ غلاف پر بھی بنا سکتی ہیں۔ یہ ہی خاکہ سنگر مشین اور چکن کاری سے تیار کریں تو بھی خوب رہیگا (چین بنانے کا طریقہ نومبر ۱۹۴۵ء کے پرچہ میں ملاحظہ ہو) یقین ہے جوہری بہنیں جدید کڑہت بآسانی تیار کر سکیں گی۔



جدید اسٹچ کی زیادہ تشریح کے لئے چین اسٹچ کاڑھنے کا طریقہ نومبر ۴۵ء کے پرچے میں دیکھیں

اپیک ورکس

شلوار کے پانچوں کے لئے تتلی کی حسین بیل اپیلک ورک سے بنائیں بالکل قدرتی معلوم ہوگی۔



ایک بہن

جدید کڑھت میں

'میز پوش کا کونہ'



زہرہ غلام محمد


جالی اور چکن کاری کا
نمونہ



اصغری خاتون

شٹل ورک

کام کرنے کا طریقہ




اشیا۔ شٹل۔ کروشیا۔ یا پن د ھاگہ


شٹل مختلف ناپ کی ہوتی ہیں اسمیں ۳ ر انچ کی شٹلیں معمولی کام کے لئے بہترین ہے دھاگہ کا استعمال چیزوں پر ہے زیبائش کے لئے موتی ستارے بھی ڈالے جاتے ہیں۔ اب میں اسمیں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ شٹل سے کام کیسے بنتا ہے۔

آپ کو تعجب تو ضرور ہوگا کہ کروشیا یا پن سے کیا اور کونسا کام بنے گا تو سنئے۔


کروشیا یا پن سے مطلب ہوگا کہ ضرورت کے وقت پھندہ کو الٹ سکیں۔



کام کرنے کا طریقہ




شٹیل کے سوراخ میں دھاگہ پرو کر گانٹھ ڈالیں اور دھاگہ دونوں پتوں کے درمیان لپیٹ لیں۔ یہ خیال رہے کہ دھاگہ کو لپیٹنے سے شٹیل کے پتے ٹوٹ نہ جائیں۔ ایک دفعہ میرے ہاتھ سے بھی شٹیل دھاگہ زور سے لپٹنے سے ٹوٹ گیا۔ اس کا ضرور خیال رکھا کریں۔ یہ شٹیل ہاتھی دانت اور ہڈی کے ہوتے ہیں جو آجکل ناپید ہیں۔



بنت:۔ اس کی بنت Batton Holest کاج کے ٹانکہ کی مانند ہوتی ہے۔

ہاں تو شٹیل میں دھاگہ ڈالنے کے بعد دائیں ہاتھ میں شٹیل اور دھاگہ شٹیل کا بائیں ہاتھ کے دھاگے کے درمیان میں سے لیکر بنانا شروع کریں دیکھئے نمبر ۲۔



جب دھاگہ کو ڈھیلا کرنا ہو تو اکھٹے سے جس طرح کروشیا کا کام کرتے وقت دھاگہ کھینچا جاتا ہے اسیطرح جھٹکہ دیکر پیچھا کھینچیں یہ جھٹکہ شٹیل کے دھاگہ پر سے ہوتا ہوا بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر سے دھاگہ کو پھندا بنائے گا۔ اسی طرح سے پھندے بنینگے دیکھئے نمبر ۲ اور نمبر ۳ دھاگہ شٹیل کا پھندوں کی تہ میں سے نکلتا رہے۔

جب بھی شٹیل کا دھاگہ سیدھا کھینچیں تب بائیں ہاتھ کی دوسری انگلی اوپر اٹھائیں تاکہ پھندا اپنی جگہ پر ٹھیک رہے یہ خیال ہونا ضروری ہے کہ پھندے شٹیل کے دھاگہ پر بنتے رہیں۔

ڈبل اسٹیچ


دوہرے پھندے۔ پہلے پھندا بنائیں اور دوسرے پھندے کے لئے شٹیل کو بائیں ہاتھ کے درمیانی دھاگہ میں سے پہلی اور دوسری انگلیوں کے درمیان گذاریں یعنی شٹیل کے سامنے والے دھاگہ کی طرف دیکھئے نمبر ۴ دو پھندے لگانے کے بعد دھاگہ ڈھیلا کر کے پھر دو پھندے نکالیں۔ اسی طرح سارا کام بنے گا۔

سنگل یا ڈبل پھندوں میں موتی یا تارے بھی ڈال سکتی ہیں دیکھئے نمبر ۵ موتیوں سے بنا ہوا کام ——۔ آیا سمجھ میں؟ پہلی بار سمجھ میں نہ آئے تو دوبارہ پڑھکر غور کرنے سے کام بنانے میں کوئی دقت نہ رہے گی۔

مہر النساء غلام محمد

اُونی کام سلائیوں سے

کوٹ نما سویٹر
بچوں کے لئے



یہ ایک بغیر آستین کے ۴ سے ۶ سال کی بچیوں کیلئے بیحد خوبصورت اور آرام دہ لباس ہے۔ جس میں بچے کے کندھے بازو اور نصف بدن ڈھکا رہتا ہے۔ یہ کوٹ میں نے اپنی بچی کے لئے ایک انگریزی کتاب سے دیکھ کر بنایا ہے۔ اب ضروری ردو بدل کے بعد اپنے طور سے لکھکر جوہر نسواں میں شائع ہونے کے لئے بھیجا۔ امید ہے کہ آئندہ بھی جوہری بہنوں کی خدمت کرنے کا فخر حاصل کروں گی انشاء اللہ

سامان

۱۶ اونس اُون تین تاروالی اچھی قسم کی رنگ حسب پسند

۲ عدد سلائی ٹوپی دار نمبر ۸ تقریباً ڈیڑھ فٹ لمبی

فرہنگ سیدھا = سادہ - الٹا اُون آگے کر کے بننا - بل والا جوڑہ = اُون آگے کر کے ادو خانے سلائی پر ڈال کر بننا۔ یعنی سوراخ ڈالنا۔ سادہ جوڑہ = دو خانوں کو ایک جگہ بننا - بریکٹ = (——)

سلائی پر ۲۶ خانے ڈالیں اور پہلی ۱۳ سلائیاں ساری سیدھی یعنی کہ سادی کریں

۱۴ ویں لائن = ۱۲ سیدھے - باقی سب الٹے (پرل Purl) جب ۱۲ خانے باقی رہ جائیں تو پھر سیدھے بنیں

۱۵ ویں لائن ۱۴ سیدھے × بل والا جوڑا - ۲ سیدھے پھر نشان × سے اسی طرح کرتی جائیں حتیٰ کہ باقی ۱۳ خانے رہ جائیں۔ ان سے سیدھے بنیں

۱۶ ویں لائن چودھویں لائن کی طرح بنیں۔

۱۷ ویں لائن ۔ ۱۵ سیدھے × بل والا جوڑہ - ۲ سیدھے پھر نشان × سے اسی طرح کرتی جائیں تاکہ ۱۴ خانے رہ جائیں۔ ان سے سیدھا بنیں ۱۸ ویں لائن ۱۴ ویں لائن کی طرح بنیں۔

۱۹ ویں لائن ۔ ۱۹ سیدھے × بل والا جوڑہ ۲ سیدھے اسی طرح بنتی جائیں اور باقی ۱۳ خانے سیدھے بنیں۔

۲۰ ویں لائن - ۱۲ سیدھے باقی الٹے اور آخری ۱۲ خانے سیدھے بنیں

۲۱ ویں لائن - ساری سیدھی بنیں پھر ۲۰ ویں اور ۲۱ ایک ایک مرتبہ پھر سے کریں × × اب نشان × × سے نشان × × تک پانچ مرتبہ کریں - پانچ مرتبہ ایسا بن چکنے کے بعد شانے کا کام اس طرح شروع کریں -

پہلی لائن ساری سیدھی بنیں -

دوسری لائن = ۱۲ سیدھے × ۲ سیدھے - سادہ جوڑہ × پھر نشان × سے نشان × تک کرتی جائیں اور آخری بارہ خانے سیدھے بنیں - تیسری لائن سادی بنیں -

چوتھی لائن = × ۲ سیدھے - سادہ جوڑہ × اسی طرح بنتی جائیں - آخری چھ سیدھے بنیں - پانچویں لائن ساری سیدھی بنیں

چھٹی لائن = ۲۹ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۱۶ سیدھے) بریکٹ کے اندر والی بنائی کا کام تین مرتبہ کریں - پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے سادہ جوڑہ -

(۱۶ سیدھے - سادہ جوڑہ) بریکٹ کے اندر والی بنائی کا کام تین مرتبہ بنیں باقی ۲۹ خانے رہ جائیں گے انہیں سیدھا بنیں -

ساتویں لائن - ساری سیدھی بنیں -

آٹھویں لائن = ۲۸ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۱۵ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے سادہ جوڑہ (۱۵ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں اور باقی ۲۸ سیدھے بنیں - نو لائن ساری سیدھی بنیں

دسویں لائن - ۲۷ سیدھے (سادہ جوڑہ ۱۶ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں - پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۱۶ سیدھے سادہ جوڑہ) یہ بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں باقی ۲۷ سیدھے بنیں -

۱۱ ویں لائن - ساری سیدھی بنیں -

۱۲ ویں - ۲۶ سیدھے (سادہ جوڑہ ۱۳ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے سادہ جوڑہ (۱۳ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ کریں اور باقی ۲۶ خانے سیدھے بنیں - ۱۳ ویں لائن = ساری سیدھی بنیں -

۱۴ ویں - ۲۵ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۱۲ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں - پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۱۲ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں باقی ۲۵ سیدھے بنیں - ۱۵ ویں لائن - ساری سیدھی بنیں -

۱۶ ویں لائن - ۲۴ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۱۱ سیدھے) بریکٹ والی بنائی سات مرتبہ بنیں اور باقی ۲۴ سیدھے بنیں - ۱۷ ویں لائن ساری سیدھی بنیں - ۱۸ ویں لائن = ۲۳ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۱۵ سیدھے) یہ بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں - پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۱۵ سیدھے - سادہ جوڑہ) یہ بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں اور باقی ۲۳ خانے سیدھے بنیں - ۱۹ ویں لائن - ساری الٹی بنیں

۲۰ ویں لائن = ۲۲ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۹ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ کریں پھر سادہ جوڑہ - ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۹ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ کریں - باقی ۲۲ سیدھے بنیں - ۲۱ ویں لائن - ساری سیدھی کریں -

۲۲ ویں لائن - ۲۱ سیدھے (سادہ جوڑہ ۸ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۸ سیدھے - سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں باقی ۲۱ سیدھے بنیں - ۲۳ ویں لائن - ساری سیدھی بنیں -

۲۴ ویں لائن = ۲۰ سیدھے (سادہ جوڑہ ۷ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ (۷ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ کریں - باقی ۲۰ سیدھے بنیں - ۲۵ ویں لائن ساری سیدھی بنیں -

۲۶ ویں لائن: ۱۹ سیدھے۔ (سادہ جوڑہ - ۶ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ - ۱۱ سیدھے - سادہ جوڑہ، ۶ سیدھے سادہ جوڑہ پر بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں اور باقی ۱۹ سیدھے بنیں ۲۷ ویں لائن ساری سیدھی بنیں - ۲۸ ویں لائن: ۱۸ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۵ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے سادہ جوڑہ (۵ سیدھے - سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں باقی ۱۸ سیدھے بنیں - ۲۹ لائن: ساری سیدھی بنیں -

۳۰ ویں لائن: ۱۷ سیدھے (سادہ جوڑہ - ۴ سیدھے) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ بنیں پھر سادہ جوڑہ ۱۱ سیدھے سادہ جوڑہ (۴ سیدھے سادہ جوڑہ) بریکٹ والی بنائی تین مرتبہ کریں۔ باقی ۱۷ سیدھے بنیں: ۳۱ ویں لائن ساری سیدھی بنیں

۳۲ ویں لائن × ۴ سیدھے - بل والا جوڑہ - سادہ جوڑہ × پھر از نشان × سے نشان × تک اسی طرح بنتی چلی جائیں اور آخر میں سات سیدھے بنیں -

۳۱ ویں - ۳۲ ویں - ۳۳ ویں - ۳۴ ویں - ۳۵ ویں لائنیں ساری کی ساری سیدھی بنا کر بند کر دیں -

اب سب تیار ہے اب اسی اُون سے یا کسی دوسرے رنگ کی اُون سے ایک گز لمبی رسی بنا لیں ایک طرف پھندہ باندھ لیں اور دوسری طرف سے گلے کے سوراخوں میں ڈال لیں اور پھر دوسری طرف بھی پھندنا باندھ لیں - بہتر ہوگا اگر گلے کی پٹی پر تیار بٹنوں والی بک لگا دی جائے - اب کوٹ کو میز پر اُلٹا بچھا کر اور اس کے اوپر گیلا کپڑا رکھ کر پریس (استری) کر دیں اب کوٹ بالکل مکمل ہو گیا ہے -

بیگم خواجہ عبدالعزیز

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر ضرور لکھئے پرچہ نہ ملنے کی اطلاع فوراً کر دینی چاہئے - مینجر

اُونی کام سلائیوں سے سوئٹر میں بیل

(بیل میں سب بناوٹ سیدھے پھندوں کی)

اشیاء

اُون تین رنگ کا (حسب پسند) اُون زیادہ موٹی نہ ہو - مثلاً زمین سفید پھول سُرخ - ڈال سبز بیل ڈالنے کے لئے بناوٹ حسب پسند بنئے -

بناوٹ

سفید رنگ کی بارڈر بننے کے بعد چار لائن سیدھے پھندے بنئے بعد میں سُرخ اور سبز اُون سفید اُون میں جوڑ لیں پہلی لائن: سات پھندے سفید ایک سرخ چھ سفید پانچ سبز چھ سفید ایک سرخ سات سفید دوسری لائن: چھ سفید تین سرخ - چار سفید - دو سبز

تین سفید دو سبز۔ چار سفید۔ تین سرخ۔ چھ سفید

تیسری لائن۔ پانچ سفید۔ پانچ سرخ۔ دو سفید۔ دو سبز۔ پانچ سفید دو سبز ۲ سفید۔ پانچ سرخ۔ پانچ سفید۔

چوتھی لائن۔ تین سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ نو سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید پانچ سرخ ایک سفید ایک سرخ۔ تین سفید

پانچویں لائن۔ دو سفید۔ تین سرخ۔ ایک سفید تین سرخ۔ ایک سفید۔ تین سرخ۔ سات سفید۔ تین سرخ۔ ایک سفید تین سرخ۔ ایک سفید تین سرخ۔ دو سفید۔

چھٹی لائن: ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ پانچ سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔

ساتویں لائن: سات سرخ۔ ایک سفید۔ ۷ سرخ تین سفید۔ ۷ سرخ۔ ایک سفید۔ سات سرخ۔

آٹھویں لائن: ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ پانچ سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔

نویں لائن: دو سفید۔ تین سرخ۔ ایک سفید۔ تین سرخ۔ ایک سفید۔ تین سرخ۔ سات سفید۔ تین سرخ۔ ایک سفید تین سرخ۔ ایک سفید۔ تین سرخ دو سفید۔

دسویں لائن۔ تین سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ نو سفید۔ ایک سرخ۔ ایک سفید۔ پانچ سرخ۔ ایک سفید۔ ایک سرخ۔ تین سفید۔

گیارھویں لائن۔ پانچ سفید۔ پانچ سرخ ۲ سفید۔ دو سبز ۵ سفید۔ دو سبز۔ دو سفید۔ پانچ سرخ۔ پانچ سفید۔

بارھویں لائن۔ چھ سفید۔ تین سرخ۔ چار سفید دو سبز۔ تین سفید۔ دو سبز۔ چار سفید۔ تین سرخ۔ چھ سفید۔

تیرھویں لائن: سات سفید ایک سرخ۔ چھ سفید پانچ سبز۔ چھ سفید۔ ایک سرخ۔ سات سفید۔

بعد دو چار سلائیاں سادے پھندے کی بنا کر بناوٹ شروع کیجیے۔

نوٹ:۔ جن بہنوں کو اب بھی سمجھ میں نہ آیا ہو میرے پاس اون روانہ کر دیں نمونہ تیار کر کے بھیج دونگی۔


مسز قریشی بھانپوری نیمچ چھاؤنی

بھٹے کے چھلکوں کی دستکاری ورق بیگ اور ٹیبل لیمپ

ن بو- تا ـب کی توجہ میں ایک عجیب و غریب دستکاری کی طرف مبذول کرتی ہوں جو بے دانموں صرف محنت ور بہت مار سے خوبصورت ، کارآمد چیزیں دے سکتی ہے ۔

بھٹے جن کو پنجاب میں کُکڑی اور شملہ پر چھلی اور یو۔پی میں "بھٹے" یا "بھٹیاں" کہا جاتا ہے، ممکن ہے دوسرے شہروں میں کوئی اور نام ہو۔ بہرحال مکا کے بھٹے کے اوپر کا وہ چھلکا جو اس کا غلاف ہوتا ہے ڈاڑھی نہیں۔ اس کو جمع کرکے قینچی سے لمبان کی جانب سے ایک ٹکڑا نکالکر اس کے سرے نکال لے اور ایسے گوندھ لیجئے جیسے چوٹی گوندھی جاتی ہے جب آخری سرا نزدیک ہو سوئی کے ذریعہ دوسرا ٹکڑا اسی جسامت کا جوڑ لیجئے اس طرح بہت لمبی ڈوری سی چوٹی گوندھ کر بنا لیجئے۔ درمیان میں جو نوکیں وغیرہ نکل آئیں ان کو صفائی کے ہاتھ قینچی سے تراش تراش کر علیحدہ کرتی جائیے چوٹی کہیں سے پتلی اور کہیں سے چوڑی نہ ہو ایک سی بنتی جائے اس

جسطرح بیگ بنایا گیا ہے بالکل اسیطرح لیمپ بنے گا



کا بنانا بالکل دشوار نہیں بچے بھی آرام سے گوندھ لیتے ہیں جب کئی گز لمبی ڈوری بن جائے تو کام شروع کیجئے فرض کیجئے آپ کو بیگ بنانا ہے تو ایک سرا لیکر اس کے اطراف سوئی اور دھاگے سے اس ڈوری کو ملاکر باریک ٹانکوں سے ٹانک لیجئے اور اسکو گھما کر دوسری طرف لے آیئے دیکھئے شکل نمبر (۱) جب تہ بن جائے تو باڑھ بنایئے اور اسی طرح بنایئے کہ بیگ دونوں طرف سے


(۱)

بنتا جائے۔ دیکھئے تیار شدہ بیگ کوئی خاص ترکیب نہیں سوئی میں مضبوط دھاگہ ڈال کر پاس پاس مضبوط اور نامعلوم ٹانکے لگائی جائیں ایک ہی سلسلہ میں بیگ کا ہینڈل وغیرہ سب بنا لیجئے۔

دوسرا نقشہ ٹیبل لیمپ کا ہے لیمپ علیحدہ بنے گا اور اس کا شیڈ الگ۔

زیادہ خوبصورتی کے لئے کچھ ڈوری خوبصورت رنگوں میں رنگ لیجئے اور موقعہ موقعہ سے لگائی جایئے سرخ ہرے کیلے اور نا موزوں رنگ ہوں ورنہ برا معلوم ہوگا

بیٹھنے کے چھلکوں کی حسین دستکاریاں ریشے سے تعلق رکھتی ہیں جس کے نمونے ہیں کردوں تو ایک گاہ جوہر نسواں کی جلدی تہ ہو سکے گا ایک دستی بیگ اور ٹیبل لیمپ کا نقشہ پیش خدمت ہے ان سے آپ کو اس کام کا تیار کرنا آ جائے گا اور بہت سی چیزیں خود تیار کر سکیں گی۔ خاصدان۔ ٹوکری پھولوں کی ڈلیا۔ گلدستے۔ عطردان۔ قلمدان



بٹوے وغیرہ بہت عمدہ معلوم ہوتے ہیں۔

میرے یہاں زنانہ صنعتی نمائش میں اس دستکاری پر زبیدہ خاتون صاحبہ کو اول انعام طلائی تمغہ دیا گیا ہے حقیقت میں بیکار چیزوں کو کام میں لانا سگھڑ عورتوں ہی کا کام ہے۔

مجھے امید ہے کہ بہنیں اس کا تیار کرنا سمجھ گئی ہوں گی اگر اب بھی سمجھ میں نہ آئے تو تیار شدہ چیزیں منگوا کر سمجھ سکتی ہیں پتہ: ایڈیٹر جوہر نسواں معرفت دفتر جوہر نسواں دہلی کافی ہے۔

(۳) اس طرح پتے کے چھلکے کو قطع کیجئے

(۲)

(۱)

غدیر فاطمہ

دستکاریاں

دستکاری کے یہ معنی نہیں ہیں کہ انسان دن رات مغز مارے اور دیدہ ریزی کرکے چند پھول کاڑھ لے دو ایک کروشیا کی بیلیں بُن لے یا مشغلہ کے طور پر سوئٹر، موزے، ٹوپیاں بنائے۔ جہاں تک دیکھا گیا ہے آجکل دستکاری کا معیار یہی ہو کر رہ گیا ہے اور ان چیزوں سے ہر لڑکی کچھ نہ کچھ ضرور واقفیت رکھتی ہے، نازک نفیس چیزیں نہ سہی ضروریات کی چیزیں نہ سہی بھدے گل بوٹے اور ایسی کم اشیاء ہی بالیقین جنکی زندگی میں کبھی بھی ضرورت نہیں پڑتی لیکن تکمیل شوق تو ہو ہی جاتا ہے کسی طرح سہی۔

والدین کو چاہئے کہ لڑکوں کی طرح اپنی لڑکیوں کے مستقبل پر بھی نظر رکھیں اور انہیں اس قابل بنا دیں کہ وہ برے دنوں میں اپنی گرتی ہوئی زندگی سے بھاگنے کی بجائے اسے سنبھال لیں۔

خدا کا شکر ہے اب مسلمان خواتین میں تعلیم کا چرچا ہے لیکن تعلیم یافتہ لڑکیوں میں سے نوے فیصدی لڑکیوں کی تعلیم محض فضول ہے کیونکہ انہیں اس سے استفادہ کرنے کے ذرائع اور مواقع میسر نہیں ہیں اور ہنر حاصل کرنا تو گویا لڑکیوں کیلئے عار ہے اسلئے کہ یہ بے داموں کی لونڈیاں روٹیاں پکانے برتن مانجھنے جھاڑو دینے کے سوا کچھ نہ کر سکیں اللہ ہم دل کھول کر انپر ظلم ڈھائیں ہر طرح کا جائز اور ناجائز برتاؤ کریں اور انہیں اپنا دستِ نگر بنائے رکھیں۔

میں آج دستکار بہنوں سے یہ کہنا چاہتی ہوں کہ وہ اپنی ان چھوٹی چھوٹی دستکاریوں کو ایک مستقل ہنر کی صورت دیکر اپنا پیشہ بنائیں اور اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھانے میں شرم یا ہتک محسوس نہ کریں۔ آخر میں اپنے بھائیوں سے ملتجی ہوں کہ وہ اپنی بہنوں کی کچھ کرنے کی صلاحیتوں میں روڑے اٹکانے کے بجائے انہیں زندگی کے نشیب و فراز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانے میں معاون ثابت ہوں۔

لڑکیوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ اگر انہیں عزت اور اطمینان سے زندگی گذارنا ہے تو محض تعلیم ان کے لئے مفید نہیں ہو سکتی جب تک ان کے ہاتھ میں ہنر نہ ہو۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہر لڑکی سلیقہ شعار ہو اور مختلف قسم کی دستکاریاں جانتی ہو نہ صرف جانتی ہو بلکہ ان کی ماہر ہو اور اس کے ہاتھ کا کام جو دیکھے خوش ہو جائے۔

سیدہ اشرف

مرد برائے صحتِ جلد ریکسونا استعمال کرتے ہیں

THE NEW Rexona MEDICATED SOAP

Rexona

جھاگ سے لبریز خوشبو سے معطر

ایسی رائے جلدی قائم نہ کیجیے کہ ریکسونا صرف مستورات ہی کی خوبصورتی کیلئے ہے۔ میڈیکیٹیڈ صابن ہر اس فردو بشر کیلئے نہایت مفید ہے جو کہ صحتِ جلد کا خواہشمند ہے۔ یہ ایک نہایت عمدہ قسم کا صابن ہے جو کہ جسم کو قوت، تروتازگی اور راحت بخشتا ہے اس کے استعمال کا لطف خاصکر مرد ہی اٹھاتے ہیں

سب سے بڑا فائدہ اس عمدہ مسرور اور دودھاگ پیدا کرنے والے صابن کا یہ ہے کہ اس میں حفظانِ صحت کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے مضر جراثیم کو ہلاک کرنے والی اور کرنے والی بدن کو فرحت دینے والی کیڈا ارل نام دوائی آمیزش کی گئی ہے جسے ریکسونا کی سب جلد ہی اور بہت پیدا ہونے والی جھاگ جلد کے ہر مسام تک پہنچاتی ہے اور خاصکر ان اجزاء سے جہاں عام طور پر جلد کو ضرب پہنچا کر مہلک بیماریاں یعنی کھجلی وغیرہ عیب داغ پیدا ہونے لگتے ہیں اس طرح سے آپکا سارا بدن گندی بیماریوں سے محفوظ اور تروتازہ رہتا ہے

آپ اس سے بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ کس قدر آسانی اور بہت جلدی ریکسونا کے باقاعدہ استعمال سے جلد کی صحت درست کی جاسکتی ہے اور اسے ہر طرح سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے اس لئے ایسے سر اور زود جھاگ دینے والے ادویات سے مرکب صابن کو آج ہی سے فوراً عمل میں لائیں اور اس کے استعمال کو جاری رکھیں۔

نوٹ:۔ ایک نقطہ خاص قابل ذکر ہے کہ جلد کی صحت پر ہی خوبصورتی کا انحصار ہے اور ہر مرد کو اپنے بدن کی جلد کو عمدہ اور محفوظ رکھنے کا اتنا ہی حق حاصل ہے جو کہ ایک عورت کو۔

ریکسونا بچے کیلئے:۔ سبھی ریکسونا جو کہ ماں استعمال کرے بچہ بھی کرے اس کی جھاگ بدن کے مضر جراثیم سے محفوظ رکھتی ہے بچوں کو غسل کراتے وقت ریکسونا کا استعمال فرمائیں تاکہ وہ بچے کے نازک جلد کو ٹھنڈک پہنچائے اور رات ہر طرح کی کھجلی دھاریاں اور سوزش سے بچائے رکھے۔

★ کیڈاکل ریکسونا میں ایک خاص قسم کی جراثیم کش آرام دہ اور تقویت دہ تیلوں کا مرکب ہے جو کہ جلد کی صحت کو برقرار رکھنے میں ایسا خاص اثر رکھتا ہے کیڈاکل کے جلد کو تندرست اور مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے فوائد کو بڑے بڑے ماہران سائنس نے تسلیم فرمایا ہے اور اس کے ہر روز کے استعمال کو ترجیح دی ہے

ریکسونا مرہم کا استعمال کیجیے:۔ درد، دوں، سوزش، پھوڑے، داد، ناسور، مہاسے، پھنسے، جلن اور دوسری تمام جلدی امراض کیلئے۔ گو مال کی کمی ہے مگر پھر بھی تھوڑی دیر میں تاجروں سے دستیاب ہو سکتی ہیں۔

OINTMENT

RP 28-83 UD REXONA PROPRIETARY LIMITED

باورچی خانہ

کراچی حلوہ سوہن

اشیاء ۔ چینی ایک سیر۔ پانی ایک سیر۔ نشاستہ گندم ایک پاؤ۔ گھی ایک پاؤ ۔ جوزرد، ۶ ماشہ۔ جائفل ۲ عدد ۔ میٹھا زرد رنگ۔ پستہ ۔ مغز بادام حسب ضرورت ۔ الائچی خورد تین ماشہ۔ گوند کتیرا ۳ ماشہ۔ ٹاٹری معمولی سی (ترکیب)

۱۲ چھٹانک پانی میں ایک سیر چینی ملا کر چولہے پر رکھ دیں ... جوتری کا سفوف کر لیں ... پانی میں نشاستہ حل کر لیں جیسا کہ پکوڑیوں کیلئے بیسن گھولا جاتا ہے۔ رنگ کو تولہ بھر پانی میں گھول لیجیے ۲ چھٹانک پانی میں گوند کتیرا حل کر لیجیے کہ ایک جان ہو جائے پھر اسمیں جائفل جوتری کا سفوف ملا دیجیے جب چینی چولھے پر پانی میں حل ہو جائے تو ٹاٹری ڈالدیں اور جو میل وغیرہ آئے اُسکو اتارتی رہیں پھر گوند کتیرا ملا دیں جب اچھی طرح مل جائے تو باقاعدہ چمچہ چلاتی رہیں جب ایک جوش آجائے تو نشاستہ ملا دیں ۔ اب قوام سخت ہونا شروع ہوگا زور سے چمچہ چلاتی رہیں اور ساتھ ہی رنگ بھی ملا دیں قوام بہت ہی سخت ہو جائیگا تو ایک چمچہ گھی ڈالکر گھونٹنا شروع کریں جب گھی جذب ہو جائے تو دوسرا چمچہ گھی ڈالدیں۔ اسی طرح کرتی رہیں جب گھی جذب ہونا بند ہو جائے تو پستہ، بادام، الائچی وغیرہ ملا دیں ۔ اور تھالوں میں اُلٹ کر ٹھنڈا ہونے پر کاٹ لیں۔ یا ٹین کے ڈبوں میں بھر لیں لیکن ڈبوں میں نیچے اوپر سوکھے پتے رکھ دیں۔ یہ حلوہ دیر تک خراب نہیں ہوتا۔

نوٹ: ۔ آگ برابر لگی رہے اور چمچہ آخر تک چلتا رہے تاکہ تہ میں لگ نہ جائے تھوڑی سی لاپرواہی سے حلوہ خراب اور بدمزہ ہو جاتا ہے۔ نشاستہ کا خاص خیال رکھیں کہ وہ اچھی طرح حل ہو جائے کسی قسم کی پھٹکی نہ رہے۔ گوند کو بھی پانی میں اچھی طرح پھولنے دیں اور قوام میں خوب ملائیں کہ ایک جگہ جم نہ جائے میوہ حسب پسند ڈالئے رنگ زیادہ نہ ہو ورنہ حلوہ سیاہ ہو جائیگا۔ بادامی رنگ رہے۔ ٹاٹری ڈالنے کا مقصد صرف میل چھانٹنا ہے ۳

۳ بہت تھوڑی سی ڈالی جائے۔

نازلی بیگم غازی

دستکار بہنوں کی محفل

مجھے پنجابی شلوار سینے کی بڑی خواہش ہے۔ ہمارے حیدرآباد میں اس کا رواج نہیں جسکی وجہ سے اسکی صحیح سلائی سے کوئی واقف نہیں۔ میں نے کسی پنجابی خاتون کو شلوار پہنے ہوئے دیکھا تھا مگر اسکی کاٹ سمجھ میں نہیں آئی کہ کسطرح پیچھے چنٹ یا جھریاں بنتی ہیں بہرحال مہربانی فرما کر تفصیل سے بتائیے کہ شلوار کسطرح کاٹیں اور کس طرح سیئں۔ اگر نقشوں کے ذریعہ اپنے مفہوم کو واضح کریں تو میرے لئے سہولت ہوگی یہ بھی بتائیے کہ ایک اوسط قد کے لئے کتنا کپڑا درکار ہوگا۔

رضیہ طلعت خریدار نمبر ۲۵۵۹

مجھے سنگر مشین سے کاڑھنے کا بیحد شوق ہے۔ مگر کشیدہ کاری کی اشیاء باوجود تلاش کے کہیں سے دستیاب نہیں ہو سکیں۔ کوئی بہن مہربانی فرما کر کسی ایسی دوکان کا پتہ لکھیں جہاں سے سب چیزیں مشین سے کاڑھنے کی مل سکیں مگر چیزیں اچھی ہونی چاہیں۔ بہت ممنون ہونگی۔

اہلیہ سید حامد حسین سب انسپکٹر پولیس خریدار جوہر نسواں

جوہر نسواں میں کشیدہ کاری کے بعض نمونے معمولی اور بعض اچھے ہوتے ہیں۔ یہ کمی مجھے خاص طور پر محسوس ہوتی ہے کہ کروشیا اور کراس اسٹچ کے نمونوں کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ ان دونوں دستکاریوں کے نمونے زیادہ سے زیادہ اور خوبصورت ہونے چاہیں۔

رسالہ میں پھولوں، گلدستوں، بیلوں اور گریبان کے نمونے بہت ہوتے ہیں۔ مگر جانوروں۔ عمارتوں اور مناظر کے نقشے کم۔ دستکار بہنوں کو اس کمی کو ضرور پورا کرنا چاہئے۔

اختر النساء کراچی

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے متفرق مجموعے

...وں مشرق	مغربی تہذیب کے زہر آلود اثر سے خواتین کو محفوظ رکھنے کے لیے نہایت موثر مضامین	۱۲ر
...دی میں لعل	عورتوں کو سگھڑ، ہنرمند، کفایت شعار اور منتظم بنانے کے لیے۔	عہ
...ماعوت حقوق	حقوق نسواں کی حمایت میں درد و اثر میں ڈوبے ہوئے مضامین۔	۵ر
نالۂ زار	عورتوں کی مظلومیت کا مرقع ان کے مصائب آلام کی درد انگیز داستان	۱۴ر
...بل بیمار	لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم اور پردے پر خیالات۔	۱۲ر
...	غیر شوہر کا راز۔ میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ۔	۵ر
...ں د... تاب	اولاد کی شادی کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھنی چاہئیں۔	۱۰ر
...سب ہستی	مسلمان گھرانے اندر ہی اندر کس طرح کھوکھلے ہو رہے ہیں۔	۸ر
...ں کا آخری د...	اور دوسرے مضامین جنہیں پڑھ کر لڑکیاں کنوارپنے کی قدر کریں گی۔	۵ر
...تان مغرب	خواتین کے مطالعے کے چند بہترین انگریزی مضامین کے عام فہم ترجمے۔	عہ
...ی ہوئی پتیاں	مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ۔	عہ

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

...مال ہمنشین	فلسفیانہ و شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم۔	عہ
...ستان خاتون	... کے ... افسانوں کا ... مجموعہ آرٹ کاغذ بار سوم	۶ر
...یدوفا	ایک ... پرسبق آموز نتیجہ خیز افسانہ بار چہارم	۸ر
پھری نیٹی	ایک ... پڑھ کر مرحومہ کے کمال افسانہ نگاری کا اعتراف کرنا پڑتا ہے بار چہارم	۶ر

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

...نجمہ	مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آگئی تھیں	۱۲ر
...ن باز	مصنفہ کا بہت مشہور اخلاقی اصلاحی ناول حد درجہ دلچسپ	عہ

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم۔ آر۔ اے۔ ایس

...سوانح زہرہ	ایک دلچسپ اخلاقی ناول جس سے لڑکیوں کو بہت سی مفید باتیں معلوم ہوتی ہیں	۶ر
...ت لاجرہ	دلچسپ سبق آموز قصوں کے پیرایہ میں اخلاقی جواہرات کا ذخیرہ	عہ
تحریر النساء	مستورات کے لیے جدید طرز پر خطوط جن میں کام کی باتیں بتائی گئی ہیں	۵ر
موہنی	اخلاقی معاشرتی افسانہ جس میں ایرانی معاشرت پر بھی دلچسپ معلومات ہیں	۱۰ر

تصانیف محترمہ ملقیس بیگم (و۔ا) صاحبہ

خانہ داری کے تجربات	گھرداری کے متعلق بے بہا مشورے پھوہڑوں کو سگھڑ بنانے کے لیے	۸ر
...عید نسواں	خانہ داری کے تجربات کا دوسرا حصہ۔ تندرستی بیماری باورچی خانہ کے متعلق قیمتی مضامین	۱۲ر

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

ادب زریں	چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین۔ طرز بیان حد درجہ دلآویز	۱۲ر
...ت موت	شاعرانہ خیالات، تخیل کی بلندی، عبارت کی رنگینی۔ ہر مضمون درد میں ڈوبا ہوا	۱۰ر

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

...پ قربانیاں	روپیہ کے لالچ میں تعلیم یافتہ روشن خیال لڑکیوں کی شادیوں کے عبرتناک نتائج	۱۲ر
...ی لطیفے	دنیا کے نامور مصنفوں شاعروں بادشاہوں شہزادیوں کی بذلہ سنجی حاضر جوابی کے نمونے	۱۲ر
...ی کی باتیں	عامیانہ اور بازاری لطیفے نہیں۔ مہذب ظرافت کی کتاب بار سوم	۸ر
...س کی باتیں	بڑے بڑے پیغمبروں بادشاہوں ادیبوں فلاسفروں کے زریں اقوال	۱۲ر

تصانیف محترمہ سرور جہاں رعنا بی۔ اے

...ل پھلواری	پھولوں کی کاشت۔ اور باغیچہ کی نگہداشت۔ موسموں اور بیجوں کا حال	۱۴ر
...ہرانی نیلوفر	اور دوسری کہانیاں۔ چھوٹے بچوں اور بچیوں کے مطلب کی نہایت دلچسپ	۸ر

تصانیف منشی پریم چند

دودھ کی قیمت	منشی جی کی زندگی کے آخری۔ سال کے بہترین افسانے	۶ر
...سانی شادی	دلچسپ اور نتیجہ خیز عبرتناک اور تفریحی ڈرامہ	۱۰ر

تصانیف مولانا رازق الخیری

سیدہ کی بیٹی	حضرت زینب کبریٰ کی مفصل و جامع سوانحعمری کربلا کا درد انگیز حال	۱۲ر
وداع راشد	حضرت علامہ راشد الخیری کا دم واپسین ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا دلکش تذکرہ	۱۲ر
عصمت کی کہانی	مشہور زنانہ رسالہ عصمت کی قریباً نصف صدی کی تاریخ افسانے سے زیادہ دلچسپ	۱۲ر

تصانیف مولوی عبدالغفار صاحب الخیری

بچوں کی تربیت	پھول سے بچوں کی پرورش اور تربیت پر عام فہم زبان میں بے نظیر مشورے	۱۲ر
حلیمہ	ایک نیک لڑکی کی زندگی کے سبق آموز حالات دلچسپ پیرایہ میں	۶ر

لیفٹیننٹ سید رضا احمد صاحب جعفری

دہلی کی دستکاری	کارڈبورڈ اور گتہ کے ... کام کی ماہر ہو کر عورتیں ...	۱۰ر
لکڑی کا باریک کام	یعنی فریٹ ورک۔ یہ کام سیکھ کر معقول آمدنی کی صورت نکل سکتی ہے	۱۰ر

تصنیفات مولانا سیماب اکبرآبادی

زنانہ بستہ	بچیوں کے لیے دس مفید کتابیں بہت آسان زبان میں بار چہارم	عہ
آفتاب زندگی	ایک لڑکی کے کنوارپنے کے دلچسپ اور سبق آموز حالات	۶ر
شباب زندگی	آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ شادی کے بعد اس عورت کے حالات	۸ر

صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ ایم۔ ایف

مختصر دنیا	بالشتیوں کی دنیا میں ایک سیاح جا نکلا جسے بالشتیے دیو سمجھنے لگے۔ بار دوم	۸ر
انشائے سلمیٰ	لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے کے لیے پسندیدہ کتاب	۱۲ر
اچھوتا سفر	ایک مہاراجہ کے سفر انگلستان کے نہایت ہی دلچسپ حالات نصف صدی پہلے کے	۶ر

علمی و ادبی تصانیف

دیہاتی گیت	ڈاکٹر اعظم کریوی نے بڑی محنت سے دیہاتی گیت جمع کر کے ان کا مطلب بیان کیا ہے	۱۲ر
نیا بانِ نسواں	مولوی نصیر الدین ہاشمی کے دلچسپ پیرایہ میں عورتوں کے لیے مفید مضامین معاشی ترقی اور اخلاقی مسائل	۵ر
دامن باغباں	ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے مختصر افسانے دلآویز پیرایہ میں	عہ
پردہ و تعلیم	ہندوستان کے دو مشہور ادیبوں کے خیالات۔ اپنی نوعیت کی ایک ہی کتاب ہے	۵ر
خواتین اندلس	سپین میں مسلمانوں کے عہد میں کیسی کیسی مدبر بذلہ سنج قابل خواتین گذری ہیں	۸ر
افسانۂ حرم	دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے جن سے اچھی اچھی باتیں معلوم ہوں گی	۱۲
مثنوی عائشہ صدیقہؓ	ام المومنین کے منظوم حالات زندگی بحد موثر از جناب وقار وانقی	۴ر

RP. 33-03 UR

REXONA PROPRIETARY LIMITED


اونی کام سلائیوں سے

بچے کے لئے موزہ

اُون حسب پسند رنگ کی۔ سلائیاں باریک چار۔ اُون کسی دوسرے رنگ کی تھوڑی سی۔

۶ ماہ کے بچے کے لئے سلائی پر ۴۵ پھندے ڈالئے۔ پہلی لائن ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ دوسری لائن اُلٹے پر اُلٹا سیدھے پر سیدھا ۱½ انچ اس بناوٹ سے بُننے کے بعد سیدھی بناوٹ شروع کیجئے یعنی (سلپ اسٹچ) اس طرح ٹخنے تک ناپ لیجئے اس کا لمبان عموماً ۴½ انچ ہوتا ہے۔ اب سلائی پر آگے اُون کے دو دو پھندے ایک ساتھ بُن لیجئے۔ سلائی پر اُون کرنے سے ایک پھندہ بڑھ جائے گا۔ اور دو ایک ساتھ لینے سے وہ برابر ہو جائے گا۔ دوسری لائن اُلٹی۔ یعنی (پرل اسٹچ) اس طرح۔ اب خانوں کو تین سلائیوں پر اس طرح تقسیم کیجئے۔

پہلی سلائی پر بارہ پھندے۔ درمیانی سلائی پر ۲۱ پھندے۔



آخری سلائی پر پھر بارہ پھندے۔ اب درمیانی سلائی پر کام کیجئے اوپر والی بُناوٹ سے بنائے جائیے۔ اور نیچے سے ناپ لیجئے۔ جب پورا ہو جائے تو اس بُنے ہوئے حصے میں کے لمبان سے اطراف کی سلائی پر پھندے اُٹھا لیجئے۔ اور آدھے پھندے درمیانی حصے کے لے لیجئے اور دوسری آخری سلائی پر بھی آدھے نیچے کے پھندے لے کر جس طرح پہلی سلائی پر اُٹھائے تھے اس پر بھی اٹھا لیجئے۔ اور تیسری سلائی سے بُننا شروع کیجئے نوک پر آنے کے بعد واپس نہ جائیے بلکہ جب سلائی خالی ہو جائے اس سلسلے میں دوسرا حصہ بناتی جائیے۔ ۱۶ سلائی بُننے کے بعد ان دونوں سلائیوں کو ملا کر بند کرنا شروع کیجئے بند کرتے وقت ہر ایک خانے میں دونوں سلائیوں کا ایک ایک پھندا ملا کر لیتی جائیے۔

جب دونوں سلائیاں خالی ہو جائیں تو اسی اُون سے لمبان کو اون کی سوئی سے سی لیجئے۔ موزہ تیار ہے۔ اب اُون تو دوہرا بٹئے اور دوہرے کو چوہرا بٹ کر کناروں پر خوبصورت پھندے باندھئے۔ ہاں پھندے باندھنے سے قبل موزہ کی جالی میں اس بٹی ہوئی ڈوری کو ڈال لیجئے۔ پہنانے کے بعد ٹخنے کے اوپر بو باندھ دیجئے۔

غدیر فاطمہ

ٹوپا

اُون حسب پسند۔ سلائی نمبر (۹)


سلائی پر ایک سو پانچ خانے ڈالکر اس طرح بناوٹ شروع کیجئے۔
۵ سیدھے۔ تین جالیاں۔ ۵ سیدھے۔ تمام لائن اسی طرح تمام کیجئے۔
دوسری لائن الٹوں پر الٹی۔ جالیوں پر الٹی یعنی تمام الٹی۔
جالی اس طرح بنتی ہے۔ سلائی پر اُون کرکے دو خانے ایک ساتھ۔ سلائی پر اُون کرکے دو خانے ایک ساتھ۔ بارہ انچ بننے کے بعد سرے سے ناپ لیجئے۔ اگر چھوٹا معلوم ہو تو اور لمبا کر لیجئے۔ بُننے کے بعد شکل نمبر ۱ کے مطابق ہوگی۔ اب اسکو الف اور ب حصہ کو ملا کر سی لیجئے۔ اندر فلالین کا استر لگا لیجئے۔ سینے کے بعد ملاحظہ ہو شکل نمبر (۲) اب اُون کی جھالر بنا کر ٹوپے کے کنارے دار پر لگا لیجئے۔ یا اُون کے گچھے ٹانک لیجئے۔ اور اُون بٹ کر بند کی پرو کر کناروں پر پھندنے باندھ دیجئے۔ ملاحظہ ہو تیار شدہ ٹوپا۔

غدیرہ فاطمہ

رشیدہ خاتون بیگم فریدالدین صدیقی

چمڑے کی دستکاری

چپّل



چمڑا موٹا..... پیر کے ناپ کے مطابق

چمڑا مہین خوبصورت

گتّہ سخت۔

کمبوہ..... دو عدد

ڈرائنگ پن۔ ۲۰ عدد

پھول دار کپڑا۔ چند پٹیاں

پوتھ۔ کمخواب۔ ساٹن یا کسی پھول دار ریشم کی پٹیاں لے کر ان کو چوٹی سی گوندھ لیجئے اور چار چوٹیاں تیار کرکے کنارے مضبوطی سے سی لیجئے۔ پھر پیر کا ناپ گتّے پر کھینچکر اس کو قینچی سے کاٹ لیجئے۔ اور موٹے چمڑے و مہین چمڑے کو بھی اسی طرح کاٹ لیجئے موٹے چمڑے پر گتّہ رکھ کر اس پر کسی موٹے کپڑے یا آئیل کلاتھ کی تہ رکھ کر موٹی سوئی سے تانت سے سی لیجئے۔ اور چوٹی گوندھی ہوئی پٹیوں کو اس طرح رکھ کر ✕ اُن کے کنارے خوب مضبوط سی لیجئے۔ پھر دو فیتے خواہ چوٹی نما گوندھ لیجئے یا سیدھے رکھئے۔ مگر ہوں اسی کپڑے کے جس سے اوپر والی چوٹیاں بنائی ہیں۔ مقام الف اور ب پر رکھ کر سی لیجئے۔ م

م اور کمبوہ ایک حصّہ میں لگا کر دوسرے فیتے میں سوراخ بنا لیجئے۔ جب سلائی خوب مضبوط ہو جائے تو پتلا رنگین چمڑا۔ لئی یا گوند کے ساتھ اوپر چپکا دیجئے۔ اور ڈرائنگ پن لگا دیجئے اور درمیان سنہری بٹن ٹانک دیجئے۔ نہایت مضبوط اور خوبصورت چپل تیار ہو جائے گی جو بازار سے کافی قیمت میں ملے گی۔





دستکار بہنوں کی محفل

مجھے میز پوش وٹرے کور وغیرہ کے لئے جدید کڑھت کے چند نمونوں کی اشد ضرورت ہے۔ برائے مہربانی کوئی بہن توجہ فرمائیں۔

بیگم عبدالرؤف

میرا سنگھار اہت کا خوبصورت سنگھار دان ٹوٹ گیا ہے اگر کسی بہن کو جوڑنے کی ترکیب معلوم ہو تو برائے مہربانی تحریر فرمائیں۔

صغیرہ خاتون

اگر کسی بہن کو دستانہ بُننے آتے ہوں تو برائے مہربانی بذریعہ رسالہ ہذا لکھیں۔ یا اگر کوئی کتاب ایسی ہو جو آسانی سے مل سکے۔ پتہ درج فرمائیں۔

ایس۔ کے اختر

مجھے سنگر مشین کی ایمبرائیڈری کی کاپی درکار ہے۔ میں نے لاہور میں ہر چند سنگر مشین کی ایجنسیوں پر تلاش کی مگر کہیں سے دستیاب نہیں ہوئی۔ برائے مہربانی کوئی جوہری بہن ایسی دوکان کا پتہ بتائیں جہاں سے وہ مل سکتی ہو۔

قدسیہ خانم راوی روڈ۔ لاہور

میری ناچیز رائے میں جوہر نسواں کے لئے ڈیزائن بھیجتے وقت بہنوں کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ پھولوں سے پتیاں بڑی نہ ہوں ورنہ پھول بے ڈھنگا معلوم ہوتا ہے۔ ٹہنیاں بھی خوبصورتی سے بنانی چاہئیں۔ بہنیں اس بات کا بالکل خیال نہیں کرتیں ہیں اور نمونے بھیج دیتی ہیں۔ جوہر نسواں میں دو تین سال قبل خانہ داری کے تجربات۔ کھانا پکانے کی ترکیبیں اور دوسری ایسی ہی مفید معلومات لکھی ہوتی تھیں۔ لیکن اب اُن چیزوں کو بالکل رسالے سے خارج کر دیا ہے بہنوں کو ضرور اس طرف توجہ کرنی چاہیئے۔

بہنوں کو جدید قسم کی کڑھت کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ جو آجکل مروج اور مقبول ہیں۔ کیونکہ وہ آسان اور ہلکی کڑھت کی ہوتی ہیں۔ خود ایسے نمونے بھیجئے۔

نیازمند۔ رضیہ اکبر آبادی

باورچی خانہ

شلجم کا اچار شیریں

شلجم سفید ۲ سیر۔ گڑ سفید عمدہ ایک سیر
ادرک آدھی چھٹانک۔ رائی ایک تولہ
مرچ سرخ۔ لہسن اور نمک انداز سے۔

شلجم چھیل کر کدوکش میں کس لو۔ اور ان لچھوں کو بہت احتیاط سے جوش دیکر ایک کپڑے پر پھیلا لو پھر نمک۔ مرچ۔ لہسن اور نصف ادرک کو سل پر پیسکر شلجم کے لچھوں میں ملاکر ایک پرانی یعنی استعمال شدہ صاف ہنڈیا میں رکھکر منہ ڈھک دو۔ اور بقیہ ادرک کتر کر ڈالدو۔ اور رائی کو دل کر ان لچھوں پر بُرک دو تین روز اس ہنڈیا کو دھوپ میں رکھو۔ روزانہ ہلاؤ۔ چوتھے روز گڑ کا تھوڑا سا پانی ڈالکر شیرہ بناؤ۔ اور شیرہ کو احتیاط سے پکاکر ٹھنڈا کرکے شلجم کے لچھوں میں ڈالدو۔ شیرہ میں اتنا پانی ہو کہ لچھے خوب ڈوب جائیں۔ اب کسی اچاری میں رکھ لو۔ اور تین روز بعد کھاؤ بہت خوبصورت اور مزیدار وسستا اچار شیریں تیار ہو جائے گا۔ اگر بالکل موافق ترکیب بنایا تو ایک سال تک بھی خراب نہ ہوگا۔

زیادہ نفاست کے لئے کشمش۔ پستہ اور بادام کی گری اور چھوارے کتر کر بھی شیرہ کے ساتھ ساتھ ڈال سکتی ہیں۔ میرا تجربہ کیا ہوا اچار ہے اور اس سال میں نے جدید ترکیب سے بنایا ہے۔

غدیر فاطمہ

سوّیوں کا زردہ:۔ اشیاء۔ گھی نصف سیر۔ سوّیاں باریک ایک سیر شکر مرزاپوری ایک سیر۔ بادام۔ پستہ۔ کشمش ہر ایک ایک چھٹانک زعفران تین ماشہ۔

ترکیب:۔ گھی گرم کرکے اس میں سوّیاں بھون لیں۔ جب گلابی ہو جائیں تو اندازے سے اتنا دودھ یا پانی ڈالیں کہ سوّیاں گل جائیں۔ جب پانی یا دودھ جذب ہو جائے شکر ڈال دیں۔ اور زعفران پیس کر۔ بادام و پستہ باریک کتر کر اور کشمش صاف کرکے ڈالیں۔ جب شکر کا پانی جذب ہو جائے دھیمی آنچ کر دیں اور تھوڑی دیر کے بعد اُتار لیں۔ لیجئے سوّیوں کا زردہ تیار ہے

(عائشہ خاتون ناگپور)

دو پیازہ گوشت:۔ گوشت۔ مار۔ پیاز۔ مار۔ لہسن ایک پوتھی۔ گھی نصف پاؤ۔ دہی۔ مار۔ لونگ ۸ عدد الائچی کلاں ۴ عدد۔ نمک حسب ضرورت۔ اب پیاز کو گھی میں تل کر لہسن کا چھینٹا دے کر گوشت کو بگھار دیجئے۔ اب ایک پوتھی لہسن پیاز۔ سیاہ مرچ ۲۰ دانہ سُرخ مرچ ۱۲ عدد کتر کر معہ دہی کے سب مصالحہ گوشت میں ڈالدیجئے۔ گل جانے کے بعد بھون کر اُتار لیجئے۔

(ج)

چمڑے کی دستکاری

(گذشتہ سے پیوستہ)

چمڑے کی ہر ایک چیز بنانے کے متعلق یہاں مفصل ہدایات لکھنا ناممکن ہے کیونکہ یہ مضمون مبتدیوں کے لئے ترتیب دیا گیا ہے۔ جو پہلے سادہ چیزوں سے مشق شروع کرتے ہیں۔ اس لئے یہاں ہم مختلف کاموں کے لئے چند ضروری ہدایات لکھ کر مبتدیوں کی رہنمائی کریں گے۔

استرکاری

استر کا عام قاعدہ یہ ہے کہ چمڑے کی چیز میں ہمیشہ استر چمڑے کا ہی لگایا جاتا ہے۔ استر کے لئے اسکیور چمڑا بالعموم اچھا رہتا ہے۔ جب کوئی چمڑے کی کوئی چیز بنانی ہو تو ہمیشہ استر لگانے سے پہلے اس کو موڈل کرو۔ رنگ دو۔ پینٹ کرو بہرحال چمڑے پر جو کچھ بھی زیبائشی کام بنانا ہو استر لگانے سے پہلے بنا لو۔ استر اصل چمڑے سے جس پر استر لگانا ہے قدرے بڑا کاٹنا چاہیئے۔ پھر زائد استر بعد میں کاٹ دیا جاتا ہے جہاں بھی ممکن ہو پیسٹ یا لئی ہمیشہ اصل چمڑے کی الٹی سطح پر لگانی چاہیئے نہ کہ استر پر۔ لئی اوسط درجہ کی گاڑھی ہو اور اس میں گٹھلے وغیرہ ہرگز نہ ہوں جیسا کہ اکثر پکنے میں غفلت سے پڑ جایا کرتے ہیں۔ استر چپکا کر کچھ وقت کے لئے کسی وزنی چیز کے نیچے دبا کر رکھ دو۔ اگر چمڑے پر ابھرا ہوا یا موڈل کیا ہوا کام ہے تو اسے صرف چند موٹی کتابوں کے درمیان دبا کر رکھ دینا کافی ہے۔ استر چپکا کر اسکیور کے استر کو وسط میں سے کناروں کی طرف دبانا شروع کر دو۔ کیونکہ یہ چمڑا لئی پا کر بہت پھیلتا ہے سلوٹیں ذرا بھی نمودار نہ ہونی چاہئیں۔ بعد میں کنارے معہ اصل چمڑے کی چیز کے کناروں کے تیز چاقو یا قینچی سے تراش دینے چاہئیں تاکہ صفائی آ جائے۔

اگر کاف چمڑا جس کی اصل چیز بنے کافی موٹا ہے تو اس کے کنارے استر چپکانے سے پہلے اسکیونگ چاقو سے چھیل دیے چاہئیں۔ اسکیونگ چاقو استعمال کرتے وقت بالکل سیدھا پکڑنا چاہیئے۔ اس بات کو اچھی طرح یاد رکھو کہ چمڑے کے کام میں ناہمواری گومڑیاں نہایت بدنمائی کا موجب ہوتی ہیں ان سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیئے۔ چھلے ہوئے کناروں کا کام ہلکا اور عمدہ ہوتا ہے۔ لہذا ان تمام باتوں کا خاص طور سے خیال رکھنا چاہیئے۔ کٹے ہوئے کنارے چمڑے کی اصل رنگت سے ملتے ہوئے رنگ میں رنگ دینے چاہئیں

اگر تسمہ بندی کے تسموں کو جو چمڑے میں سے کاٹے جاتے ہیں اسی رنگ سے رنگ لیا جائے جو اصل چمڑے کا ہے تو اچھا ہے۔ ہینڈل اگر استرکاری سے پہلے ہی لگائے جائیں تو زیادہ خوشنمائی اور صفائی آئے گی۔ استر چپکانے سے قبل سلائی یا تسمہ بندی کے کام کو اچھی طرح ہتوڑے یا چوبی بیلٹ سے ٹھونک پیٹ کر ہموار کر دینا چاہیئے۔ جہاں ہینڈل لگایا گیا ہے اس مقام کو مزید کپڑے یا چمڑے کی پٹی چپکا کر مضبوط کر دینا چاہیئے۔ اس بات کا خیال رکھو کہ سلائی بیگ کے اندر نہ دکھلائی دے۔ اگر دو یا دو سے زیادہ تہوں کی جیبیں رکھنی ہیں اور ان پر پنچ کاری کی جائے تو اُن کے دو دو کنارے ملا کر لئی سے چپکا دو تاکہ بوقت پنچ وہ اپنی جگہ پر قائم رہیں۔

تسمہ بندی

تسمہ بندی اکثر بجائے سلائی کے کی جاتی ہے۔ چنانچہ تسمہ بندی زیادہ تر بیگوں اور گدیوں کے غلافوں وغیرہ کے لئے موزوں خیال کی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے پہلے ایک پتلے اور ملائم چمڑے میں سے مسلسل فیتہ نما پٹیاں کاٹ لی جاتی ہیں۔ ان کی چوڑائی کام کی قسم کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔ مثلاً ½" - ⅛" - 1/16"۔ جہاں تسمہ بندی کرنی ہوتی ہے وہاں چیز کے دونوں کنارے ملا کر چپکا دیتے ہیں۔ اور ان پر ہول پنچ سے سوراخ کر لیتے ہیں۔ ان سوراخوں میں یہ چمڑے کے کٹے ہوئے تسمے پرو پرو کر جیسے نیچے دی ہوئی شکلوں سے ظاہر ہے باندھ لئے جاتے ہیں چمڑے کی سطح ہر جگہ ہموار نہیں ہوتی اس لئے تسمے کاٹتے وقت جس مقام پر بھی سطح زیادہ اُبھری ہوئی ہو اسے احتیاط سے چھیلنے میں تامل نہ کرو تاکہ سطح برابر ہو جائے۔ اگر استر بھی لگا لیا گیا ہے تو استر اور اصل چمڑے کے تمام کنارے مل کر اصل چمڑے کے کنارے کی موٹائی تک برابر ہو جائیں۔


تسمہ بندی کا طریقہ

چنانچہ اس مقصد کے لئے اصل چمڑے کے کنارے پہلے سے اسی انداز سے چھیل لئے جاتے ہیں۔ اب جہاں جہاں کناروں پر تسمہ بندی کرنی ہے تو وہاں ولرسے سوراخوں کے لئے نشان کرلو۔ نشان کنارے سے ½ انچ پیچھے کئے جائیں۔ ہول پنچ سے سوراخ کرنے سے پہلے کونوں پر کچھ دُہرے ٹانکے لگادو تاکہ دونوں پرتوں کے کنارے اپنی جگہ سے ہلنے نہ پائیں۔ اس طریقہ سے کچھ زیادہ مضبوطی بھی آجائے گی۔ سوراخ کرنے کے لئے چیز کو چوبی تختہ پر سامنے اس طرح رکھو کہ اس کے کنارے تمہاری طرف رہیں۔ پھر دائیں طرف سے بائیں طرف سوراخ کرنا شروع کردو جب سوراخ ہو جائیں تو اسی طریقہ سے تسمہ بندی بھی شروع کردو۔ تسمہ بندی کو نہ پر تسمہ سے پھندا دے کر شروع کرو۔ تسمہ بندی کے لئے ایک خاص قسم کا سُوا ہوتا ہے جس کا ناکا لمبا ہوتا ہے۔ اس میں تاگہ کی طرح تسمہ پرو لیتے ہیں۔ اور سوراخوں میں ڈال دو


تسمہ بندی کا سُوا یا سُوجا

اس کر اس میں تسمہ کس کس کر لپیٹتے جاتے ہیں اس طرح کناروں پر ایک بلدار سی سلائی ہو جاتی ہے۔ جو بہت خوشنما ہوتی ہے۔ تسمہ بندی کا سُوا یا سُوجا اگر بازار میں نہ مل سکے تو اس کے بغیر بھی کام چل سکتا ہے۔ تسمہ کا ایک سرا تراش کر نکیلا کرلو اور اس پر موم لگا کر سخت کرلو پھر اسے سوراخوں میں پرو پرو کر تسمہ بندی کرتے جاؤ۔ تسمہ ... زیادہ لمبا نہ ہونا چاہیئے۔ ورنہ کھنچتے کھنچتے خراب ہو جائے گا۔ تسمہ کو بہت زیادہ کھینچنا بھی نہیں چاہیئے۔ ... زیادہ پانی سے ... ہر تسمہ کی چوڑائی سُوراخ سے ہرگز بڑی نہ ہونی چاہیئے۔

تسمہ کو جوڑنا اندازہ کیا ہے کہ صرف ایک طرف کے کنارے کے لئے اس سے ۲½ گنا لمبا تسمہ کافی ہوتا ہے۔ صرف ایک مسلسل تسمہ سے مکمل تسمہ بندی نہیں ہو سکتی۔ نہ مسلسل تسمہ پورے کنارے کے لئے دستیاب ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اکثر تسمہ میں جوڑ ڈالنا پڑتا ہے۔ اس مقصد کے لئے دونوں ٹکڑوں کے سرے چھیلو تاکہ وہ پتلے ہو جائیں اور اس طریقہ سے ان کو کاٹو جیسے شکل ذیل میں دکھائی گئی ہے۔ پھر ان سروں پر الٹی طرف لئی یا گلیو بہت تھوڑا لگا کر اور ایک دوسرے پر رکھ کر ہتھوڑے سے جلدی سے ٹھونک دو۔ تاکہ دب کر جوڑ



تسمہ کا جوڑ کاٹنے کا طریقہ



تسمہ کا جوڑ ملانے کا طریقہ


کافی مضبوط ہو جائے پھر سوکھنے کو چند منٹ کے لئے چھوڑ دو۔ جوڑ کی لمبائی ایک انچ سے زیادہ نہ ہونی چاہیئے۔ جب جوڑ سوکھ جائے تو حسب معمول تسمہ بندی شروع کردو۔

آخری سوراخ پر پہنچنے پر اس ... مرتبہ تسمہ لپیٹ کر صفائی سے پھندا دے دو۔ پھندا دینے کے مختلف طریقے ہیں جس میں بھی سہولیت ہو اور مضبوطی آجائے اختیار کرلی جائے۔ پھر اس پھندے کو ہتھوڑے یا چوبی بیلٹ سے ٹھونک پیٹ کر ہموار کردیا جائے۔ باقی جو سرا نکلا ہوا ہو تراش دیا جائے یا گلیو سے چپکا دیا جائے۔ تسمہ بندی خاص ... چیزوں پر ہوتی ہے۔ بغیر سلائی کے کام نہیں چل سکتا۔

سلائی کرنا چنانچہ چمڑے کی دستکاری میں سلائی بہت ضروری چیز ہے۔ اس میں سب سے پہلے مہارت حاصل کرنی چاہیئے۔ سلائی مشین سے بھی ہوتی ہے اور ہاتھ سے بھی۔ چمڑے پر سلائی ہر اس سیونگ مشین پر ہو سکتی ہے جو کپڑا سی سکتی ہو۔ خواہ دستی ہو یا پیر سے چلنے والی کسی خاص پرزہ کی بھی ضرورت نہیں۔ صرف موٹی سُوئی کی ضرورت ہے اس کی نوک ذرا کند ہونی چاہیئے۔ چمڑا سینے کی سوئیاں سیونگ مشین کی دوکانوں سے دستیاب ہو سکتی ہیں جس طرح کپڑے پر سلائی ہوتی ہے بالکل اسی طرح چمڑے پر بھی ہوتی ہے البتہ چمڑے اور مشین کی فیڈ (Feed) کے درمیان ایک پتلے کاغذ کی پٹی رکھ لی جاتی ہے تاکہ مشین کے دانتوں کے نشان چمڑے پر نہ پڑیں جیسا کہ اکثر پڑ جایا کرتے ہیں۔ تاگہ بھی بہت مضبوط استعمال ... اس مقصد کے لئے ڈورکس تاگہ (Dorcas Thread) اچھا ہوتا ہے۔

ہاتھ کی سلائی

ہاتھ کی سلائی بہت آسان ہے اور بہ نسبت مشین کے مضبوط بھی ہوتی ہے۔ ہاتھ کی سلائی کئی طریقہ سے ہوتی ہے۔ ایک سوئی سے بھی اور دو سوئیوں سے بھی۔ جہاں سلائی کرنی ہوتی ہے وہاں ایک اوزار سے جسے جریف کہتے ہیں۔ پہلے سوراخ کر لیتے ہیں (اس اوزار کی شکل دیگر اوزاروں کے ضمن میں دکھائی جائیگی ہے) پھر دائیں طرف سے بائیں طرف تک ان سوراخوں میں سوئی گذار کر ایک مسلسل سلائی کرلی جاتی ہے۔ اس کے بعد پھر بائیں طرف سے دائیں طرف اسی طریقہ سے سلائی کرلاتے ہیں۔ اس طریقہ سے مشین کا مسلسل ایک سا بخیہ ہو جاتا ہے اسے مسلسل سلائی کہتے ہیں دیکھو اس کا طریقہ ذیل میں۔ پہلے چمڑے کے دونوں پرتوں کو ملاکر اور انکے درمیان ٹی لگا کر کناروں کو باہم چپکا دو اور سوکھنے دو۔ اس کے بعد رولر سے کنارہ پر جہاں سلائی کرنی ہے ایک بہت دھندلی سی لکیر سخت پنسل یا اَوَل (Awl) سے کھینچ دو اور اس لکیر پر اوزار جریف سے سوراخ کر لو۔



اس طرح سیدھے زاویہ میں سوراخ ہوں گے اور سلائی بالکل سیدھی ہوگی جو بہت ضروری ہے کیونکہ ٹیڑھی سلائی چمڑے پر بہت بدنما معلوم ہوتی ہے۔ اگر جریف اوزار موجود نہ ہو تو سوراخ اَوَل (Awl) سے بھی کئے جا سکتے ہیں جو بہت اچھے ہوتے ہیں۔ کیونکہ ایک ہی ضرب میں اسکی تیز نوک سے چمڑے میں ہموار اور خوشنما سوراخ کٹتے ہیں۔

پوری سلائی کرنے سے پہلے اگر چمڑے کے فالتو ٹکڑے پر سلائی کرکے اس بات کی آزمائش کرلی جائے کہ ٹانکے کتنی سختی سے کھینچے جائیں کہ چمڑے کی سطح ہموار اور مضبوط رہے تو اچھا ہے۔ جب پوری سلائی ختم کرلی جائے تو اس کے کنارے صفائی سے تراش کر ان پر اصل چمڑے کا سا رنگ لگا دیا جائے۔ یا کوئی خاص ضرورت نہیں۔ کنارے صفائی سے پہلے بھی تراش لئے جاتے ہیں اور بعد میں بھی۔ اگر بعد میں بھی تراشے جائیں تو سلائی سے پہلے ہی تراشنے کا حق رکھا جائے۔

پریس اسٹڈ جڑنا

پریس اسٹڈ ایک قسم کے بٹن ہوتے ہیں جو آپ نے اکثر بازار کے چرمی بٹوؤں کے فلیپ پر لگے ہوئے دیکھے ہوں گے۔ ان کے تین حصے ہوتے ہیں۔ جو بعد میں دو حصوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ ان کے جڑنے کے اوزار بھی خاص ہوتے ہیں۔ جو چمڑے کا سامان اور اوزار بیچنے والوں کے یہاں بہت ارزاں ملتے ہیں۔ یہ بٹن مختلف رنگوں اور پیمانوں میں دستیاب ہوتے ہیں۔ پیمانوں یا سائزوں کے نمبر ہوتے ہیں بہرحال نمبر ۲ سائز کے بٹن بہت مفید ہوتے ہیں۔ رنگ بالعموم براؤن ڈارک براؤن پسند کئے جاتے ہیں۔ جہاں پریس اسٹڈ لگانے ہوتے ہیں مثلاً فلیپ وغیرہ وہاں پہلے ہول پنچ سے سوراخ کر لیتے ہیں۔



چنانچہ سوراخ کرنے کے لئے چمڑے کو لکڑی پر رکھ لیا جائے۔ سوراخ اتنا بڑا ہونا چاہیئے کہ اس میں پریس اسٹڈ بخوبی جھول دئے ہوئے آجائے۔ چنانچہ سوراخ اس میں صرف دو جگہ کرنے پڑتے ہیں۔ پہلے ایک سوراخ فلیپ پر کرو جس میں بٹن کا گھنڈی دار حصہ لگایا جائے گا۔ پھر فلیپ کو دہرا کرکے اس کے عین نیچے دوسرا سوراخ کرو۔ اس میں زیریں اسٹڈ جڑا جائے گا۔ اب بٹن کو اوپر کی طرف سے موٹے گول لوہے (ڈسک) میں داخل کرو۔ نیچے کی بنیاد (Base) کو سوراخ میں داخل کرو۔ اور اس پر خاص سلاخ نما اوزار کی نیچے کی چھوٹی نوک رکھ کر زور سے ہتوڑے کی ضرب لگاؤ۔ بس جڑ گیا۔ اب بٹن کا دوسرا بنیادی حصہ پیچھے سے نیچے کے دوسرے سوراخ میں رکھو اور اس کے سرے پر مڑا ہوا حصہ (Knob Cap) رکھو اور اس پر دوسرا اوزار جس کا نیچے کا حصہ پولا ہوتا ہے۔ ہتوڑا کی ضرب دو مضبوط جڑ جائے گا یہ کام مشکل نہیں ہے ذرا سی سمجھ سے کام لے کر فوراً اس کی جڑائی میں مہارت ہو سکتی ہے۔ پریس اسٹڈ بہت مضبوط اور خوشنمائی سے جڑے جانے چاہئیں۔ چمڑے پر جھول وغیرہ ہرگز نہ پڑے۔ ورنہ ایک دفعہ کا جڑا ہوا پریس اسٹڈ اکھڑ نہیں سکتا۔

پہلی قسط میں اوزاروں کے ضمن میں چمڑے کا ضروری سامان مثلاً پریس اسٹڈ کلپ، رنگ اور اوزار ملنے کا پتہ لکھنا بھول گیا تھا۔ اب لکھا جاتا ہے۔ اس دوکان پر چمڑے کا کل سامان اور مکمل اوزار تو نہیں مل سکتے۔ مگر ضروریات کی بھی نہیں رہتیں۔ پہلے فہرست منگا کر دیکھ لی جائے۔

پتہ یہ ہے:۔ کے۔ سی۔ کلر کمپنی۔ ٹمپل روڈ۔ ہاتھرس۔ یو۔ پی۔

سیّد رضا احمد جعفری

کھانے پکانے کی بہترین کتابیں

عصمتی دسترخوان حصہ اول جس کی ایک نمایاں خصوصیت جو اس موضوع کی اور کسی کتاب میں نہ نکلے گی یہ ہے کہ تمام ترکیبیں تجربہ کرنے کے بعد لکھی گئی ہیں اس لیے ترکیبیں بالکل صحیح ہیں اور وزن بالکل درست! ہندوستان بھر کے ہر حصہ کی تقریباً ۸۰ عصمتی بہنوں نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ہے اور ایڈیٹر صاحب عصمت کی اہلیہ محترمہ آمنہ نازلی صاحبہ نے بڑی محبت سے کتاب مرتب فرمائی ہے باورچی خانہ کے انتظام اور کھانوں کے متعلق نہایت قیمتی ہدایات اور مضامین درج کیے گئے ہیں ایک ایک چیز کئی کئی قسم کی تیار کرنے کے لیے بھی عصمتی دسترخوان سے بہتر کتاب ملنی ناممکن ہے۔ چاول سلونے اور میٹھے۔ سوئیاں کھیر فیرنی۔ سادے اور ترکاری کے سالن۔ مچھلی۔ مرغ۔ جیلی۔ بسکٹ پڈنگ۔ کباب۔ کیک۔ دالیں۔ مٹھائیاں۔ حلوے۔ چٹنیاں۔ مربے۔ آچار۔ سموسے۔ بڑے۔ پوری کچوریاں۔ پراٹھے۔ روٹی۔ غرض ہر قسم کے کھانوں کی بڑی بڑی اچھی ترکیبیں ہیں اور ہر چیز کی کئی کئی درجن صحیح ترکیبیں!! اس کتاب کا ہر گھرانے میں ہونا ضروریات میں سے ہے بہت سی عورتیں اس کتاب کی بدولت عمدہ عمدہ ذائقہ دار کھانے پکانے لگیں۔ لڑکیوں کو یہ کتاب اشد ضروری سمجھ کر جہیز میں دی جاتی ہے چند ہی سال میں ہاتھوں ہاتھ ۹ ایڈیشن نکل گئے۔ قیمت ۲

عصمتی دسترخوان حصہ دوم عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ ہے جس میں ۱۰۰ صفحوں کے نہایت ہی کارآمد اور قابل قدر مضامین ہیں مثلاً

مشرقی مغربی کھانے ہماری خوراک اور غذا کے متعلق تحقیقی مضامین۔ کھانے کے اصول۔ کھانے کی حفاظت۔ جرمنی باورچی خانہ جاپانی باورچی خانہ۔ کچی سبزی۔ ترکاریوں کے خواص۔ کھانے کا کمرہ۔ اناج کا صندوق۔ ایرانی دعوت وغیرہ۔ ترکیبیں سب نئی اور آزمودہ ہیں اور ایک ایک چیز کی متعدد ترکیبیں۔ عربی۔ ایرانی۔ ترکی۔ جاپانی۔ عراقی۔ روسی۔ اطالوی۔ انگریزی۔ فرانسیسی کھانوں کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۲ عصمتی دسترخوان مکمل یعنی دونوں حصوں کی قیمت۔ صرف

عصمتی ہنڈکلیا سوا سو کھانوں کی صحیح ترکیبیں بچیوں کے مطلب کی درج کی گئی ہیں۔ کھانے پکانے کے متعلق نہایت مفید مضامین اور کارآمد ہدایتیں بھی ہیں قیمت ۱۰

ناشتہ دوپہر اور رات کے کھانے سے قبل صبح اور تیسرے پہر کے ناشتے چائے کوکو شربت کے علاوہ۔ آئس کریم۔ بسکٹ کیک۔ ٹوسٹ۔ کڑاہی وغیرہ کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۰

بچوں کے کھانے ننھے بچوں کو اصول صحت سے کس قسم کی غذا دینی چاہیے کون سے کھانے مفید ہیں اور وہ کس طرح تیار ہوتے ہیں کئی درجن تجربہ کی ہوئی ترکیبوں کے علاوہ کارآمد مضامین بھی ملک کے قابل ڈاکٹروں کے لکھے ہوئے ہیں قیمت ۱۰

بیماروں کے کھانے بیماروں کے جو کھانے بے حد مفید ہیں اس میں صرف انہی کی ترکیبیں ہیں اور کئی قابل تجربہ کار ڈاکٹروں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔ ۱۲

مذاقیہ کھانے دولہا بھائی سے نندوئی سے سمدھیوں سے مہذب مذاق کرنے کے نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت ۶

زنانہ دستکاری کی مفید کتابیں

عصمتی کروشیا عام فہم ہدایات اور مختلف قسم کی جھالروں۔ کمبل [illegible] ٹوپیوں وغیرہ کے خوبصورت نمونے چند عنوانات۔ تاج محل جامع مسجد کلمۂ طیبہ۔ گلدان ہرن۔ گھوڑے۔ شیر مرغ راج ہنس [illegible] کمان گاڑی۔ عورت سنگھا وغیرہ چوتھا ایڈیشن قیمت دو روپیہ ۲

عصمتی کشیدہ میز پوش۔ پلنگ پوش۔ چادریں رومال کرسیوں کے گدے۔ تکیہ کے غلاف وغیرہ کے کئی درجن نمونے انکش پھول ۱۱۰ بیل بیلیں وغیرہ چوتھا ایڈیشن ۲

گلدستہ کشیدہ وضع وضع کے پھول بیلیں کونے بوٹیاں چادر۔ میز پوش۔ گریبان کف وغیرہ کے لیے۔ ۲۰ مشہور دستکار خواتین نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے چوتھا ایڈیشن ۲

گلزارِ درخشاں کشیدہ کاری کے سو بہترین نمونے از محترمہ آر کے درخشاں ۱۲

گلشنِ زہرا ۴۳ بیلیں ۲۰ پھول ۳۰ کونے ۱۱ گلدستے ۱۱ ٹوکریاں ۵۰ مرکزی یا وسطی خاکے ۷ گریبان غرض کشیدہ کے متعدد نمونے ہیں قیمت ۲

مجموعۂ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی وضع کی کڑھت کے ۴۴ نمونے پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۹۳ بہترین نمونے ہیں قیمت ۲

روحِ کشیدہ جس میں متعدد نمونے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں، بیلوں، گلدستوں، ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت ۱۲

کڑھت کی قسمیں مختلف قسم کی کڑھت کی عام فہم ترکیبیں اور ہدایتیں نمونے دیدہ زیب ۲

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب۔ چند نمونوں کے عنوانات۔ بطخ۔ چڑیا سارس۔ چوزہ۔ مور۔ بلی۔ چوہا۔ گلہری۔ ہرن ہاتھی۔ اونٹ تیتری وغیرہ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت ۲

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ نکالنے کا کام آ جاتا ہے متعدد نمونے ملاکر

گلدستہ تارکشی مضامین اور ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں ۵۷ نمونے ہیں ایک سے ایک بہتر ۲

اونی کام سلائیوں سے بنائی کے بہترین نمونے۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم۔ ملک کے رنگین اور سادے نمونے بہت کافی ہیں دوسرا ایڈیشن قیمت ۲

موتیوں کا کام ۴۰ پھول ۲۷ بیلیں ۲۶ جھالریں ۳۰ فریم ۱۱۱ نسرشن ۳ جالیاں ۹ حاشیے ۱۱ پنکھے ہینڈ اور منی بیگ ۶ پردے ان کے علاوہ متعدد اور نمونے۔ ترکیبیں مفصل اور مکمل ۲۷ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ ۳

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون۔ ٹکوریس سلمہ۔ گجائی۔ موتی۔ ستارہ وغیرہ کے کام کے ۲۲۶ نمونے دیدہ زیب۔ مرحومہ خدیجہ بائی کی دستکاری کی یادگار ہے ۲

چمنستانِ خیاطی یا سوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ جانگیے۔ باڈی پجامہ سینہ بند قمیض۔ زنانہ کپڑے لباس شب خوابی۔ انڈرویر۔ کالر کف، بلاوز جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت ۲

گلستانِ خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت ۲

جالی کا کام لہریں۔ جال۔ سیدھے الٹے فیتے گملے پھول۔ بیلیں۔ گلدستے مختلف وضع کے متعدد ہیں۔ ہدایتیں بہت آسان مگر مکمل ہیں بار دوم قیمت دو روپیہ ۲

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم و مشہور صنعت پر بیش بہا کتاب سوا سو کے قریب دیدہ زیب نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں۔ قیمت صرف دو روپیہ ۲

شمیم سوزن کاری جس میں زر کا کام ڈار جنیا ورک کامدانی کا کام کاج ستے ڈاڈن کام سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے ڈیڑھ سو کے قریب ہیں مع ہدایات ۲

محصول ڈاک بذمہ خریدار **ملنے کا پتہ:۔ عصمت بک ڈپو۔ کوچہ چیلان۔ دہلی** محصول ڈاک بذمہ خریدار

مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

تاریخ و سیرت

- آمنہ کا لال — اردو زبان میں [illegible] کتاب
- سیدہ کا لال — مکمل و مفصل [illegible] واقعات [illegible] مراثی
- الزہرا — [illegible] حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا [illegible] کا مکمل حال
- نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے [illegible] سال پہلے کی دلی کی جھلک با تصویر
- وداع خاتون — [illegible] اکرم کی [illegible] زندگی پر حوروں کے آنسو
- [illegible] — [illegible] ہارون رشید کے دردناک قتل تک حالات
- دلی کی آخری بہار — [illegible] کی [illegible] کی پرکھا یار
- بزم رفتگاں — اردو [illegible] کے [illegible] کمال [illegible] با تصویر
- [illegible] — [illegible] مضامین (با تصویر) جن میں افسانہ سے زیادہ دلچسپی ہے

اصلاحی معاشرتی ناول

- حیات صالحہ — [illegible] ناولوں میں بہترین اصلاحی و اصلاحی سبق آموز ناول
- [illegible] — ایک [illegible] لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ [illegible]
- صبح زندگی — [illegible] سے شادی تک کے حالات [illegible] دلچسپی ہے
- شام زندگی — [illegible] شادی [illegible] کے سبق آموز واقعات [illegible] دلچسپی ہے
- [illegible] — [illegible] اصلاح نسواں کے سلسلہ میں [illegible]
- [illegible] — [illegible] کے [illegible] (رحمتہ اللہ علیہ) [illegible] تصنیف
- [illegible] — قدیم رسوم [illegible] کے لیے نہایت دلچسپ [illegible] اصلاحی ناول
- [illegible] — [illegible] کی مفصل [illegible] قدیم کی [illegible] دوسری [illegible]
- [illegible] — [illegible] حالات ایک [illegible] کی حالت [illegible]

اصلاحی معاشرتی افسانے

- [illegible] — [illegible] کا [illegible] لڑکی کا انجام
- [illegible] — [illegible] سہیلیوں کی [illegible] کا [illegible] تعلیم [illegible]
- [illegible] — ایک [illegible] لڑکی کی دردناک داستان [illegible] والدین [illegible]
- [illegible] — [illegible] کا [illegible] والدین [illegible] کر لیا۔
- [illegible] — [illegible] شادی [illegible] کے ہاتھوں بیٹے کا قتل۔
- [illegible] — [illegible] سو تاب لیا ہے
- [illegible] — [illegible]
- [illegible] — [illegible] جاتے ہیں
- [illegible] — [illegible] دل ہلا دینے [illegible] پہیلیاں با تصویر
- [illegible] — [illegible] سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔
- [illegible] — [illegible] اور سبق آموز
- [illegible] — [illegible]
- [illegible] — [illegible] لڑکیوں کا [illegible] دلچسپ [illegible]
- [illegible] — [illegible] کیسے ظلم [illegible] ہے۔
- [illegible] — [illegible] کی [illegible] بڑی حیثیتیں اٹھاتی ہے
- [illegible] — [illegible] خاتون کی کہانی [illegible]
- [illegible] — حیات انسان [illegible]

مختصر افسانوں کے مجموعے

- [illegible] — [illegible] افسانوں کا مشہور مجموعہ
- [illegible] — [illegible] کے بہترین [illegible]

طوفان اشک

- طوفان اشک — دو آپ بیتی جو کمبخت پر مظلوم عورتوں کی تڑپتی ہوئی داستانیں دل ہلا دینے والے حالات
- قطرات اشک — دردناک میں ڈوبے ہوئے افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ
- صدائی راج — اردو کے سب سے پہلے مختصر افسانہ نگار کے آخری بہترین افسانوں کا دلاویز مجموعہ۔
- نسوانی زندگی — ۴ رسالے جن میں ماں بیوی بیٹی بہن عورت کی چار حیثیتیں دکھائی گئی ہیں
- گوہر مقصود — چار ستاں کی بری اور دلال کی تلاش دو دلچسپ قصے۔
- گلدستۂ عید — ملاوہ بر عصروں اور افسانوں کا مجموعہ رمضان اور عید کا بہترین تحفہ
- گرداب حیات — عورتوں کی اصلاح اور حمایت میں متعدد دلچسپ چھوٹے چھوٹے سبق آموز موثر افسانے۔
- ساز حیات — حیات انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ چار سبق آموز موثر افسانے۔
- حور اور انسان — ۲۰ سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے تھے ان میں سے آٹھ افسانے۔
- نشیب و فراز — ۹ عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا مشاہدہ بیان کیا ہے۔

مزاحیہ افسانے

- نانی عشو — یہ افسانے مزاحیہ بھی ہیں اور دردناک بھی بہت مشہور کتاب ہے۔
- ولایتی بیمی — بی بی نے بڑھاپے میں وہ سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی
- دادا اباں کا جھگڑا — چار نہایت پُر لطف مزاحیہ لیکن عبرت خیز قصے

نظموں کے مجموعے

- [illegible] — اردو کی دردو اثر میں ڈوبی ہوئی نظموں کا مشہور مجموعہ ساتواں ایڈیشن۔
- گرفتار قفس — اس مجموعہ میں بہت موثر نظمیں ہیں یہ دوسرا حصہ ہے

مذہبی مضامین

- احکام نسواں — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر عام فہم صاف شستہ زبان میں
- محسن [illegible] — سرورِ کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق واقعات اور مجالس میلاد کے مضامین۔
- دعائیں — سوز و گداز اور درد و اثر میں ڈوبی ہوئی اردو زبان میں نظم و نثر کی دعائیں۔
- قرآنی قصے — انبیاء اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔
- زیور اسلام — خواتین کے لیے نہایت موثر اور دلچسپ مذہبی مضامین۔

ادب لطیف

- قلب حزیں — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین بہترین پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے
- لڑکیوں کی انشا — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب سکھاتی زبان قلعہ معلیٰ کے محاورے۔
- سلی ہوئی چھیاں — دلی کی ٹکسالی زبان میں چند خطوط جن کا ایک ایک لفظ نہر و نشتر ہے۔

سیاسی صحافی سیاحی مضامین

- شب مغرب — طرابلس مراکش [illegible] میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مقابلے کے درد انگیز افسانے۔
- [illegible] — حقوق نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالے کے متعلق موثر مضامین۔
- عالم نسواں — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر علامہ مصور کے گراں بہا خیالات۔
- سیاحت [illegible] — مختلف مقامات کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا تذکرہ۔

اسلامی تاریخ بطرز ناول

- ماہ محرم — فاروق اعظم کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے جنگی کارنامے اور فسانہ محبت۔
- [illegible] کربلا — واقعہ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ
- [illegible] شام — حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی لڑائیاں۔
- [illegible] — خلیفہ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی ٹڈی دل فوج سے مقابلے
- تیغ کمال — ترکوں اور [illegible] کی ہولناک خونریز لڑائیاں مصطفیٰ کمال کے حیرت انگیز کارنامے۔
- [illegible] طرابلس — قصہ طرابلس کے لیے مسلمانوں کا جوش ایمانی محبت آتشکدہ میں ایک لڑکی کی قربانی۔
- آفتاب دمشق — خلیفہ اول کے زمانہ کا اسلام مسلمانوں اور نصرانیوں کے معرکے۔
- شاہین و دراج — [illegible] کے حالات علیہ کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا ہے۔
- [illegible] — [illegible] سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا موقع۔

[illegible]

محصول ڈاک بذمہ خریدار — ملنے کا پتہ۔ عصمت بک ڈپو دہلی — محصول ڈاک بذمہ خریدار

1934

جملہ حقوق محفوظ

جوہرِ نسواں
دہلی

جلد ۲۳ نمبر ٦

فروری

۱۹۳٦ء

مالک پرنٹر پبلشر

رازق الخیری

ایڈیٹر عصمت



آمنہ نازلی

قیمت فی پرچہ چار آنے

چندہ سالانہ تین روپیہ

جوہرِ نسواں دہلی

بارھواں سال	بابت ماہ فروری ۱۹۴۶ء	جلد ۲۳ نمبر ۶

بچوں کے لئے ریشمی رومال	(خیاطی) غدیر فاطمہ	۲
کوٹ	(خیاطی) م۔ن جہاں	۴
فراک	(خیاطی) ایم۔ ایس	۵
تکیے کا غلاف	(کشیدہ کاری) مسز عبدالقدیر انصاری	۵
رومالوں کے بند خاکے	(کشیدہ کاری) صفیہ نذیر	۶
خوبصورت بیل	(کشیدہ کاری) سنوی خاتون	۷
خوبصورت ...	(کشیدہ کاری) زبیدہ اختر صدیقی	۷
گلدان کی ڈولی	(کشیدہ کاری) آرمنہ ...	۸
باسکٹ	(کشیدہ کاری) ناظمہ حسین آرٹسٹ	۸
خوبصورت ٹوکری	(کشیدہ کاری) فاخرہ بانو	۹
کونہ	(زنجیرہ کڑھت) سوکت آرا عظمی	۱۰
باسکٹ	(پینٹ کا کام) زہرہ	۱۱
موتیوں کا بٹوہ	(موتیوں اور تاگے کا کام سلائیوں سے) صدیقہ بیگم	۱۲
کشتی پوش کا ڈیزائن	(سلائیوں سے کا کام) اسعد خاتون	۱۳
دلاویز انمونے ...	(... اور چکن کاری) صغری خاتون	۱۴
کراس اسٹچ میں خوبصورت سینری	الف۔ ش۔	۱۵
جھول	(کراس اسٹچ ورک) ق۔ س۔	۱۶
گیٹر کا حاشیہ	(سنگر مشین کا کام) مسز اسمٰعیل	۱۶
لیڈیز جمپر	(اونی کام سلائیوں سے) زیڈ۔ جی۔ شیخ	۱۸
لیڈیز اونی جرسی	(اونی کام سلائیوں سے) عدیہ فاطمہ	۲۰
چمڑے کی دستکاری	سید رضا احمد جعفری	۲۵

اِطّلاعِ اختتامِ سال

جن خواتین کا سال خریداری فروری سنہ ۱۹۴۶ء میں ختم ہوتا ہے اُنہیں مارچ سنہ ۱۹۴۶ء کا پرچہ وی۔ پی۔ بھیجا جائے گا۔ اُن کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

اُن بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپیہ سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں۔ جنہیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیج دیں۔ اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۵ مارچ تک نہ آیا تو اسکے یہ معنی ہوں گے کہ انہیں وی۔ پی۔ کا انتظار ہے۔ لہذا مارچ کا پرچہ ۱۰ مارچ کو بذریعہ وی۔ پی۔ سوا تین روپیہ کا حاضر خدمت ہو گا۔ اُمید ہے کہ وی۔ پی۔ کی واپسی سے جوہر نسواں کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہنچائیں گی۔


مینیجر


۵۰۸۵ - ۵۱۰۳ - ۵۱۲۷ - ۵۱۴۴ - ۵۲۸۵ - ۵۴۸۲ - ۵۴۹۸ -
۵۹۰۸ - ۵۹۳۳ - ۵۹۳۷ - ۶۶۹۱ - ۶۷۵۷ - ۶۷۷۳ - ۶۹۷۵ - ۷۱۱۴
۷۲۶۱ - ۷۲۷۸ - ۷۲۸۴ - ۷۲۸۵ - ۷۲۹۵ - ۷۲۹۷ - ۷۲۹۸ - ۷۲۹۹
۷۳۱۰ - ۷۳۱۵ - ۷۳۲۵ - ۷۳۳۲ - ۷۳۳۳ - ۷۶۶۶ - ۷۸۴۳ - ۷۸۵۳
۷۸۵۵ - ۷۸۵۶ - ۷۸۵۷ - ۷۸۶۰ - ۷۸۶۳ - ۷۸۶۸ - ۷۸۷۸
۷۸۸۳ - ۷۸۸۵ - ۷۸۸۹ - ۷۸۹۴ - ۷۸۹۹ - ۷۹۰۲ - ۷۹۰۳
۷۹۰۵ - ۷۹۰۷ - ۷۹۰۸ - ۷۹۱۰ - ۷۹۱۲ - ۷۹۱۳ - ۷۹۱۵ -
۷۹۱۶ - ۷۹۱۷ - ۷۹۳۰ - ۷۹۳۹ - ۷۹۴۵ - ۷۹۴۶ -
۷۹۴۷ - ۷۹۵۰ - ۷۹۵۴ - ۷۹۶۲ - ۸۱۳۱ - ۸۱۳۸ - ۸۶۲۸
۸۶۴۰ - ۸۶۵۰ - ۸۶۶۰ - ۸۶۶۱ - ۸۶۷۵ - ۸۶۷۶ - ۸۶۸ -
۸۶۸۳ - ۸۶۸۴ - ۸۶۱۵ - ۸۶۸۶ - ۸۶۸۷ - ۸۶۸۸ - ۸۶۹۰ -
۸۶۹۱ - ۸۶۹۴ - ۸۶۹۵ - ۸۶۹۷ - ۸۶۹۹ - ۸۷۰۰ - ۸۷۰۱ - ۸۷۰۳
۸۷۰۴ - ۸۷۰۵ - ۸۷۱۱ - ۸۷۱۵ - ۸۷۱۷ - ۸۷۱۸ - ۸۷۱۹ - ۸۷۲۱
۸۷۲۲ - ۸۷۲۳ - ۸۷۲۴ - ۸۷۲۵ - ۸۷۲۶ - ۸۷۲۷ - ۸۷۲۹
۸۷۳۱ - ۸۷۳۲ - ۸۷۳۳ - ۸۷۳۴ - ۸۷۳۵ - ۸۷۳۹ - ۸۷۴۰
۸۷۴۱ - ۸۷۴۲ - ۸۷۴۳ - ۸۷۴۴ - ۸۷۴۵ - ۸۷۴۶ - ۸۷۴۸ -
۸۷۵۰ - ۸۷۵۱ - ۸۷۵۵ - ۸۷۵۶ - ۸۷۵۷ - ۸۷۵۹ - ۸۷۶۰ -
۸۷۶۱ - ۸۷۶۳ - ۸۷۶۴ - ۸۷۶۵ - ۸۷۶۶ - ۸۷۶۷ - ۸۷۶۸
۸۷۶۹ - ۸۷۷۰ - ۸۷۷۶ - ۸۷۷۷ - ۸۷۷۸ - ۸۷۷۹ - ۸۷۸۰ -
۸۷۸۱ - ۸۷۸۲ - ۸۷۸۳ - ۸۷۸۴ - ۸۷۸۵ - ۸۷۹۲ - ۸۷۹۳

خیّاطی


بچّوں کے لئے ریشمی شال

ریشمی ململ یا خوبصورت سلک یا ہلکی بوسکی کی کترنیں اکٹھی کرکے ایک ایک گز لمبی اور دو گرہ چوڑی کئی پٹیاں جمع کرلیجئے اور ہمرنگ تاگے کو سوئی میں ڈالکر لمبان کے ایک سرے سے دوسرے تک لنگر یعنی مہین تیپچی ڈال لیجئے اور تاگہ کنارے پر لاکر چھوڑ دو اور ایک انگل بعد پھر لنگر ڈالو اور تاگہ کنارے پر لاکر چھوڑ دو اسی طرح تمام پٹی کے لمبان میں تیپچی بھرلو اور سب تاگے کنارے پر چھوڑ دو۔ اب جوڑان شروع کرو






بالکل اسی ترکیب سے تیپچیاں بھرو۔ دیکھو شکل نمبر (۱) لمبان بنانے کا طریقہ اور نمبر (۲) جوڑان بنانے کا طریقہ۔



جب سب تیپچیاں بھرجائیں تو تاگوں کو اس قدر کھینچو کہ ہلکی ہلکی جھنٹ پڑجائے اور کنارے پر سوئی سے گرہ دے کر مضبوط کردو۔ اسی طرح جوڑان میں کرو۔ جھنٹ بھرجانے کے بعد دیکھو تیار شدہ پٹی نمبر (۳) اب ہر رنگ کی ململ کی ایسی سی پٹیاں تیار کرلو۔ ایک گز لمبان جھنٹ بنانے کے بعد آدھا گز رہے گا اور دو گرہ جوڑان جھنٹ کے بعد ایک گرہ رہ جائے گا۔ جب سب پٹیاں تیار ہو جائیں تو ان کو



رنگوں کی مناسبت سے ایک دوسرے سے ملاکر جوڑ لو۔ اور شال کے مطابق کسی پختہ رنگ کے کپڑے کا

ایسی باریک تیپچی بھرو کہ نہ اندر استر میں موٹے موٹے تاگے نظر آئیں اور نہ اوپر۔ اور یہ پٹیاں استر میں چپک جائیں۔ اور تینوں طرف سیاہ ربن ۲½ انگل چوڑی سیاہ رنگ کے تاگے سے ٹانک دو بلکہ کناروں پر مشین سے بخیہ کرلو۔ زیادہ خوبصورتی کے لئے اس ربن پر سنہری کلابتون سے لہریا بناؤ اور سامنے والی پٹی پر ڈبل لہریئے کا جال بنالو اور ہر خانے میں ایک سنہری ستارہ پوتھ کے ہمراہ ٹانکتی جاؤ۔ ہاں یہ خیال رہے کہ سامنے والے حصّے میں ریشمی ململ یا سِلک کو دوہرا کرکے جھالر ضرور لگے گی۔ یہ جھالر بچے کے مُنہ پر رہے گی اور پہناتے وقت بہت خوبصورت معلوم ہوگی۔ جھالر لگا لینے کے بعد اس پر ربن لگائی جائیگی۔ اب اُون کی خوبصورت ڈوریاں بٹ لو اور ان ڈوریوں کو بند کی جگہ دونوں کناروں پر ٹانک لو اور سروں پر اُون ہی کے پھندنے باندھ دو۔ تیسرے کنارے پر بھی اُون کا پھندنا ٹانکا جائیگا جو نقشے سے ظاہر ہے۔

پہناتے وقت ان بندوں کو گردن میں سے نکال کر اور شال کے اوپر گزار کر گردن کے نیچے شال کے اوپر باندھئے اور آدھے گز لمبان کے رکھئے تاکہ آرام سے دو ایک پیچ پڑ سکیں۔ اگر بچے کا سر چھوٹا ہے تو یہ بند جھالر کے نیچے سرے ناپ کر ٹانک لیجئے اور جتنا بچے کا سر بڑا ہوتا جائے اتنا ہی فاصلہ دیکھ کر ٹانکتی جائیے۔ بند ٹھیک ٹانکنے سے شال کا سرا بچے کے سر پر ٹھیک آئے گا اور خوبصورت معلوم ہوگا۔ اس قسم کی شال بچوں کے لئے ٹوپے سے زیادہ کارآمد ہوتی ہے۔ سر گردن اور کندھے وغیرہ ڈھکے بھی رہتے ہیں اور جلدی جلدی چھوٹی ہو کر بیکار نہیں ہوتی۔ اگر پسند کریں تو ریشم کی جگہ اُونی کپڑے کی بنا لیجئے وہ گرم بھی رہے گی۔ اُون سے نٹنگ ورک میں بھی تیار کی ہوئی شال کافی عرصے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے لئے بُناوٹ جال نما مناسب ہوگی۔ سلائی پر اندازے کے مطابق پھندے ڈال کر اسطرح بنائیے۔ اُون سلائی پر لیکر دو پھندے ایک ساتھ اُون سلائی پر لیکر دو پھندے ایک ساتھ۔ اس طرح سلائی پر اُون لینے سے جو پھندا بڑھ جائے گا وہ دو ایک ساتھ لینے سے گھٹ جائے گا اور سب پھندے اتنے ہی رہیں گے جتنے پہلے لئے تھے۔ اُلٹی طرف یعنی دوسری سلائی بھی اسی طرح بنائیے اُون سلائی پر لے کر دو پھندے ایک ساتھ اُون سلائی پر لے کر دو پھندے ایک ساتھ ہ دوسری لائن پر دو پھندے گھٹاتی جائیے یہاں تک کہ کنارہ نمودار ہو جائے۔ بعد تیاری تینوں طرف کروشیا سے لیس بنا لیجئے۔ اور اسی طرح بند وغیرہ ٹانک لیجئے۔


غدیر فاطمہ


کوٹ

گرم یا عمدہ دبیز سوتی کپڑا۔ ۶ عدد پیچ بٹن


کپڑے کو دوہرا کر کے مطابق نقشہ نمبر (۱) قطع کیجئے۔ کھول لینے کے بعد نمبر (۲) کی طرح بنائیں۔ آستین پوری رہے گی۔ کالر اور کف بھی کوٹ کے کپڑے ہی کے بنائیں اور مشین سے سی لیں۔ بعد تیاری پیچ بٹن لگا لیں۔

بٹن اس طرح بنائیے کہ ٹین کے بٹن لے کر ان کے اوپر کپڑا منڈھ کر سوئی سے سی لیجئے اندر پیچ بٹن لگائیے اور اوپر یہ بٹن










اس کوٹ کی سلائی مشکل نہیں مطابق نقشہ کاٹ کر چُنٹ کی جگہ چُنٹ سینے کے بعد کالر لگائیے۔ اگر استر لگائیں تو سردی کے موسم میں زیادہ اچھا رہے گا۔ گرمی کے لئے استر نہ لگائیے۔

م۔ ن۔

خیّاطی

فراک



قمیصوں کے سامنے کا حصہ قطع کر کے دیا گیا ہے۔
قمیص نمبر ۱ کے کف اور کالر اسی قمیص کے ہم رنگ بنے ہوں گے
لیکن قمیص نمبر ۲ کے کف، بٹن اور کالر سفید ہوں گے۔

ایم۔ ایس۔

تکیے کے غلاف کا کونہ



ترکیب تیاری:-

گول گول کتنھی شیڈ دار سے
کشمیری کڑھت سے بنائیے۔ اوپری حصہ
ہلکے اور نیچے کا گہرے رنگ سے بنائیے۔
کنارے پر اور جو درمیان میں چھوٹا سا نشان ہے
سب کالے رنگ سے بنائیے۔ ڈنڈیاں۔ پتّیاں سب
سبز شیڈ دار سے بنیں گی۔ یہ پھول تیار ہونے پر
بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔ میں نے بنا کر دیکھا ہے۔

مسز عبدالقدیر انصاری۔ پھدگدیہ۔ اعظم گڈھ

گلاب کی ڈالی

ٹیبل کور، تکیہ غلاف وغیرہ
پر نقشہ ٹریس کرکے بنائیے۔


پھول گلابی۔ پتے سبز
شیڈدار۔ ڈال چوکلیٹ
گلاب کا زیرہ زرد بنائیے
بہت خوبصورت
معلوم ہوگا۔

آر۔ کے درخشاں
بجنور

باسکٹ

ہدایات:-

پھول:- سُرخ۔ اور زیرہ زرد رنگ کا
کلیاں:- شیڈدار حصّہ سُرخ۔ بقیہ ہلکا گلابی
پتیاں:- سبز
ٹوکری:- کتھئی رنگ کی لیکن صرف لائنیں کاڑھی جائیں



ناظم حسین۔ آرٹسٹ

خوبصورت ٹوکری



فاخرہ بانو جائسی
اعظم گڈھ

زنجیرہ کڑھت




اسے بڑی میز کے کپڑے پر یا چادر کے کونوں پر بنائیے۔ بنانے کی ترکیب نومبر کے پرچے میں شایع ہو چکی ہے جین اسٹیچ سے بنائیے۔ گول نشانوں پر البتہ سوراخ کرکے چکن کاری کیجئے۔ باریک دھاگہ سے صفائی کے ساتھ نکالئے۔
یہ خیال رہے کہ کام زیادہ تر ہلکے ہلکے رنگوں سے بنایا جائے۔
پھول کے بیچ فرنچ ناٹ خوب گھنا بنائیے۔

شوکت آرا اعظمی اعظم گڈھ


پینٹ کا کام
باسکٹ
بہنیں
حسب
رنگوں سے
کریں۔
زہرہ


موتیوں اور تاگے کا کام سلائیوں سے



موتیوں کا بٹوا

ڈی۔ ایم۔ سی۔ کے تاگے میں موتی پرو لیجئے، اور سلائی پر ناپ کے موافق پھندے ڈال کر اُلٹی بُناوٹ سے بُن لیجئے۔ اُلٹی بُناوٹ کا مطلب ہے تاگہ آگے لیکر پھندا ڈالنا۔ ہر ٹانکہ میں موتی سامنے لیجئے۔

بعد تیاری رنگین ریشمی کپڑے کا استر لگائیے اور اس کا ہینڈل لگا کر ڈھکنے میں بیچ بٹن ٹانک لیجئے۔



اگر بازار میں مل جائے تو لوہے کا چمکدار ہینڈل خرید کر لگائیے۔ یہ بٹوہ بہترین چیز ہے اور کافی قیمت میں بازار میں ملتا ہے۔

ترکیب:۔ جس طریقہ سے بنیان بُنتے ہیں اس طریقہ سے پہلے موتی ڈی۔ ایم۔ سی۔ کے ڈورے میں پرو کے الٹے پھندے لیکر بنا لیجئے بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔

صدیقہ بیگم۔ باندی کوٹ

سلمہ ستارہ کا کام


کشتی پوش کا مرکز

یہ مرکز پیلے رنگ کے ساٹن پر سلمہ ستارہ سے تیار کیجئے۔


جوہر نسواں کے سائز کو دیکھتے ہوئے نصف خاکہ پیش کر رہی ہوں۔

ابھرے ہوئے کارچوب سے نہایت دیدہ زیب چیز تیار ہوگی۔

بنانے کا طریقہ مندرجہ ذیل تراکیب سے بخوبی عیاں ہے



کچا سوت بھرا جا رہا ہے



سوت سے بھرنے کے بعد خار دار سلمہ سے پنکھڑیاں اس طرح مکمل کی جائیں گی۔

ڈالیاں وغیرہ گجائی سے بنائیے۔ گول نشانات ستاروں سے بنیں گے۔ چڑیا کا نچلا حصہ سادے سلمہ سے بنائیے۔


(اصغری خاتون بارہ بنکی)

جالی اور چکن کاری

دلآویز انگوری کونہ

یہ کونہ جالی چکن کاری سے تیار کیجئے
ٹہنیاں روپ اسٹیچ سے بنیں گی
رنگین ڈوروں سے بھی بنایا جاسکتا ہے۔

صفدری خاتون




کراس اسٹچ میں خوبصورت سینری




یہ سینری قدرتی رنگوں سے بنے گی ٹانکہ کروس کرتے ہوئے بہت احتیاط رکھی جائے۔

الف۔ خ



پھول




رنگ ایسے منتخب کیجئے جن میں قدرتی پھول کی جھلک نمایاں ہو۔

از۔ ق۔ س۔ بنت امیرالدین پلیڈر۔ جڑانوالہ

سنگر مشین کا کام

گھیر کا خاکہ



سنگر مشین سے کاڑھیں۔ گلارکس ایمبرائیڈری سفید کاٹن نمبر ۵۰ استعمال کریں۔


مسز اسمٰعیل۔ کوٹھاڑی





ضرور اُس نے
لائف بوائے کی
عادت سیکھی ہے!

وہ اسکول جارہا ہے، وہاں سے وہ کیا لے کر آئے گا؟ نئی معلومات، نئے اطوار اور شاید کسی بیماری کے جراثیم۔ ماں اپنے چھوٹے سے بچے کو ان سب چیزوں کی حفاظت میں بھیجتی ہے جو اس نے اسے سکھائی ہیں۔ سب سے زیادہ اہم لائف بوائے صابن کا روزانہ استعمال ہے، جو میل کے اس خطرہ سے حفاظت کرتا ہے جو تندرست سے تندرست بچوں کو بھی جراثیم اور بیماری کے متعلق لاحق رہتا ہے۔



لائف بوائے ایک اچھا صابن ہی نہیں بلکہ ایک اچھی عادت ہے۔

اونی کام سلائیوں سے

لیڈیز جمپر

(موسمِ سرما کا تحفہ جوہری بہنوں کے لیے)

اشیاء:- اون ۲۔ اونس حسبِ مرضی رنگ۔ بننے کی سلائیاں نمبر ۹۔ اور نمبر ۱۱۔ ایک انچ میں ۷ پھندے بنیں گے۔ (اون زیادہ موٹی نہ ہو) باریک اون بہتر ہے۔ ۱۰۸ خانہ بارڈر کے لئے نمبر ۱۱ سلائی پر بن لیں۔ ۲ سیدھے۔ ۲۔ اُلٹے۔ ۲ سیدھے ۲ اُلٹے ۲۔ سیدھے ۲۔ اُلٹے ختم سلائی ۲ سیدھے پر ختم ہونی چاہیئے۔

دوسری قطار- اب ایک خانہ بڑھائیں (دوسری قطار) اُلٹے پر اُلٹا۔ سیدھے پر سیدھا باقاعدہ بنتی جائیں بعد ختم ایک خانہ بڑھاؤ۔ اسی طرح جب تک ۱۲۶ خانہ ہو جائیں اور ساتھ ہی ۳۱ چکر بارڈر میں پورے ہوں۔

اب نمونہ شروع کریں۔ نمبر ۹ سلائی پر بارڈر کو تبدیل کرلیں۔ ۲ سیدھے ۲۔ اُلٹے۔ ۲ سیدھے۔ ۸ اُلٹے ختم پر ۸ اُلٹے آنے چاہئیں۔

دوسری لائن۔ ۸ سیدھے۔ ۲ اُلٹے۔ ۲ سیدھے ۲۔ اُلٹے۔ ۲ سیدھے۔ ختم سلائی پر ۲ اُلٹے آنے چاہئیں۔

پہلی اور دوسری لائن کو پھر دوہرائیں۔ جب تک ایک اونس اُون ختم ہو جائے۔

ایک اونس اُون ختم کے بعد۔ ۲ اُلٹے۔ ۲ سیدھے ۸ اُلٹے۔ ۲ سیدھے۔ ۲ اُلٹے ۲ سیدھے۔ اسی طرح سلائی ختم ہوگی۔


چھٹی قطار:- ۸ سیدھے۔ ۲ اُلٹے۔ دو سیدھے ۲ اُلٹے۔ ۸ سیدھے۔ ۲ اُلٹے۔ ۲ سیدھے۔ ۲ اُلٹے ۲ سیدھے۔ اسی طرح سلائی ختم کریں۔

جبتک ایک اونس اور اُون ختم ہو جائے۔ اب پھر پہلی اور دوسری لائین کو دُہرائیں۔ پھر ۳ چار (۵) لائین دُہرائیں۔ جب ۱۲۔ انچ لمبا بُن لیں تو مونڈھے کے لئے ایک خانہ دائیں ایک خانہ بائیں جانب کم کرتی رہیں۔ جب ڈیڑھ انچ (۱½) بُن لیں۔ تب مونڈھے کا گھٹاؤ ختم ہوگیا۔ اب گلا بنائیں۔ ۱۸۔ انچ چوڑان کو دو حصّہ میں رکھیں ۹۔ ایک سلائی پر ۹ دوسری سلائی پر پھر گلے کی بُنائی شروع کریں۔

ایک بائیں ایک دائیں خانہ کم کریں۔ جب ۲½ انچ شانے کے لئے۔ رہ جائیں تب گھٹاؤ بند کرلیں۔ اب شانے سے لے کر لمبان جمپر کی ۱۹۔ انچ ہو جائے تب بند کریں یعنی سامنا حصّہ تیار ہوگیا (پچھلا حصّہ بھی اس طرح نمونہ بنائیں اور ذیل کے نقشہ کے مطابق انچ وغیرہ رکھیں)۔

آستین:- اپنی کلائی ناپ کر خانہ ڈالیں۔ بارڈر کی طرح نمونہ بُن لیں۔ جب ۲۔ انچ بُن لیں پھر نمونہ شروع کریں۔ مونڈھے ناپ کر آستین کی چوڑان بنائیں

بقیہ صفحہ ۲۴ پر دیکھیں



لیڈیز اونی جرسی

ناپ:-

چوڑائی سینہ کی ۱۷ انچ۔

لمبائی۔ کندھے سے کمر تک ساڑھے ۱۹ انچ۔

لمبائی پوری آستین ۲۲ انچ۔ لمبائی نصف آستین ۱۰ انچ۔

یہ جرسی دو حصوں میں بُنی جائے گی۔ سامنے کا حصہ الگ بُنا جائے گا اور پیچھے کا الگ۔

اُون La laine Super Fingering 3.ply. (لا لائن سپر فنگرنگ ۳ پلائی) یا جیسی فی زمانہ دستیاب ہو۔ پوری آستین والی جرسی کے لئے ۷ اونس۔ آدھی آستین والی جرسی کے لئے ۶ اونس۔

سلائیاں۔ نمبر ۹ دو عدد۔ نمبر ۱۰ دو عدد۔ بٹن ۳ عدد۔ یا کروچٹ ہک۔

سامنے کے حصے کے لئے دس نمبر والی سلائی پر ایک سو سات پھندے ڈال لیجئے۔

پہلی قطار۔ سیدھے پھندے سب۔

دوسری قطار۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ اس طرح اُلٹے پر اُلٹا اور سیدھے پر سیدھا۔ کے حساب سے ۲½ انچ بُن لیجئے۔ یہ گوٹ ہو گئی اب اصل بُناوٹ شروع کیجئے۔ اور خانے نمبر ۹ سلائی پر لے لیجئے۔

پہلی قطار۔ دو سیدھے ایک اُلٹا ایک سیدھا ایک اُلٹا ایک سیدھا ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا تین سیدھے ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا ایک اُلٹا۔ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا ایک اُلٹا ایک سیدھا ایک اُلٹا۔ تین سیدھے۔ اُون سامنے کر دو پھندے ایک ساتھ ایک سیدھا۔ اُون سامنے کر دو پھندے ایک ساتھ۔ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا تین سیدھے اُون سامنے کر دو پھندے ایک ساتھ ایک سیدھا۔ اُون سامنے کر دو ایک ساتھ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ تین سیدھے۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا۔ تین سیدھے ایک اُلٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک۔ اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ ایک اُلٹا تین سیدھے۔ دو اُلٹے۔

دوسری قطار۔ اُلٹے پھندوں پر اُلٹے سیدھے پھندوں پر سیدھے۔ درمیان جہاں جالی بنائی ہے یعنی ڈبل پھندے لئے ہیں وہاں پر جالی یعنی دو پھندے ایک ساتھ۔ اُون سلائی پر سے کر۔

تیسری لائن:- پہلی کی طرح۔ چوتھی لائن دوسری کی طرح۔ اسی ترکیب سے ۸ لائنیں بن لیجئے۔

نویں قطار:- ۸۴ پھندوں تک مندرجہ بالا طریقہ سے بنو۔ پھر جہاں جالی یعنی سلائی پہاؤں آگے کرکے دو پھندے ساتھ لئے ہیں ان کو ایک خانہ پہلے لو۔ جالی ایک تین سیدھے ایک جالی۔ تین سیدھے۔ ایک الٹا ایک سیدھا۔ ایک الٹا ایک سیدھا۔ ایک الٹا ایک سیدھا۔ ایک الٹا۔ تین سیدھے۔ ایک جالی تین سیدھے ایک جالی۔ تین سیدھے اب بدستور پہلے۔ ۸۴ پھندوں کی طرح بن کر کنارے تک آجاؤ۔ **دسویں قطار**:- الٹوں پر الٹے۔ سیدھوں پر سیدھے۔


گیارھویں قطار:- ۸۴ پھندے بدستور۔ جالی آگے ہٹاکر ۵ سیدھے۔ جالی۔ دو سیدھے ایک الٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک الٹا ایک سیدھا۔ ایک الٹا۔ ایک سیدھا۔ ایک الٹا۔ ۲ سیدھے جالی۔ ۵ سیدھے جالی ۲ سیدھے۔ باقی خانے سلسلے وار۔ **بارھویں قطار**:- الٹوں پر الٹے۔ سیدھوں پر سیدھے۔ جالی پر جالی۔

تیرھویں قطار:- بناوٹ بدستور۔ درمیان میں جالی۔ ایک گھر آگے اندر سیدھے جالی۔ پھر الٹوں پر الٹے۔ سیدھوں پر سیدھے۔ جالی ایک گھر آگے اندر سیدھے۔ جالی بناوٹ بدستور۔

چودھویں قطار:- الٹوں پر الٹے۔ سیدھوں پر سیدھے۔ جالی پر جالی۔

پندرھویں قطار:- بدستور۔ جالی کو بجائے آگے بڑھانے کے اندر کے خانے گھٹاؤ۔ اندر ۵ سیدھے۔ جالی۔ اسی طرح جیسے جالی آگے بڑھائی تھی۔ اب اندر گھٹاکر بیسویں لائن تک آجاؤ۔ یہ نمونہ ختم ہو گیا۔

اب یہی بناوٹ جاری رکھو ہر کنارے یہاں تک کہ ایک سو ستائیس پھندے طرف بڑھیں گے اس لئے وہ بناوٹ کے طرح بنالو۔ اب کندھا بنانے کے لئے لائن میں کناروں پر دو پھندے ایک گھٹ جائیں۔ اور کندھے کا لمبان



پر پہلی اور چھٹی قطار کے ایک خانہ بڑھالو ہوجائیں۔ پھندے چونکہ کناروں کی شمار میں نہ آئیں گے۔ ۱۲۔۱ انچ لمبا اس خانے گھٹانا شروع کرو اور ہر دوسری ساتھ سے لو یہاں تک کہ ۱۰ پھندے ناپ کے مطابق ہو جائے۔


اب خانوں کو ۲ سلائیوں پر آدھے آدھے تقسیم کرلو اور علیحدہ علیحدہ بنو۔ سیدھی جانب ۵ قطاریں بننے کے بعد کاج بناؤ۔ پھر ۱۶ لائینیں بنو اور کاج بناؤ۔ پھر ۱۶ لائن بن کر کاج بناؤ جب تینوں کاج تیار ہو جائیں۔ تو دوسرا حصہ بنو۔ ۸۔۱ انچ اس میں بٹن ٹیک کے بنانے کے لئے اور بڑھالو۔ اور اتنا ۔ ذکہ لمبان برابر ہو جائے۔ اب ۸ پھندے بٹن ٹیک کے بند کردو۔ اور گلا بنانے کے لئے گھٹانا شروع کرو یہاں تک کہ لمبان ۱۹۔۱ انچ ہو جائے۔ ایسے ہی سیدھی طرف گھٹاؤ۔ اگلا حصہ تیار ہے۔

پہلا حصہ:- بالکل اگلے طریقے سے بنو صرف جالی دار بناوٹ نہ بنائی جائے گی۔ ناپ اگلے حصے کی برابر رہے گا۔

لمبی آستین۔ نمبر۱۰ سلائی پر ۵۱ پھندے ڈالئے۔

پہلی قطار۔ ایک اُلٹا ایک سیدھا۔ خاتمہ پر بُنو۔

دوسری قطار:۔ اُلٹے پر اُلٹا۔ سیدھے پر سیدھا۔ خاتمہ تک بُنو۔ تین انچ اسی طرح بُننے کے بعد خانے سلائی نمبر ۹ لے آؤ۔ اور جرسی کی بُناوٹ کی طرح بُنو۔ یہاں تک کہ ۱۱½ انچ ہو جائے۔ اب ہر پہلی اور چھٹی لائن کے کنارے پر ایک پھندا بڑھاؤ۔ یہاں تک کہ ۹۱ پھندے ہو جائیں اور مونڈھے کی گولائی کے لئے حسب نمونہ پھندے کم کرتی جاؤ اور بُناوٹ جاری رکھو اتنی کہ آستین کا لمبان ۲۲ انچ ہو جائے۔ اسی طرح دوسری آستین بنا لو۔



اب دونوں اگلے پچھلے سے ملا کر سی لو۔ اور کالر اسی بُناوٹ میں سے ۱ ۱ ایک سیدھا کے حساب سے کناروں کی طرف ایک ایک کہ کالر کا چوڑان ۱½-۲ انچ کر کے بُناوٹ ختم کرو۔

حلقوں کو کندھوں کے اوپر کے لئے ۹ نمبر والی سلائی پر پھندے اُٹھا لو اور ایک اُلٹا بُنو۔ ہر دوسری لائن پر دونوں پھندا بڑھاتی جاؤ۔ یہاں تک ہو جائے۔ اب پھندے بند آستین کندھوں میں سی کر سے سی لو۔ اور بٹن ٹانک لو۔

جرسی کے اطراف اسی اُون بہت عمدہ جرسی تیار ہے۔

جو بہنیں اب بھی نہ سمجھیں وہ اُون میرے پاس بھیجدیں نمونہ اصلی روانہ کر دوں گی۔

غدیر فاطمہ (ماخوذ از انگریزی)

(بقیہ مضمون ۲۰ کا) لمبان ۱۸۔ انچ رکھیں۔

بعد تیاری جمپر و آستین وغیرہ کو استری کر لیں۔ پھر سُوئی میں اُون ڈال کر سی لیں۔ اب کالر بنایئے۔

کالر۔ گلا ناپ لیں۔ اب اتنے خانہ ۱۱ نمبر سلائی پر ڈالیں بارڈر کی طرح بُنائی ہوگی۔ دو سیدھے۔ دو اُلٹے بناتی جائیں۔ ۶ انچ چوڑان بُن لیں۔ اب بند کر لیں یعنی ختم کریں۔ کالر گلے سے ملائیں یعنی سی لیں پھر استری کریں بہت خوشنما جمپر ہو گا۔

زبیدہ۔ جی۔ شیخ
(شکار پور سندھ)

چمڑے کی دستکاری

(گذشتہ سے پیوستہ)

کاف اسکین پر موڈلنگ کا عمل

کاف چمڑے پر زیبائش کی یہ بہت مفید اور مقبول صورت ہے۔ سب سے پہلے چمڑے کو یا تو چھوٹے سے اسفنج یا کاٹن وُول (ایک قسم کی روئی) سے تر کرو۔ ابتدائی کوشش کے لئے کوئی بہت سادہ ڈیزائن انتخاب کرنا چاہیئے۔ چمڑے کو کسی رسالہ یا اسی قسم کی کسی ملائم جگہ پر رکھو۔ پھر چمڑے کی نم حالت میں ہی اس کی سیدھی سطح پر بغیر کاربن کاغذ کے ڈیزائن رکھو۔ چاروں طرف اتنی جگہ رکھو کہ کناروں پر بخوبی تسمہ بندی یا سلائی ہو جائے۔ اب ڈیزائن پر سختی کے ساتھ پنسل کی نوک پھیرو۔ کسی نقش یا لکیر پر دوبارہ یا سہ بارہ پنسل نہ پھیرو۔ ورنہ دُہری لکیر پڑ جائے گی۔ نیز سب جگہ پنسل کا ایکساں دباؤ پڑنا چاہیئے۔ اگر سیدھی لکیر ٹریس کرنی ہے تو پیتل یا لکڑی کا رُولر استعمال کرو۔ اور اس کے سہارے سے لکیریں کھینچو تاکہ صاف اور خوشنما نقوش نمایاں ہوں۔ جب ڈیزائن پورا چمڑے پر اُتر آئے تو کاغذ کو اٹھا لو۔ اب جس طرح اس ڈیزائن پر پنسل پھیری تھی۔ اسی طرح ٹریسنگ ٹُول چمڑے پر اُترے ہوئے ڈیزائن پر پھیر کر اس کے نقوش کو ذرا گہرے اور نمایاں کر دو۔ اس کے بعد موڈلنگ ٹُول کو اٹھاؤ۔ اور اس سے تمام ڈیزائن کے نقوش کو سب جگہ سے بیک گراونڈ دبا دبا کر اونچے کر دو۔ اس طریقہ سے سطح تو نیچے دب جائے گی اور نقوش کی لکیریں اُبھر آئیں گی۔ اوزار کو بہت سیدھے زاویہ میں نہ پکڑو۔ بلکہ ایسے پکڑو کہ جیسے لکھنے کے لئے قلم پکڑتے ہیں۔ تاکہ اوزار کی گول نوک جیسے بال کہتے ہیں، اس طریقہ سے خالی سطح (بیک گراونڈ) سب جگہ سے دباتی جائے کہ تمام نقوش کے کنارے چاروں طرف سے صاف ابھر کر اُٹھ آئیں۔ اس طریقہ میں یہ لازمی ہے کہ دوران عمل میں چمڑے ہی کو مسلسل گھمایا جائے۔ تاکہ اوزار ایک ہی زاویہ میں رہے۔ اس سے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اوزار کو نہایت آسانی سے کلمہ کی انگلی سے جس زاویہ میں چاہیں حرکت دے سکتے ہیں۔ چنانچہ قاعدہ یہ ہے کہ جب سیدھے ہاتھ سے اوزار کو پکڑتے ہیں تو چمڑے کو اُلٹے ہاتھ کی دوسری اُنگلی سے اوزار کے نیچے چلاتے رہتے ہیں۔

اس طریقہ سے جب ڈیزائن کی خالی سطح (بیک گراونڈ) کافی دب جائے اور ڈیزائن کے تمام نقوش اُبھر آئیں تو سمجھنا چاہیئے کہ ڈیزائن مکمل ہو گیا۔ اب خالی سطح یعنی بیک گراونڈ جو دبائی گئی ہے اس پر میٹنگ ٹُول سے پنچھ کا ستی کر دو یا یوں ہی خالی چھوڑ دو۔ عمل کے تمام دوران میں اگر چمڑے کو اسفنج یا کاٹن وُول سے خفیف نم کرتے رہیں تو اچھا ہے۔ اس طریقہ سے چمڑا دوران عمل میں ملائم رہے گا اور اس پر اوزار آسانی سے کام کرتا رہے گا۔ مگر یاد رہے کہ چمڑا بہت بھیگ بھی نہ جائے ورنہ نقوش صفائی اور یکسانیت سے نہیں اُٹھیں گے۔

چمڑے کے کام پر امبوزنگ یا ایپوز۔

یہ عمل فی زمانہ ایسا مقبول عام نہیں ہے جیسا پہلے تھا۔ اس عمل میں اُقلیدسی ڈیزائن بڑے بڑے پھولوں کے پیڑوں، بیلوں اور ناشپاتیوں وغیرہ کی جگہ لے رہے ہیں جو آجکل قریب قریب ہر بیگ پر دیکھے جاتے ہیں۔ بہرحال اگر کوئی بڑا ڈیزائن " فائر اسکرین" (انگیٹھی کا پردہ) پر موڈلنگ کر کے تھوڑا سا امبوز کر دیا جائے تو اس کی ہمواری دور ہو کر وہ کچھ زیادہ نمایاں ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے چمڑا پانی کے ایک برتن میں رکھا جاتا ہے۔ اگر معمولی موڈلنگ کے لئے کاف چمڑا استعمال کیا جا رہا ہے تو اسکو صرف پانی میں ڈبوکر

فوراً نکال لینا کافی ہے۔ اگر موٹا کاف چمڑا یا کیوہائڈ استعمال کیا جا رہا ہے تو اس کو ایک گھنٹہ تک یا زیادہ اسکی موٹائی کے مطابق پانی میں ڈبو رکھنا ضروری ہے۔
اگر کاربن کاغذ کے ذریعہ سے ڈیزائن اُتارنا ہے تو اسے اس کے رنگدار مصالحہ کی طرف سے چمڑے کی اُلٹی طرف رکھو اور اس پر اصل ڈیزائن رکھو۔ پھر حسب معمول ڈیزائن ٹریس کرو۔ جب کاربن کاغذ اٹھایا جائے گا تو چمڑے کی اُلٹی طرف ایک نیلی لائن نمودار ہوگی جو اس ڈیزائن کی شکل ہوگی۔ یہ شکل اُبھرے ہوئے حصہ کو بھرنے میں رہنمائی کریگی
اب یہ ڈیزائن پہلے بالکل اسی طرح موڈل کیا جائیگا جیسے کہ اوپر اسکے عمل کی تشریح ہو چکی ہے۔ جب تمہارا اوزار بتدریج پشت کے حصہ کو جسے تم اُبھارنا چاہتے ہو، دباتا جائے تو اسے گول زاویہ میں حرکت دیتے رہو اور اس حصہ پر اپنا انگوٹھا اور دوسری انگلی رکھکر اسے خوب دباتی رہو تاکہ باقی چمڑے کی سطح کھچنے نہ پائے۔
جب ڈیزائن چمڑے کی سیدھی طرف کافی اُبھر جائے تو لکیروں کو موڈلر سے ایک بار اور زیادہ نمایاں کر دو۔ اسکے بعد اُبھری ہوئی سطح اُلٹی طرف سے رائی کے آٹے کی لئی اور لکڑی کے برادہ سے بھری جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے ایک خاص مصالحہ بھی آتا ہے مگر وہ ولائتی ہوتا ہے اور شاید آجکل اس کا ملنا مشکل ہے۔ اگر رائی کی لئی اور لکڑی کا برادہ استعمال کیا جا رہا ہے تو رائی کا آٹا اور برادہ خوب پیسکر باریک کر لینا چاہیئے۔ اور پانی میں گھول کر اُسے لبدی کی شکل میں کر لیا جائے۔ یہ لگدی بہت تر نہ ہونی چاہیئے ورنہ استعمال کے وقت دقت کا سامنا ہوگا۔ اسکی تری چمڑے کی سیدھی طرف پہنچکر ڈیزائن کے اُبھرے ہوئے بگاڑنے کا موجب ہوگی اور اس کا نشان بھی قائم رہیگا۔ اب اُبھرے ہوئے حصہ کو اُلٹی طرف سے بھر دو۔ اس مقصد کے لئے کاربن کاغذ کی لکیریں رہنمائی کریں گی۔ اس بات کا خیال رکھو کہ بھرائی سطح کے برابر اگر تمام سطح ہموار ہو جائے پھر اس پر ایک پتلا کاغذ چپکا دو۔ اور سوکھنے کو چھوڑ دو۔ سوکھنے کے لئے دھوپ میں نہ رکھنا چاہیئے۔ ورنہ چمڑا اکڑ جائے گا۔
جب بھرائی خشک ہو جائے تو اوزار سے ڈیزائن کے نقوش کو قدرے سیدھی طرف سے اور اُبھار دو تاکہ دوران عمل میں جو نقوش کچھ دب گئے ہوں تو وہ اُبھر آئیں اور نقوش خوب نمایاں ہو جائیں۔ پھر اسے بالکل خشک ہونے کے لئے چھوڑ دیا جائے جو دو تین روز میں ہوگا۔ خشک ہونیکے بعد ڈیزائن حسب مرضی رنگا جا سکتا ہے۔ رنگا ہوا ڈیزائن بہت زیادہ دلکش ہو جاتا ہے۔

لیدر ایپلک:۔ اس عمل سے نہایت دلفریب پیٹرن چمڑے کی کسی چیز پر بنائے جا سکتے ہیں چنانچہ اگر مختلف رنگ کے چمڑے کے ٹکڑے کسی شکل میں کاٹکر کسی چیز پر چپکا دیئے جائیں تو اسکی زیبائش میں نہایت خوبصورت اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایک سادہ سا پیٹرن بھی کسی دوسرے چمڑے کا چیز کے حُسن کو دوبالا کر دیتا ہے۔ فرض کرو کہ ایک کاف چمڑے کا ٹکڑا اسکو بیگ پر لگانا چاہتی ہو تو پہلے یہ فیصلہ کرو کہ یہ پیٹرن کس شکل کا ہونا چاہیئے۔ جب یہ ٹھیک طور سے کاٹ لیا جائے تو اس پر ٹولنگ کا عمل کر دیا فینسی پنچوں سے کوئی ڈیزائن بنا لو اور حسب مرضی رنگوں سے رنگ دو پھر اس پیٹرن کے تمام کنارے کسی تیز اوزار یا ریگ مال سے چمڑے کی اُلٹی طرف سے گھس لو۔ مگر اس بات کی احتیاط کرو کہ کنارے ناہموار نہ ہو جائیں۔ اگر غلطی سے ایسا ہو جائے تو تیز قینچی سے کاٹ لو تاکہ وہ کنارے خوبصورت ہو جائیں اسکے بعد پیٹرن کو اسکی مناسب جگہ چپکا دو۔ اس کے بعد چاروں طرف بطور حاشیہ کے پنچ ہول کر دینا چاہیئے۔ مگر یہ کام ایلک ڈیزائن سے اصل چمڑے (مراکو) پر کام کرنا چاہیئے۔ پھر اصل ایک ڈیزائن پر پہلے سوراخوں کی قطار میں دوسری پنچ کاری کر دو۔ اسکے بعد چاروں طرف بیگ پر تسمہ بندی کر دو یا اگر سلائی کرنی ہو تو تسمہ بندی کے بجائے سلائی کر دو۔ مگر اس سے پہلے بیگ کے اندر حسب معمول استر لگا دینا چاہیئے۔ یہ عمل بہت سی قسم کے چمڑوں پر مثلاً سوڈ (Sued) پر سوڈ کا ایلک کاف کا ایلک فینسی لیدر پر اور سوڈ کا کرپی یا ویز گینڈ چمڑے پر کیا جا سکتا ہے۔


کٹ آوٹ:۔ یہ عمل زیادہ تر سوڈ پر کیا جاتا ہے۔ اسکے بعد کسی دوسرے رنگ کا چمڑا اسکے پیچھے چپکا دیا جاتا ہے جو کٹے ہوئے حصوں میں سے جھلکتا ہوا بہت خوشنما معلوم ہوتا ہے۔

بلائنڈ ٹولنگ:۔ ڈیزائن جو قطعی پنچوں سے بنائے جاتے ہیں بعض اوقات بہت اچھے معلوم ہوتے ہیں اور مشین کے سے بنے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اگر اس اثر کو دور کرنا ہوتا ہے۔ تو ان پر ٹولنگ کا عمل کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً پنچ کاری سے ایک بیل بنانی ہے تو اسکے باہر کی طرف دو لکیریں موڈل بھی کر دی جائیں۔
جیسے کہ نیچے دی ہوئی شکل سے ظاہر ہے۔ اس طریقہ سے چند پنچوں سے بے شمار ڈیزائن بنائے جا سکتے ہیں۔ پنچنگ کے واسطے ایک چوبی ہتوڑا یا لوہے کی چھوٹی ہتوڑیا استعمال کی جاتی ہے۔ مگر چوبی ہتوڑے سے جسے میلٹ بھی کہتے ہیں کام کرنا آسان ہے کیونکہ اس کا سر چوڑا ہوتا ہے اور ہاتھ بہکنے نہیں پاتا بالخصوص اس سے مبتدیوں کو بہت سہولیت ہوتی ہے کیونکہ ہاتھ بہک جانے سے پنچ اپنی جگہ سے کھسک کر چمڑے پر نشان چھوڑ دیتا ہے۔



پنچ پر بہت زور سے ہمرکی ضرب نہ دینا چاہیئے۔ ایک درمیانہ درجہ کی ضرب کافی ہے صرف اس بات کی خاص طور سے احتیاط رکھو کہ ضرب کے وقت پنچ بالکل سیدھا کھڑا ہے تاکہ بالکل سیدھا نشان پڑے ورنہ اگر ٹیڑھا نشان پڑا تو پنچ کا نقش ایک طرف سے کم گہرا ہوگا اور دوسری طرف سے زیادہ گہرا جس سے سارا کام بدنما

معلوم ہوگا۔ بلائنڈ ٹولنگ یا پنچھ کاری میں ایک دوسرا فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر چمڑے کے خراب ٹکڑوں پر پنچھ کاری کردی جائے تو ان کا نقص خراب حصوں پر ظاہر نہیں ہوتا۔ چند پنچھوں کی شکلیں یہاں دکھائی جاتی ہیں۔ جو بلائنڈ ٹولنگ کے عمل میں کام آتی ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ یہ عمل چمڑے کی زیبائش کے لئے کس قدر کار آمد ہے۔



پنچھوں کی شکلیں

سوڈ یا ویلویٹ پرشین پر پینٹنگ:۔ چمڑے پر زیبائش کا ایک دوسرا طریقہ پینٹنگ بھی ہے۔ چمڑے پر پینٹنگ رنگین سیاہیوں سے کیا جاسکتا ہے۔ مگر سیاہیوں سے بہتر اس مقصد کے لئے اسپرٹ کے رنگ ہیں۔ چمڑے پر پینٹنگ کا طریقہ بالکل وہی ہے جو کاغذ پر کرنے کا ہے۔ یعنی قلم برداشتہ برش سے نقش بنانا۔ اگر قلم برداشتہ پھول پتیاں بنانے کی مشق نہ ہو تو سٹینسل سے کام لیا جاسکتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے یہ طے کرلیا جائے کہ نقش جو چمڑے کی چیز پر بنانا ہے کیسی شکل کا ہونا چاہیئے گول۔ ڈائمنڈ کٹ۔ چوکور یا تکونیہ۔ چنانچہ اس شکل اسٹینسل کا غذ میں کاٹ کر (اگر خاص اسٹینسل کا غذ دستیاب نہ ہوسکے تو معمولی موٹا کاغذ سہی) اس جگہ رکھو جہاں یہ شکل اُتارنی ہے۔ پھر حسب معمول برش . . . . وہ اسٹینسل سے چھوٹے نقش نمایاں ہوتے ہیں۔ بڑے نقوش بنانے کے لئے قلم برداشتہ کام کرنا پڑے گا۔ یا نقوش احتیاط سے کاربن پیپر کی مدد سے اُتارلئے جائیں۔ بہرحال اسٹینسل پیٹرن کے نقوش اکثر لوگ پسند نہیں کرتے۔

رنگ بہت کفایت سے استعمال کرنے چاہئیں۔ برش میں رنگ بہت تھوڑا لیا جائے ورنہ وہ پھیل کر نقوش کو خراب اور بھدّے کردے گا۔

ہمیشہ اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ تمام نقوش صاف کناروں تک نمایاں ہوں۔ اگر نقوش نامکمل رہ گئے ہوں تو رنگین سیاہیوں سے نب کی مدد سے ان کو دور کردو۔ کالی سیاہی سے بھی چمڑے پر بہت عمدہ ڈیزائن بن سکتے ہیں۔ اس کام کے لئے انڈین ریوز انک (Indian Rewes ink) بہت اچھی چیز ہوتی ہے

اگر چمڑے پر کئی رنگوں سے پینٹنگ کی خواہش ہے تو ہلکے رنگ کی سطح کا چمڑا استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ سیاہ رنگ کی سطح پر رنگ اچھی طرح نمایاں نہیں ہوتے۔

چمڑے کی جن چیزوں پر پینٹنگ خوشنما معلوم ہوتا ہے ان میں کیلنڈر۔ زنانہ ہینڈ بیگ اور کانوں کے بُندے زیادہ موزوں اور مناسب ہوتے ہیں۔

کٹ ورک کے ڈیزائنوں پر پینٹنگ بے حد خوشنما معلوم ہوتا ہے۔ اگر صفائی سے کام کیا جائے تو بعض اوقات اصل و نقل میں کوئی امتیاز نہیں ہوتا۔

پیچ ورک:۔ یہ اپلک ورک کا موٹا سا کام ہے۔ سوڈ اور اسی قسم کے دوسرے چمڑے کے بے کار ٹکڑوں سے پیوندکاری کرکے ٹی کوزی اور گدّیوں پر ڈیزائن بنائے جاسکتے ہیں۔ اس طریقہ سے چمڑے کے بہت سے بے کار ٹکڑے کام آسکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے کھُلے اور چوڑے ڈیزائن استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ چنانچہ کاغذ پر ڈیزائن بناکر اور قینچی سے کتر کر اُن کے حصّے الگ الگ کرلئے جاتے ہیں پھر ان پر چمڑے کے ٹکڑے رکھ کر ان کے مطابق کتر لیتے ہیں۔ اب چمڑے کی کسی چیز پر جس پر یہ کام بنانا ہے۔ اصل ڈیزائن کی ترتیب کے مطابق یہ ٹکڑے رکھتے ہیں۔ جمانے کے لئے یا تو ان کے کناروں کے چاروں طرف ٹکائی کردیتے ہیں۔ (اس مقصد کے لئے بُنیاد کسی دوسرے چمڑے کی ہونی چاہیئے) یا کسی مصالحہ سے چپکا دئے جاتے ہیں۔

دوسرا مفید طریقہ چمڑے کے بے کار ٹکڑوں سے پھُول پتیوں کی شکلیں کاٹنے کا ہے۔ یہ شکلیں کاٹ کر اور باہم تاگے سے ملا کر باندھ دی جاتی ہیں تو وہ ایک خوشنما پھولدار یا گلدستہ کی شکل میں ہوجاتی ہیں۔ اور مناسب مقام پر تاگے سے مضبوط ٹانک دی جاتی ہیں یا مصالحہ سے چپکا دی جاتی ہیں۔ یہ کام چمڑے پر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کپڑے پر مخملی پھولوں کا۔ اگر کام صفائی اور احتیاط سے کیا جائے تو یہ چیزیں معقول قیمت اور نمائشوں میں اچھے انعام پاتی ہیں۔ میں عرض کرچکا ہوں کہ چمڑے مخمل جیسے ملائم اور روئیں دار ہر رنگ کے ملتے ہیں۔ اور ان کی دونوں طرف کی سطحیں کارآمد ہوتی ہیں اس طرف کی سطح بالکل چکنی اور چمکدار ہوتی ہے۔ دوسری طرف کی روئیں دار۔ اس لئے اگر ذہن جدّت کی طرف مائل ہے تو ایسے چمڑوں سے نہایت کارآمد اور خوبصورت چیزیں تیار کی جاسکتی ہیں۔ (باقی دارد)

سیّد رضا احمد
کٹرہ حاجی حسن۔ آگرہ

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے مت[illegible] مجموعے

پردہ مشرق — مغربی تہذیب کے زہر آلود اثر سے خواتین کو محفوظ رکھنے کے لیے نہایت موثر مضامین — ۱۲ر
گدڑی میں لعل — عورتوں کو سگھڑ، ہنرمند، کفایت شعار اور منتظم بنانے کے لیے۔ — ۸ر
مسلمان عورت کے حقوق — حقوق نسواں کی حمایت میں درد و اثر میں ڈوبے ہوئے مضامین۔ — ۵ر
نالۂ زار — عورتوں کی مظلومیت کا مرقع، اُن کے مصائب و آلام کی درد انگیز داستان — ۱۴ر
بلبلِ بیمار — لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم اور بے بہا خیالات۔ — ۱۲ر
ساجن موہنی — تسخیر شوہر کا راز۔ میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ۔ — ۵ر
شادی کا انتخاب — اولاد کی شادی کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھنی چاہئیں۔ — ۱ر
فریبِ ہستی — مسلمان گھرانے اندر ہی اندر کس طرح کھوکھلے ہو رہے ہیں۔ — ۵ر
بیگمکری کا آخری دن — اور دوسرے مضامین جنہیں پڑھ کر لڑکیاں کنوار پنے کی قدر کریں گی۔ — ۵ر
شبستان مغرب — خواتین کے مطلب کے چند بہترین انگریزی مضامین کے عام فہم ترجمے۔ — ۸ر
بکھری ہوئی پتیاں — مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ۔ — ۹ر

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

جمال ہمنشین — فلسفیانہ و شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم۔ — ۵ر
گلستانِ خاتون — زنانہ لٹریچر کے بلند پایہ غیر فانی افسانوں کا حسین مجموعہ آرٹ کاغذ بار سوم — ۶ر
پیکرِ وفا — ایک دل آویز سبق آموز نتیجہ خیز افسانہ بار چہارم — ۸ر
بچھڑی بیٹی — ایک مختصر افسانہ جسے پڑھ کر مرحومہ کے کمالِ افسانہ نگاری کا اعتراف کرنا پڑتا ہے بار چہارم — ۹ر

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

نجمہ — مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آگئی تھیں — ۱۲ر
جان باز — مصنفہ کا بہت مشہور اخلاقی اصلاحی ناول حد درجہ دلچسپ — ۱۴ر

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم۔ آر۔ اے۔ ایس

مشیر نسواں یا زہرہ — ایک دلچسپ اخلاقی ناول جس سے لڑکیوں کو بہت سی مفید باتیں معلوم ہوتی ہیں — ۶ر
سرگذشت ہاجرہ — دلچسپ سبق آموز قصوں کے پیرایہ میں اصلاحی اخلاقی جواہرات کا ذخیرہ — ۸ر
تحریر النساء — مستورات کے لیے جدید طرز پر خطوط جن میں کام کی باتیں بتائی گئی ہیں — ۵ر
موہنی — اخلاقی معاشرتی افسانہ جس میں ایرانی معاشرت پر بھی دلچسپ معلومات ہیں — ۴ر

تصانیف محترمہ ملقین بیگم (و۔ا) صاحبہ

خانہ داری کے تجربات — گھرداری کے متعلق بے بہا مشورے پھوہڑوں کو سگھڑ بنانے کے لیے — ۸ر
مفید نسواں — خانہ داری کے تجربات کا دوسرا حصہ۔ تندرستی بیماری باورچی خانہ کے متعلق قیمتی مضامین — ۴ر

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

ادب زریں — چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین۔ طرز بیان حد درجہ دل آویز — ۸ر
نغمات موت — شاعرانہ خیالات۔ تخیل کی بلندی۔ عبارت کی رنگینی۔ ہر مضمون درد میں ڈوبا ہوا — ۱ر

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

دولت پر قربانیاں — روپیہ کے لالچ میں تعلیم یافتہ روشن خیال لڑکیوں کی شادیوں کے عبرتناک نتائج — ۸ر
تاریخی لطیفے — دنیا کے نامور مصنفوں شاعروں بادشاہوں شہزادیوں کی بذلہ سنجی حاضر جوابی کے نمونے — ۱۲ر
ہنسی کی باتیں — عامیانہ اور بازاری لطیفے نہیں۔ مہذب ظرافت کی کتاب بار سوم — ۸ر
عقل کی باتیں — بڑے بڑے پیغمبروں بادشاہوں ادیبوں فلاسفروں کے زریں اقوال — ۱۲ر

تصانیف محترمہ سرور جہاں رعنا بی۔ اے

پھول پھلواری — پھولوں کی کاشت۔ اور باغیچہ کی نگہداشت موسموں اور بیجوں کا حال — ۱۴ر
شہزادی نیلوفر — اور دوسری کہانیاں، چھوٹے بچوں اور بچیوں کے مطلب کی نہایت دلچسپ — ۵ر

تصانیف منشی پریم چند

دودھ کی قیمت — منشی جی کی زندگی کے آخری ۶ سال کے بہترین افسانے — ۱۲ر
روحانی شادی — دلچسپ اور نتیجہ خیز عبرتناک اور تفریحی ڈرامہ — ۱ر

تصانیف مولانا رازق الخیری

سیدہ کی بیٹی — حضرت زینب کبریٰ کی مفصل و جامع سوانح عمری کربلا کا درد انگیز حال — ۱۲ر
وداعِ راشد — حضرت علامہ راشد الخیری کا ماتم و آپ کے ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا دردناک تذکرہ — ۱۲ر
عصمت کی کہانی — مشہور زنانہ رسالہ عصمت کی قریباً تہائی صدی کی تاریخ افسانے سے زیادہ دلچسپ — ۱۲ر

تصانیف مولوی عبدالغفار صاحب الخیری

بچوں کی تربیت — بچپن سے بچوں کی پرورش اور تربیت پر عام فہم زبان میں بے نظیر مشورے — ۱۲ر
حلیمہ — ایک نیک لڑکی کی زندگی کے سبق آموز حالات دلچسپ پیرایہ میں — ۶ر

تالیفات سید رضا صاحب جعفری

دیسی کی دستکاری — کارزور زیاگتہ کے کام کی ماہر ہو کر عورتیں کس طرح مالی پریشانی دور کرسکتی ہیں — ۱ر
لکڑی کا باریک کام — یعنی فریٹ ورک۔ یہ کام سیکھ کر معقول آمدنی کی صورت نکل سکتی ہے — ۱ر

تصنیفات مولانا سیماب اکبر آبادی

زنانہ بستہ — بچوں کے لیے دس مفید کتابیں بہت آسان زبان میں بار چہارم — ۱۲ر
آفتابِ زندگی — ایک لڑکی کے کنوار پنے کے دلچسپ اور سبق آموز حالات — ۸ر
شبابِ زندگی — آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ شادی کے بعد کی عورت کے حالات — ۸ر

صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ ایم۔ ایف

مختصر دنیا — بالشتیوں کی دنیا میں ایک سیاح جا نکلا جسے بالشتئے دیو سمجھنے لگے۔ بار دوم — ۸ر
انشائے سلمیٰ — لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے کے لیے پسندیدہ کتاب — ۱۲ر
اچھوتا سفر — ایک مہاراجہ کے سفر انگلستان کے نہایت ہی دلچسپ حالات نصف صدی پہلے کے — ۶ر

علمی و ادبی تصانیف

دیہاتی گیت — ڈاکٹر اعظم کریوی نے بڑی محنت سے دیہاتی گیت جمع کر کے ان کا مطلب بیان کیا ہے — ۱۲ر
خیابانِ نسواں — مولوی نصیر الدین ہاشمی کے دلچسپ پیرایہ میں عورتوں کے لیے مفید مضامین معاشرتی و اخلاقی مسائل — ۸ر
دامنِ باغباں — ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے مختصر افسانے دل آویز پیرایہ میں — ۱۴ر
پردہ و تعلیم — ہندوستان کے دو مشہور ادیبوں کے خیالات۔ اپنی نوعیت کی ایک ہی کتاب ہے — ۵ر
خواتینِ اندلس — سپین میں مسلمانوں کے عہد میں کیسی کیسی بلند مرتبہ قابل خواتین گذری ہیں — ۸ر
افسانۂ حرم — دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے جن سے اچھی اچھی باتیں معلوم ہوں گی — ۱۲
مثنوی عائشہ صدیقہ — ام المومنین کے منظوم حالات زندگی بے حد موثر از جناب وقار وارثی — ۴ر

بچوں اور بچیوں کے لیے مزیدار کتابیں

جاپانی کہانیاں — مسز نقشی جاپان گئی تھیں وہاں سے بچوں کے لیے پسندیدہ تحفہ لائی ہیں — ۸ر
بچوں کی دنیا — وہی مصنفہ انسانی نے بچوں کے لیے جو کہانیاں لکھی تھیں ان میں سب سے اچھی کہانیاں — ۱۲ر
مزیدار کہانیاں — واقعی ایسے مزے کی کہ ننھے بچے لطف لے کر بار بار پڑھیں۔ باتصویر — ۵ر

زنانہ نظمیں

شمعِ خاموش — مرحومہ نجمہ بیگم لکھنوی کی درد انگیز موثر نظموں کا مجموعہ مرتبہ مولانا رازق الخیری — ۸ر
آئینۂ جمال — دورِ حاضرہ کی مشہور شاعرہ محترمہ ملقیس جمال بریلوی کی ۴۰ نظموں کا مجموعہ — ۱۲ر

عورتوں کی خاص کتب

زچہ خانہ — از لیکچرار ڈاکٹر نصیر الدین احمد صاحب۔ ہندوستانی عورتوں کے لیے اس سے بہتر کسی زبان میں کوئی کتاب نہیں چھپی باتصویر ہے۔ دو حصے ہیں۔ حاملہ کا، زچہ کا۔ ہر دو حصے — ۱ر
سنگھار خانہ — عورتوں کے لیے سنگھار و آرائش اور خوبصورتی کے قابل قدر مشورے۔ — ۶ر

نامور افسانہ نگار خواتین کے افسانے اور ناول

انوری بیگم — از مسز خدیو جنگ مرحومہ۔ زنانہ لٹریچر کا مشہور و مقبول بلند پایہ ناول بار سوم — ۶ر
غیرت کی پتلی — از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل۔ تین مختلف الخیال عورتوں کا افسانہ — ۸ر
شہیدِ وفا — محترمہ امۃ الوحی کے ۹ دلچسپ مختصر افسانے بار دوم — ۱۴ر
چار رنگ — چار عورتوں کی آپ بیتی از محترمہ انیس فاطمہ — ۹ر
فیروزہ — محترمہ جمیلہ بیگم۔ ایک دولت مند یتیم لڑکی کا درد بھرا نتیجہ خیز افسانہ — ۱۲ر

نہایت کار آمد کتابیں

صنعت و حرفت — از محترمہ امۃ الحفیظ۔ مختلف چیزیں بنانے کی تجربہ شدہ ترکیبیں مفلسی دور کرنے کا علاج تجارت کر کے کس طرح مالی حالت اچھی بنائی جاسکتی ہے — ۶ر
تندرستی ہزار نعمت — از محترمہ زہرا فیضی صحت قائم رکھنے کے اصول یورپ و امریکہ کے مشاہدے — ۵ر
کپڑے کی چھپائی — سائنٹفک طریقوں سے کپڑے کس طرح چھاپنے چاہئیں رنگوں کے متعلق معلومات — ۱۲ر
آئینۂ موٹر — موٹر کی مشینری سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اردو میں سب سے بہتر کتاب — ۶ر

حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

آمنہ کا لال — اردو زبان میں مولود شریف سیرت پاک
سیدہ کا لال — سچی و مفصل تاریخ شہادت اردو کے دردناک واقعات بہترین مراثی۔
الزہرا — جگر گوشہ رسول حضرت بی بی فاطمہ زہرا کی بے نظیر سوانح عمری اور ذکر کا مختصر حال
نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے پانچ روز عیش اسی سال پہلے کی دہلی کی جھلک۔ باتصویر۔
وداع خاتون — سیہ روزہ محترمہ خاتون کرم کی جوانمرگی پر خون کے آنسو۔
نپولین کا مُرتعش (؟) — ملکہ رشیدہ خاتون کے تخت پر… ہارون الرشید کے دردناک قتل کے حالات
دلی کی آخری بہار — نصف صدی پہلے کی تہذیب، معاشرت، وضعداری اور محبت کی پرزور کہانیاں
بزم رفتگاں — اردو زبان کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعراء کی یاد میں باتصویر
نوائے… پارینہ — چند تاریخی مضامین باتصویر جن میں افسانے سے زیادہ دلچسپی ہے

اصلاحی معاشرتی ناول

حیات صالحہ — … زبان میں بہترین اخلاقی و اصلاحی سبق آموز ناول
منازل السائرہ — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ اور
صبح زندگی — سیمہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت موثر… دلچسپ ہے
شام زندگی — سیمہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات
شب زندگی — …حفظ سیمہ کی موت کے بعد کے حالات اصلاح نسواں کے … بہترین تصنیف
بیوہ کی… — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مقبول علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف
عروس کربلا (؟) — تمیز رسوم شرکت و بدعت وغیرہ دور کرنے کے لیے نہایت دلچسپ اصلاحی ناول
جوہر قدامت — دو بہنوں کی مفصل زندگی ایک دور قدیم کی پرستار دوسری دور جدید کی دلدادہ
…بیت… — … دو حقیقی بہنوں کے حالات ایک کی زندگی نہایت کامیاب دوسری کی تلخ…

اصلاحی معاشرتی افسانے

سلوتت (؟) — …ساتھ دینے والی ایک نا عاقبت اندیش لڑکی کا کارنامہ
سیرت آسمعت (؟) — مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا حشر مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔
سوگ — ایک ایک لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر کیا
سرکش جولاہا (؟) — …مسلمان… کا افسانہ جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر کیا
سودائے نقد — …شادی کرنا… کیا اثر ڈالتا… کے ہاتھوں بیٹے کا قتل
فسانہ سعید — جس میں سعید جیسی بیوہ کے نکاح ثانی کو بے سود ثابت کیا ہے۔
شیخ شیطانی — …شیطانی کے آٹھ کیر کٹر… درد انگیز سبق آموز اور نتیجہ خیز۔
… — …ایک شیطان کی مغفرت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔
… — …دہلی کی… شہریوں کی دل ہلا دینے والی آپ بیتیاں باتصویر۔
… — …افسانہ جس میں دکھایا ہے کہ مرد کے لیے شریف بیوی… کوئی نعمت نہیں۔
… — …لڑکی کا درد و غم بھرا افسانہ…
… — …اور پھر اس بہترین افسانہ… آنسو بھی
… — میں مصنف… لڑ…افسانے۔
… — اسلام ترقی کی… کیسے ظلم ڈھاتا ہے۔
… — ایک … مصیبتیں اٹھاتی ہے۔
… — …اور رحمت کی دلدادہ ایک… کی رمانی
… — …اسلامی… کی محبت… کا خاکہ۔

مختصر افسانوں کے مجموعے

… — سبق آموز اور درد انگیز افسانوں کا… مقبول مجموعہ۔
… — …کے بہترین نہایت موثر اور معرکۃ الآرا افسانے باتصویر افسانے۔

شہنشاہ کا فیصلہ۔ عہد عباسی کے بغداد کا ایک نہایت دلچسپ نتیجہ خیز افسانہ۔

طوفان اشک — …عورتوں کی گریہ… اور دل ہلا دینے والے افسانے
نوائے… — …بہترین… افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ
خدائی راج — …سب سے پہلے مختصر افسانہ… کے آخری پیش افسانوں کا دلآویز مجموعہ
نسوانی زندگی — بہترین افسانے جن میں ماں بیوی بیٹی بہن عورت کی چار حیثیتیں دکھائی گئی ہیں
گوہر مقصود — …کی بہری اور… کی تلاش دلچسپ قصے۔
گلدستہ عید — علاوہ مضمونوں کے افسانوں کا مجموعہ رمضان اور عید کا بہترین تحفہ
گرداب حیات — عورتوں کی اصلاح اور ہدایت میں مستند دلچسپ چھوٹے چھوٹے سبق آموز موثر افسانے
بساط حیات — حیات انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ چار سبق آموز موثر افسانے۔
حور اور انسان — آج سے… سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے تھے ان میں سے آٹھ افسانے
نشیب و فراز — آٹھ عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا سانحہ بیان کیا ہے

مزاحیہ افسانے

نانی عشو — یہ افسانے جو مزاحیہ بھی ہیں اور دردناک بھی بہت مشہور کتاب ہے۔
ولایتی ننھی — بی ننھی نے بڑھاپے میں وہ سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی
دادا اماں کا جھگڑا — چار نہایت ہی پُر لطف مزاحیہ لیکن نتیجہ خیز قصے

نظموں کے مجموعے

رودادِ قفس — …مرحوم کی درد میں ڈوبی ہوئی نظموں کا مشہور مجموعہ… بخشش۔
گرفتار قفس — اس مجموعہ میں بہت موثر نظمیں ہیں یہ دوسرا حصہ ہے

مذہبی مضامین

احکام نسواں — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر عام فہم صاف عام زبان میں۔
محسنِ حقیقی — سرور کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق واقعات اور مجالس… کے مضامین۔
دعائیں — …اردو… میں ڈوبی ہوئی اردو زبان میں نظم و نثر کی دعائیں۔
قرآنی قصے — ان نبیوں اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔
زیورِ اسلام — خواتین کے لیے نہایت موثر اور دلچسپ مذہبی مضامین۔

ادبِ لطیف

قلب حزیں — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین نثر میں پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے۔
لڑکیوں کی انشا — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب بیگماتی زبان خالص دہلی کے محاورے۔
سسکتی ہوئی چٹکیاں — دلی کی ٹکسالی زبان میں چند خطوط جن کا ایک ایک لفظ تیر و نشتر ہے

سیاسی، صحافتی، سیاحی مضامین

شہید مغرب — …میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مقابلے… درد انگیز افسانے۔
یادگار تمدن — حقوق نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالے کے متعلق موثر مضامین۔
عالم نسواں — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر علامہ مغفور کے گراں بہا خیالات۔
سیاحت… — مختلف ممالک کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا ذکر۔

اسلامی تاریخ بطرز ناول

ماہ عجم — …فارس کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے جنگی کارنامے اور فسانہ محبت۔
سیدہ کی… کربلا — واقعہ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ
یاسمین شام — حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی لڑائیاں۔
محبوبۂ خداوند — خلیفہ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی تنگ دل قوم سے مقابلے۔
تیغ کمال — …کی ہولناک خونریز لڑائیاں مصطفیٰ کمال کے جیت… خیز…
سلطان طرابلس — تسخیر طرابلس کے لیے مسلمانوں کا جوش ایمانی محبت آتشکدہ میں بیگناہ لڑکی کی قربانی۔
آفتاب دمشق — خلیفہ اول کے زمانہ کا اسلام مسلمانوں اور نصرانیوں کے معرکے۔
شاہین و دراج — محبت کے جذبات لطیفہ کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا گیا۔
دُرِ شہوار — ایران، ہندوستان سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا مرقع۔

رسالہ ۵۳۸

Regd. 1934

یادگار حضرت خاتون اکرم جنت مکانی

جوہرِ نسواں

جلد ۲۳ نمبر ۵

جنوری

۱۹۴۶ء

مالک پرنٹر پبلشر

رازق الخیری

ایڈیٹر عصمت



آمنہ نازلی

چندہ سالانہ تین روپیہ

قیمت فی پرچہ چار آنے

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے متفرق مجموعے

مغربی تہذیب کے زہر آلود اثرات سے خواتین کو محفوظ رکھنے کے لیے نہایت موثر مضامین
عورتوں کو سگھڑ، ہنرمند، کفایت شعار اور منتظم بنانے کے لیے۔
مسلمانوں کی عزت — حقوق نسواں کی حمایت میں درد و اثر میں ڈوبے ہوئے مضامین۔
عورتوں کی مظلومیت کا مرقع اور ان کے مصائب و آلام کی درد انگیز داستان
لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم پر بہترین خیالات۔
تسخیر شوہر کا راز، میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ۔
شادی کا تحفہ — ولادت کی تیاری کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھنی چاہئیں۔
مسلمان گھرانے اور ہماری اندر کس طرح کھوکھلے ہو رہے ہیں۔
دو مختصر مضامین جنہیں پڑھ کر لڑکیاں کنوارپنے کی قدر کریں گی۔
خواتین کے متعلق چند بہترین انگریزی مضامین کے عام فہم ترجمے۔
لڑی موتی — مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ۔

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

دلچسپ شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم۔
گلدستۂ خاتون — زنانہ لٹریچر کے بلند پایہ غیر فانی افسانوں کا حسین مجموعہ آرٹ کاغذ بار سوم
ایک دلآویز سبق آموز نتیجہ خیز افسانہ بار چہارم
ایک مختصر افسانہ جسے پڑھ کر مرحومہ کے کمال افسانہ نگاری کا اعتراف کرنا پڑتا ہے بار چہارم

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آگئی تھیں
مصنفہ کا بہت مشہور، اخلاقی اصلاحی ناول صد درجہ دلچسپ

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم۔ آر۔ اے۔ ایس

ایک دلچسپ اخلاقی ناول جس سے لڑکیوں کو بہت سی مفید باتیں معلوم ہوتی ہیں
دلچسپ سبق آموز قصوں کے پیرایہ میں اصلاحی اخلاقی جواہرات کا ذخیرہ
مستورات کے لیے جدید طرز پر خطوط جن میں کام کی باتیں بتائی گئی ہیں
اخلاقی معاشرتی افسانہ جس میں ایرانی معاشرت پر بھی دلچسپ معلومات ہیں

تصانیف محترمہ بلقیس بیگم (و۔ا) صاحبہ

خانہ داری کے تجربات — گھرداری کے متعلق بے بہا مشورے پھوہڑوں کو سگھڑ بنانے کے لیے
مفید نسواں — خانہ داری کے تجربات کا دوسرا حصہ، تندرستی، بیماری، باورچی خانہ کے متعلق قیمتی مضامین

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

ادب زریں — چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین، طرز بیان صد درجہ دلآویز
تحفات موت — شاعرانہ خیالات، تخیل کی بلندی، عبارت کی رنگینی، ہر مضمون درد میں ڈوبا ہوا

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

دولت پر قربانیاں — روپیہ کے لالچ میں تعلیم یافتہ روشن خیال لڑکیوں کی شادیوں کے عبرتناک نتائج
تاریخی لطیفے — دنیا کے نامور مصنفوں شاعروں بادشاہوں شہزادیوں کی بذلہ سنجی حاضر جوابی کے نمونے
ہنسی کی باتیں — عامیانہ اور بازاری لطیفے نہیں۔ مہذب ظرافت کی کتاب بار سوم
عقل کی باتیں — بڑے بڑے پیغمبروں بادشاہوں ادیبوں فلاسفروں کے زریں اقوال

تصانیف محترمہ سرور جہاں رعنا بی۔ اے

پھول پھلواری — پھولوں کی کاشت۔ اور مالی پن کی نگہداشت موسموں اور بیجوں کا حال
شہزادی نیلوفر — اور دوسری کہانیاں، چھوٹے بچوں اور بچیوں کے مطلب کی نہایت دلچسپ

تصانیف منشی پریم چند

دودھ کی قیمت — منشی جی کی زندگی کے آخری ۲ سال کے بہترین افسانے
روحانی شادی — دلچسپ اور نتیجہ خیز عبرتناک اور تفریحی ڈرامہ

تصانیف مولانا رازق الخیری

سیدہ کی بیٹی — حضرت زینب کبریٰ کی مفصل و جامع سوانح عمری کربلا کا درد انگیز حال
وداع راشد — حضرت علامہ راشد الخیری کا دلکش و دلنشین ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا تذکرہ
عصمت کی کہانی — مشہور زنانہ رسالہ عصمت کی قریباً نصف صدی کی تاریخ اور افسانے ۔۔۔ دلچسپ

تصانیف مولوی عبدالغفار خان انجم

بچوں کی تربیت — بچوں کی پرورش و تربیت پر عام فہم زبان میں بے نظیر کتاب ہے
حسینہ — ایک نیک لڑکی کی زندگی کے حالات دلچسپ پیرایہ میں

تالیفات سید رضا احمد صاحب جعفری

دہلی کی دستکاری — کار زردوزی اور زیورات کے کام کی ماہر ہو کر عورتیں کس طرح مالی پریشانی دور کر سکتی ہیں
لکڑی کا باریک کام — یعنی فرنیچر ورک۔ یہ کام سیکھ کر معقول آمدنی کی صورت نکل سکتی ہے

تصنیفات مولانا سیماب اکبرآبادی

زنانہ بستہ — بچیوں کے لیے دس مفید کتابیں بہت آسان زبان میں۔ بار چہارم
آفتاب زندگی — ایک لڑکی کی کنوار پنے کے دلچسپ اور سبق آموز حالات
شباب زندگی — آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ شادی کے بعد کی عورت کے حالات

صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ ایم ایف

مختصر دنیا — بالشتیوں کی دنیا میں ایک سیاح جا نکلا جسے بالشتیے دیو سمجھنے لگے۔ بار دوم
انشاء مسلمی — لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے کے لیے پسندیدہ کتاب
اچھوتا سفر — ایک مہاراجہ کے سفر انگلستان کے نہایت ہی دلچسپ حالات نصف صدی پہلے کے

علمی و ادبی تصانیف

دیہاتی گیت — ڈاکٹر اعظم کریوی نے بڑی محنت سے دیہاتی گیت جمع کر کے ان کا مطلب بیان کیا
خیابان نسواں — مولوی نصیر الدین ہاشمی کے دلچسپ پیرایہ میں عورتوں کے متعلق معاشرتی و اخلاقی مضامین
دامن باغباں — ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے مختصر افسانے دلآویز پیرایہ میں
پردہ و تعلیم — ہندوستان کے دو مشہور ادیبوں کے خیالات اپنی نوعیت کی ایک ہی کتاب ہے
خواتین اندلس — سپین میں مسلمانوں کے عہد میں کیسی کیسی مدبر، مدلل قابل خواتین ہو چکی ہیں
افسانۂ حرم — دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے جن سے اچھی اچھی باتیں معلوم ہوں گی
مثنوی عائشہ صدیقہؓ — ام المومنین کے منظوم حالات زندگی بے حد موثر از جناب وقار ...

بچوں اور بچیوں کے لیے مزیدار کتابیں

جاپانی کہانیاں — مسز فضل جاپان گئی تھیں وہاں سے بچوں کے لیے پسندیدہ تحفہ لائی ہیں
بچوں کی دنیا — روسی مصنف ٹالسٹائی نے بچوں کے لیے جو کہانیاں لکھی تھیں ان میں سب سے اچھی کہانیاں
مزیدار کہانیاں — واقعی ایسے مزے کی کہ ننھے بچے لطف لے کر بار بار پڑھیں۔ باتصویر

زنانہ نظمیں

شمع خاموش — مرحومہ سجو بیگم لکھنوی کی درد انگیز موثر نظموں کا مجموعہ مرتبہ مولانا رازق الخیری
آئینۂ جمال — دور حاضرہ کی مشہور شاعرہ محترمہ بلقیس جمال بریلوی کی ۴۰ نظموں کا مجموعہ

عورتوں کی خاص کتب

زچہ خانہ — از کپتان ڈاکٹر نصیر الدین احمد صاحب۔ ہندوستانی عورتوں کے لیے اس سے بہتر کبھی اس بارے میں کوئی کتاب نہیں چھپی باتصویر ہے۔ دو حصے ہیں۔ حاملہ ۶/ زچہ ۶/ ہر دو حصے۔
سنگھار خانہ — عورتوں کے لیے سنگھار و آرائش اور خوبصورتی کے قابل قدر مشورے۔

نامور افسانہ نگار خواتین کے افسانے اور ناول

انوری بیگم — از مسز خدیجہ جنگ مرحومہ۔ زنانہ لٹریچر کا مشہور و مقبول بلند پایہ ناول بار سوم
غیرت کی پتلی — از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل۔ تین مختلف الخیال عورتوں کا افسانہ
شہید وفا — محترمہ امت الوحی کے دلچسپ مختصر افسانے بار دوم
چار رخ — چار عورتوں کی آپ بیتی از محترمہ انیس فاطمہ
فیروزہ — محترمہ جمیلہ بیگم۔ ایک دولت مند یتیم لڑکی کا درد بھرا مگر نتیجہ خیز افسانہ

نہایت کارآمد کتابیں

صنعت و حرفت — از محترمہ امتہ الحفیظ۔ مختلف چیزیں بنانے کی تجربہ شدہ ترکیبیں مفلسی دور کرنے کا علاج تجارت کر کے کس طرح مالی حالت اچھی بنائی جا سکتی ہے
تندرستی ہزار نعمت — از محترمہ زہرا فیضی صحت قائم رکھنے کے اصول یورپ امریکہ کے مشاہدے
کپڑے کی چھپائی — سائنٹیفک طریقوں سے کپڑے کس طرح چھاپنے چاہئیں رنگوں سے متعلق معلومات
آئینۂ موٹر — موٹر کی مشینری سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اردو میں سب سے بہتر کتاب

محصول ڈاک بذمہ خریدار — ملنے کا پتہ: عصمت بکڈپو۔ کوچہ چیلان

جوہر نسواں دہلی

۱۲ سال | بابت ماہ جنوری ۱۹۴۶ء

اطلاعِ اختتامِ سال

جن خواتین کا سال خریداری جنوری ۱۹۴۶ء میں ختم ہوتا ہے۔ انہیں فروری ۱۹۴۶ء کا پرچہ وی۔پی بھیجا جائے گا۔ اُن کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

اُن بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپیہ سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں جنہیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیج دیں۔ اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۵ فروری تک نہ آیا تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ انہیں وی۔پی کا انتظار ہے۔ لہذا فروری کا پرچہ ۱۰ فروری کو بذریعہ وی۔پی سوا تین روپیہ کا حاضر خدمت ہوگا۔ اُمید ہے کہ وی۔پی کی واپسی سے "جوہر نسواں" کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہنچائیں گی۔ مینیجر

۴۸۰۱ - ۵۰۱۶ - ۵۰۶۵ - ۵۸۶۶ - ۵۸۷۷ - ۶۵۲۶
۶۵۴۴ - ۶۵۵۸ - ۶۵۸۴ - ۶۷۱۵ - ۶۸۷۶ - ۷۰۸۱ -
۷۲۳۹ - ۷۲۴۵ - ۷۲۴۷ - ۷۲۴۹ - ۷۲۵۵ - ۷۲۶۴
۷۲۶۹ - ۷۲۷۴ - ۷۲۷۶ - ۷۷۳۰ - ۷۷۷۰ - ۷۷۸۷
۷۷۹۹ - ۷۸۱۰ - ۷۸۱۱ - ۷۸۱۳ - ۷۸۱۴ - ۷۸۱۶
۷۸۱۹ - ۷۸۲۴ - ۷۸۲۹ - ۷۸۳۱ - ۷۸۳۵ - ۷۸۳۷
۷۸۳۹ - ۷۸۴۶ - ۷۸۵۲ - ۷۸۶۵ - ۷۸۶۶ - ۷۸۶۹
۷۸۷۶ - ۸۳۱۹ - ۸۴۳۵ - ۸۶۰۵ - ۸۶۱۴ - ۸۶۱۷
۸۶۲۰ - ۸۶۲۱ - ۸۶۲۲ - ۸۶۲۵ - ۸۶۲۶ - ۸۶۲۹
۸۶۳۰ - ۸۶۳۱ - ۸۶۳۲ - ۸۶۳۳ - ۸۶۳۶ - ۸۶۳۷
۸۶۴۱ - ۸۶۴۲ - ۸۶۴۳ - ۸۶۴۴ - ۸۶۴۶ - ۸۶۴۷ - ۸۶۴۸
۸۶۴۹ - ۸۶۵۱ - ۸۶۵۲ - ۸۶۵۴ - ۸۶۵۵ - ۸۶۵۷ - ۸۶۵۹
۸۶۶۲ - ۸۶۶۳ - ۸۶۶۴ - ۸۶۶۵ - ۸۶۶۶ - ۸۶۶۷ - ۸۶۶۸
۸۶۶۹ - ۸۶۷۰ - ۸۶۷۱ - ۸۶۷۲ - ۸۶۷۳ - ۸۶۷۴ - ۸۶۷۹ -
۸۶۸۰ - ۸۶۹۳ - ۸۶۹۶ - ۸۶۹۸ - ۸۷۰۲ - ۸۷۰۷ - ۸۷۰۹ -
۸۷۱۲ - ۸۸۰۰ - ۸۸۰۴ - ۸۸۴۱ - ۸۸۶۸ - ۸۸۸۸ - ۸۸۹۴ -
۸۸۹۷ - ۸۹۱۵ - ۸۹۱۶ - ۸۹۲۷ - ۸۹۲۸ - ۸۹۵۵ - ۸۹۵۶ -
۸۹۵۸ - ۸۹۵۹ - ۸۹۶۱ - ۸۹۸۴ - ۹۰۳۳ - ۹۰۳۵ - ۹۰۳۶ -
۹۰۳۷ - ۹۱۰۹ - ۹۱۴۰ - ۹۱۴۸ - ۹۳۸۲ - ۹۴۲۷ - ۹۵۳۳ -
(۹۱۲۴) - ۹۵۷۳+

باہتمام رازق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر
دفتر عصمت کوچہ چیلان دہلی سے شائع ہوا

جوہری بہنوں سے

جوہری بہنوں کو نیا سال مبارک ہو

گیارہ سال کے عرصہ میں "جوہرنسواں" نے ہندوستانی بہنوں کی جو خدمات کیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ دیہاتی لڑکیوں میں دستکاری کا شوق اسی پرچے نے پیدا کیا۔ پرانے خیال کی وہ خواتین جو زمانے کے ہاتھوں مالی مشکلات میں مبتلا تھیں اسی رسالہ کی بدولت چین کی زندگی بسر کر رہی ہیں۔ دستکاری بنا کر فروخت کرنے اور اس سے فائدہ اٹھانے میں جن عورتوں کو شرم محسوس ہوتی تھی اور زمانے کے خوف سے اپنے سئے ہوئے کپڑے کو درزی سے سلوایا ہوا بتانے کے لئے مجبور تھیں ان کے خیالات بدل گئے۔ اور اپنا کپڑا خود تیار کرتی ہیں۔ مسلمان خواتین کے علاوہ ہندو بہنیں بھی اس رسالے سے کافی فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ "جوہرنسواں" ہندوستان میں دستکاری کا واحد رسالہ ہے۔ اس لئے بہنوں کا فرض ہے کہ اپنی ترقی کی خاطر اس پرچہ کو کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔ بیکار اور نقل شدہ بہت سے نمونوں کو بھیجنے سے بہتر ہے کہ چند مگر کارآمد اور خوبصورت نمونے بھیجیں۔ ہر نمونے کی مفصل ترکیب ضرور لکھیں تاکہ نوآموز بہنیں بھی آسانی سے تیار کر سکیں۔ کشیدہ کاری کے خراب اور نمونے نہ بھیجیں اور خواہ مخواہ محصول کا بار نہ اٹھائیں۔ اس سال کے نمونے چھانٹنے کے بعد کئی ہزار نقل شدہ اور ایسے نمونے ضایع کرنے پڑے ہیں جو انہیں کتابوں میں سے لئے گئے جو دفتر جوہرنسواں سے شایع ہوئی ہیں یا جو جوہرنسواں میں پہلے آچکے ہیں۔ کسی کے نمونے کو اپنے نام سے شایع کرانا یقیناً چوری ہے اور اسکے متعلق بار بار رسالے میں اعلان ہو چکا ہے جو بہنیں خود نمونے نہیں بنا سکتیں وہ کسی کے نمونے چرانے سے بہتر ہے کہ نمونے بنانا سیکھیں ہر کام محنت سے آجاتا ہے وہ بھی جلد دستکار بن جائینگی۔ بہت سی بہنیں شاکی ہیں کہ رسالے میں گریبان۔ کونے اور بیلوں کے نمونے زیادہ شایع ہوتے ہیں۔ جواباً عرض ہے کہ زیادہ تعداد میں وہ دیہاتی لڑکیاں ہیں جنکو دستکاری بالکل نہیں آتی اور اپنا لباس سجانے کے لئے ہر ماہ متعدد خطوط وصول ہوتے ہیں کہ ایسے نمونے شایع کئے جائیں۔ گریبان اور بیلیں وغیرہ ایسے نمونے ہیں جو قریباً ہر بہن کے لئے کارآمد ہوتے ہیں۔ ہماری بہنوں کو چاہیئے کہ مشرقی دستکاریوں کو مغربی انداز سے تیار کریں اور اپنے خوش نما نمونوں کو اپنی بہنوں کے لئے ضرور بھیجیں تاکہ سب فائدہ اٹھا سکیں۔ مجھے خوشی ہے کہ اس سال سہارنپور میں "گورنمنٹ اگزیبیشن" جو نمائش ہوئی ہے اس میں جوہرنسواں کی تمام دستکاریاں ہیں جو دیہاتی بہنوں نے تیار کیں ہیں۔

خیاطی یعنی سلائی کا کام ہماری سب سے ضروری دستکاری ہے۔ پہلے اپنے کپڑے سینے چاہئیں تاکہ درزی سے نجات ملے اور جلدی جلدی جیسا دل چاہے لباس تیار کر لیں۔ جو پیسہ سلائی میں دیا جائے وہ گھر میں ہی بچے۔ جوہری بہنوں کو چاہیئے کہ اس طرف توجہ فرمائیں اور خیاطی کے عمدہ عمدہ نمونے بھیجیں۔ ہم ممنون ہیں اپنی بہن مہرالنساء اور زہرہ بیگم کے جو ہر ماہ فن خیاطی کے بہترین نقشے اور مفصل ترکیبیں بھیجکر ہمارا ہاتھ بٹاتی ہیں۔ کاغذ کی مشکلات کا جوہرنسواں کو ابھی تک سخت مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے جب کاغذ کی دقتیں دور ہو جائیں گی تو جوہرنسواں کی ضخامت پھر بڑھ جائے گی اور پہلے سے بھی زیادہ آب و تاب کے ساتھ شایع ہونے لگے گا۔

ایڈیٹر

خیاطی


پن کشن کیک نما

اشیاء:- گلابی پھولدار ریشمی کپڑا۔ سادہ گلابی ریشمی کپڑا سنہری کارڈ بورڈ۔ گلابی تاگہ۔ روئی۔ ارگنڈی گلابی۔ موٹا ڈیڑھ انچ کرلیں۔

کارڈ کے دو گول ٹکڑے 3 انچ کاٹ لیجئے۔ ایک پھولدار کپڑا کا گول اور ایک سادہ کپڑا کا گول کارڈ کے گول ٹکڑے سے ⅛ انچ زیادہ تراشیں اور پھولدار کپڑے کی باریک گوٹ تراش کر رکھ لیں۔ اب سینا شروع کریں ایک سنہری کارڈ بورڈ سادہ گلابی کپڑے کے اندر رکھ کر باریک ٹانکوں سے اطراف ٹانکئے۔ اور دوسرا کارڈ گلابی پھولدار کپڑے کے اندر رکھکر اطراف گوٹ لگائیں۔ ارگنڈی 3 انچ چوڑی پٹی لیکر دُہری کرکے سارے گولے پر گوٹ کے نیچے بڑی بڑی چُنٹ سے جھالر لگائیں۔

اب پہلے جو سادہ گلابی کپڑا کارڈ سے ملا کر رکھا ہے اس سے سادہ گلابی ڈیڑھ انچ چوڑی پٹی سارے گول کے اطراف ٹانکئے۔ یہ مثل دیوار کے ہوگی۔ (اب ایک گول ڈبہ کی شکل بن گئی ہوگی) اس ڈبے کے اندر روئی خوب بھر یں۔ (اتنا بھرنا چاہیئے جو بالکل سخت ہوجائے) اب جھالر دار حصہ گول ڈبہ پر رکھکر بہت باریک ہیم سے جوڑلیں۔ بعد تیاری "کیک نما" "پن کشن" ہوگا۔


مس مہرالنساء غلام محمد شیخ
شکارپور سندھ



نیڈل کشن

اشیاء:- نارنجی و عنابی مخمل۔ روئی۔ کاغذ کے لچھے۔ تاگہ گہرا ریشمی نارنجی۔ زرد اور عنابی۔

نارنجی مخمل کے دو ٹکڑے ½ 2 انچ گول تراشیں۔ ایک گول ٹکڑے پر خوبصورت پھول ٹریس کرکے بٹن ہول داسٹیم اسٹچ سے کاڑھیئے۔ زرد تاگہ سے زیرہ بنائیں۔ عنابی مخمل ایک پٹی انچ چوڑی۔ باریک چُنٹ سے جس گول کپڑے پر پھول کاڑھا ہوا ہو۔ اطراف سی دیں۔ اب (دوسرا گول) پٹی کے دوسرے کنارے سے چُنٹ دیکر گول ٹانکیں لگائیں۔ دو انچ کھلا رکھیں۔ اب الٹا کر کے کھلے ہوئے حصہ میں اندر روئی کی تہ دیں۔ بیچ میں باریک کاغذ کے لچھے کتر کتر کر ڈالدیں (اتنا بھریں کہ بالکل سخت ہوجائے) اب کھلے حصہ پر روئی کی تہ رکھکر باریک ہیم سے بند کرلیں اطراف ہمرنگ تاگے سے تیارشدہ کے مطابق اسٹیم اسٹچ کرلیں (ایک گیند کی شکل بن گئی ہوگی) عنابی مخمل کی پٹی 6 انچ لمبی ½ انچ چوڑی کے اطراف بٹن ہول اسٹچ کرکے کھلے حصہ پر جو ہیم کی گئی ہے۔ ایک دوسرے کے قریب سرے ٹانک دیں بعد تیاری دیکھئے تیارشدہ "نیڈل کشن" دیوار میں کیل میں لٹکا دیں۔



مس زہرہ غلام محمد شیخ
شکارپور سندھ


IGHT



تکیہ کیلئے شب بخیر

اپنے دلپسند موزوں شیڈ دار رنگوں سے کاڑھیے۔

مسز والٹ بمبئی

ڈالی

یہ پھول میز پوش یا تکیہ کے غلاف پر بنا ہے۔ کاڑھنے کے بعد بہت خوشنما معلوم ہوگا۔

رنگ ہلکے اور حسب پسند رکھیں۔

کڑھت کپڑے کے لحاظ سے مناسب ہوگی۔



کشیدہ کاری


تکیہ کے غلاف کا کونہ



ترکیب تیاری:۔

یہ پھول جدید کڑھت سے بنائیے۔ پھول سرخ شیڈ دار۔ اور پتیاں ڈنڈیاں سبز شیڈ دار سے بنیں گی۔ یہ پھول بننے کے بعد بہت خوشرنگ معلوم ہوتا ہے۔


مسز منیر احمد انصاری پھولگریہ اعظم گڑھ۔



کونہ


ایمبرائڈری کڑھت سے کاڑھئے۔ تاگہ۔ ڈی۔ایم۔سی۔یا ریشم کپڑے کی مناسبت سے استعمال کریں۔ کلیاں اور پھول سرخ۔ ڈنڈیاں کاہی۔ گول نشان زرد۔ بہنیں تکئے کے غلاف پر کاڑھیں بہت اچھا معلوم ہوگا۔

سائرہ خاتون دہلی



بیل دامن کے لئے

حسب پسند رنگوں سے بنائیں




مس زاہدہ سلطان ناصر علی

کٹائی کا کام

کنگورہ۔ بٹن ہول اسٹچ سے


ایسے پھول۔ قطع کرکے ترپائی کڑھت سے۔



چوکور۔ جالی دار کڑھت سے


چوکور کے اندر۔ لہریہ کڑھت سے

بقیہ حصہ کشیدہ سے



دلنواز بیل

یہ بیل وائل، رفل وغیرہ کے جمپر کے گھیر پر بنائیے۔




کٹ ورک

تارکشی کا کام

ایسے نشان پر تاگہ نکال کر بٹن ہول کریں۔

ایسے نشان تاگہ سے بنا کر بٹن ہول اسٹچ کرکے نیچے کپڑا قطع کریں








مس زہرہ غلام محمد شیخ

کلابتون کا کام

کونہ

مخمل۔ ساٹن اور دوسرے ریشمی کپڑوں کے کُشن وغیرہ پر بٹے ہوئے کلابتون سے ٹانک کر بنائیے۔

بہت عمدہ معلوم ہوگا۔



از جوہری بہن

سنگر مشین کا کام

کونے کا پھول


سنگر مشین سے بنائیں

پتیاں ...... سبز

پھول ...... گہرا سرخ شیڈ دار


تاگہ کلارکس ایمبرائیڈری کاٹن نمبر ۵

استعمال کریں۔ کڑہت نقشے سے عیاں ہے



رعنا۔ بھوپال

ربن کا کام




"اسٹینسلنگ و سلمہ ستارہ کا کام"

اشیاء:۔ فراک یا قمیص۔ سلمہ بہوگلی سفید۔ سلمہ سادا سفید۔ ستارے ○ اس سائز کے سفید۔ اسٹینسل۔ پلیٹ۔ ہنٹنگ کلر۔ برش وغیرہ وغیرہ۔

بنانے کا طریقہ:۔ ذیل کی بیل قمیص یا فراکوں کے گھیر پر "پینٹنگ و سلمہ ورک" سے تیار کی جائیگی۔ (مثلاً) گلابی سلک کا فراک حسب معمول فراکوں کی طرح قطع کرکے مابعد مشین کرکے گھیر کے نیچے کنگوروں پر سلمہ سے" اور کاسٹ اسٹیچ "کیطرح بنائیے۔ اگر مشین سے ان کنگوروں پر زری یا سلمہ لگا سکیں تو لگائیے۔ ورنہ ہاتھ سے بنائیں۔

پینٹ کرنے کی ترکیب :- پہلے اسٹینسل کاغذ پر ذیل کا نقشہ منتقل کرکے اسٹینسل پلیٹ بنایئے۔ پھر ٹیبل پر بلاٹنگ پیپر رکھئے اُوپر فراک اور اس کے اوپر اسٹینسل پلیٹ رکھکر ٹیوب سے رنگ نکال کر ساسر میں ڈال کر تھوڑا سا تارپین کا تیل ملاکر پتلا کر دیجئے (پینٹ کے ٹیوب بازار میں فروخت ہوتے ہیں جس کو پینٹنگ کلر کہا جاتا ہے۔ اور جس طرح واٹر کلر سے پینٹ کی جاتی ہے اسی طرح پینٹ کریں) اور پینٹ برش سے پتیوں کو نہایت ہی احتیاط سے پینٹ کرلیں۔ برش ہلکا ہلکا پھیرلیں اور نمبر (۱) پتّیوں پر گلابی نمبر (۲) پتّیوں پر ہرا رنگ۔ اسی طرح ساری بیل پینٹ کی جائے گی۔ گلابی پینٹ گلابی فراک سے قدرے شوخ ہونا ضروری ہے۔




پتّیوں میں شیڈ بنانے کا بہت خیال رکھیں بغیر شیڈ کے خوبصورتی نہ ہوگی۔ شیڈ بنانیکا طریقہ یہ ہے کہ رنگ ہلکا۔ گہرا کرتی جایئے۔ جب سب پتّیوں پر رنگ لگ جائے تو خشک ہو جانے پر سلمہ کا کام کردیجئے۔

سلمہ ستارہ لگانے کا طریقہ :- سلمہ بہو گلی پتّیوں کے اطراف لکیروں پر لگائیں۔ (سلمہ سُوئی میں پروکر نشان پتّیوں پر رکھ کر دوسری سُوئی سے ٹانکتی جایئے) اور سادہ سلمہ اندر پتیوں میں ستاروں کے ساتھ جوڑدیں۔ ~~ ایسی لکیروں پر سلمہ بہو گلی اوّل الذکر طریقہ سے لگائیں۔ دیکھئے کتنا خوشنما رنگ ہوگیا ہے۔

نوٹ :- یہ فراک 5 سال سے ۸ سال تک کی لڑکی کے لئے ہے۔ ہاں اور بنیکر یہ پہنا سکتی ہیں۔

از ایم۔ جی۔ شیخ

خوشنما کاٹیج



پ۔ن۔آلسد ابراہیم۔



ٹی کوزی

اسٹینسلنگ ورک

ترکیب


اسٹینسل کاغذ پر نقشہ منتقل کرکے اسٹینسل چاقو یا بلیڈ سے پھول اور پتے کاٹ لیجئے ہر پتی علیحدہ اور پھول کی پنکھڑی علیحدہ ہو۔ ڈالیاں بھی الگ الگ قطع کی جائیں۔ اس کو اسٹینسل پلیٹ کہتے ہیں۔ گلابی، عنابی اور سبز رنگ کے ٹیوب قدرے تارپین کا تیل۔

سلک کا ٹی کوزی کا غلاف بنایئے سینے سے پہلے دونوں ابرَوں پر اسٹینسل پلیٹ رکھکر پن سے مستحکم کر دیجئے۔ پھر میز پر بلاٹنگ (جاذب) رکھکر اس پر پلیٹ رکھ لیجئے۔ پھر ٹیوب سے ساسر (کٹوری) میں رنگ نکالکر قدرے تارپین کا تیل ملاکر پتلا کیجئے اور برش سے پتیوں پر سبز رنگ بھریئے۔ پھولوں پر عنابی یا گلابی ڈنڈیوں پر سبز۔ شیڈ کا خاص خیال رکھیں۔ بعد تیاری پن نکالکر خشک کرلیں۔ اور ٹی کوزی کاٹ کر استر لگاکر سی کر استعمال کریں۔

نقشہ مذکور بہت آسان ہے میں خود تیار کرچکی ہوں۔ پھول اور پتیوں میں رنگوں کے شیڈ کا اور اسٹینسل پلیٹ بنانیمیں کاٹنے کا خیال خاص طور پر رکھیں ورنہ کچا لیسے نقشہ خراب ہو جائیگا۔

نمونہ دیکھئے صفحہ ۱۶ پر


ٹی کوزی کور
اسٹینسلنگ ورک



بتول فاطمہ
جعفری
دختر سید مظاہر حسین
جعفری
سہارنپور

کروشیا کا کام

بسم اللہ الرحمن الرحیم



زرینہ خاتون۔ سلطانپور

نمونہ

ٹیبل کور

اپلیک ورک

لٹھے، دوسوتی یا پاپلین کا میز پوش بنائیے۔ کپڑا میز سے ۸-۸ انچ اطراف لٹکتا ہوا ہونا ضروری ہے۔

بیل چاروں طرف نہ لگائیے۔ بلکہ کنارہ موڑ کر ہیم کر لیجیے۔ دو انچ کنارہ موڑنا چاہیے۔ اس کے لئے چار انچ زیادہ کپڑا لیجیے اور چار انچ چھوڑ کر چھ تار نکال لیجیے۔ دیکھیے نقشہ نمبر (۱)

پھر ا(۲) کو موڑ کر لنگر ڈال لیجیے۔ دیکھیے نمبر (۲) پھر ہیم کیجیے دیکھیے۔ نمبر (۳)۔



سبز یا بھورے رنگ کی پاپلین لیکر حسب نقشہ بطخ تراش لیجیے۔

بہتر یہ ہے کہ کسی کارڈ پر نقشہ منتقل کر کے بطخ کاٹ لیجیے اور اسی بطخ کو کپڑے پر رکھ کر بطخیں کاٹتی جائیے۔

میز پوش کے کناروں پر چار چار بطخیں بنائیے۔ اس طرح ۱۶ بطخیں کاٹ لیجیے اور ہم رنگ تاگے سے مناسب جگہ چھوڑ کر ٹانک لیجیے خیال رہے کہ کہیں جھول یا سلوٹ نہ رہ جائے پھر ریشمی مگر ہم رنگ تاگے سے اطراف دوہری کڑھت سے بہت صفائی سے کنارے بند کیجیے۔ ٹانکے بیحد مہین اور ایسے پاس پاس ہوں گویا چھپے ہوئے ہیں۔ یہی اسکی نزاکت ہے۔ تار پڑھنے کا طریقہ بطخ سے نمایاں ہے۔ جب سب بطخیں تیار ہو جائیں تو اندر کے خم نہایت باریک دوہری کڑھت سے اسی ریشم سے جس سے کنارے بنائے ہیں کاڑھیے۔ اور چونچ پیلے ریشم سے کاڑھیے۔ آنکھ کا حلقہ پیلا۔ پتلی سیاہ بنائیے۔ پانی ہلکے نیلے ریشم سے کاڑھیےگا۔ اس کے لئے تیپچی کڑھت رکھیے یا باریک موئرا کڑھت۔

اس طرح تیپچی بھریے

موئرا کڑھت


تیپچی بھر کر اس کی خالی جگہ پر سوئی گزار کر لائیے۔ بہت عمدہ باریک موئرا کڑھت معلوم ہوگی۔

تیپچی

موئرا

میز پوش کے بالکل بیچ میں اسی نقشے یعنی بطخ کو دوگنا بڑھا کر مذکورہ بالا ترکیب سے بنائیے اور پانی بھی زیادہ دکھائیے۔







اور اُس نے لائف بوائے کی عادت سیکھی ہے!


وہ اِس وقت بہت کچھ سیکھ رہا ہے لیکن زندگی میں لائف بوائے صابن کے روزانہ استعمال کی عادت سے زیادہ کوئی چیز کام نہیں آئے گی۔ اُس کی ماں خوش ہے، اور اُ۔۔۔ ہے فخر ہے کہ اس نے گرد و غبار کے اس خطرہ کے متعلق سبق دیا ہے جو ہر جگہ غیر محتاط آدمیوں پر حملہ کرنے کیلئے تیار ہے




لائف بوائے ایک اچھا صابن ہی نہیں بلکہ ایک اچھی عادت ہے۔


تیار شدہ میز پوش
(ٹیبل کور)


نمبر (۲)
موڑ کر ٹنکا کیا ہوا میز پوش


تار نکالا ہوا میز پوش
نمبر (۱)


ہیم شدہ کنارہ

غدیر فاطمہ

چمڑے کی دستکاری

چمڑے کی دستکاری جیسی کارآمد اور مفید صنعت ہے ویسی شاید دنیا میں کوئی صنعت نہیں۔ یہ دستکاری نہ صرف لڑکیوں بلکہ عورتوں کے لئے بھی نہایت موزوں اور باعث دلچسپی ثابت ہوئی ہے کیونکہ یہ ایک حد تک کپڑے کی دستکاری سے ملتی ہے اسکی کاٹ چھانٹ اور سلائی مثل کپڑے کے ہوتی ہے۔ اس سے تقریباً وہ سب چیزیں بنائی جاسکتی ہیں جو ایک موٹے کپڑے کی بن سکتی ہیں اور وہ کپڑے کی چیزوں سے زیادہ دیدہ زیب اور مضبوط ہوتی ہیں مگر کپڑے سے زیادہ اس میں جدتیں پیدا کرنے کی گنجائش ہے۔ نئی وضع کی چیزیں نمائشوں میں اچھے انعام اور بازار میں بڑی بڑی قیمتیں پاتی ہیں۔ چمڑے سے نہ صرف سفری اور جیبی چیزیں ہی بنائی جاتی ہیں بلکہ اس کے خوشنما زیورات بھی بنتے ہیں جو ہاتھوں اور کانوں کی زینت ہوتے ہیں جنہیں ہمیں دیکھکر حیرت ہوتی ہے کہ کیا درحقیقت یہ چیزیں اسی اسفل ترین شئے کی بنی ہوئی ہیں جو کچھ دن پہلے ایک قصاب کی دوکان میں غلیظ جگہ پڑی ہوئی تھی اور جسکی دسترس ایک زمانہ تک ہمارے پیروں تک محدود تھی۔ مگر اب فی زمانہ ہماری تہذیب میں چمڑا ضروریات زندگی کا جزو لاینفک بن چکا ہے۔ ولایت میں چمڑے کو جو مقبولیت حاصل ہے۔ اس کا عشر عشیر بھی ہندوستان میں نہیں۔ تاہم اب اسکی یہاں کچھ قدر ہونے لگی ہے اور بہت سے زنانہ اسکولوں میں چمڑے کی دستکاریاں سکھائی جانے لگی ہیں۔ ٹیگور کے مشہور شانتی نکیتن میں بھی یہ دستکاری لڑکے و لڑکیوں دونوں کو سکھائی جاتی ہیں۔ اکثر لڑکے و لڑکیاں اپنی جودت طبع سے اسکے کئی عملیات میں جدتیں پیدا کرنے کا شوق ہوا ہے اور انکی کافی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ذریٹ ورک کے ساتھ ساتھ اس دستکاری کو بھی ہندوستان میں فروغ ہو جس کو نہ صرف بطور ہو بیز اختیار کیا جاسکتا ہے بلکہ یہ دستکاری ایک حد تک قوت لایموت کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے اور اسکو بطور گھریلو صنعت (Cottage Industry) کے اختیار کیا جاسکتا ہے۔ اس دستکاری کا معیار بہت بلند ہے آجکل ایک عمدہ دستی لیڈیز ہینڈ بیگ کاف چمڑے کا جس پر کچھ خوبصورت عمل مثلاً پینٹنگ کے ساتھ موڈلنگ وغیرہ بھی ہو کم از کم ۲۰-۲۵-۵۰-۶۰ روپیہ تک علی الترتیب قیمت پاتا ہے اور جدتیں لئے ہوئے بڑے ہینڈ بیگ اس سے زیادہ قیمت پاتے ہیں اور لاگت ان پر چھ سات۔ دس۔ بارہ روپیہ سے زیادہ نہیں آتی۔ دہلی میں مس سید بی۔ اے نے جو ٹیگور کے شانتی نکیتن کی تعلیم یافتہ ہیں اس دستکاری کو عورتوں کو سکھلانے کے لئے ایک ادارہ کھولا ہے۔ اس دستکاری کو مس موصوفہ نے خود شانتی نکیتن میں سیکھا ہے۔ اب وہ اس کو دوسروں کو سکھا رہی ہیں اُن کا یہ جذبہ لائق تحسین اور قابل تمثیل ہے۔ میں بھی ان کو اس ضمن میں کافی امداد دے چکا ہوں۔ دوسرے شہروں کی لڑکیوں کو ان کی پیروی کرنی چاہیئے۔ اور اسکے ذریعہ سے غریب مگر شریف عورتوں کی اجرتوں کا معیار بلند کرنا چاہیئے۔


میں چمڑے کی دستکاری پر عصمت بابت اگست، ستمبر و اکتوبر سنہ ۱۹۳۵ء میں بہت کچھ لکھ چکا ہوں۔ یہ موضوع کتابی صورت میں بھی موجود ہے۔ مگر مسوّدہ کاغذ کے قحط کی وجہ سے پڑا ہوا ہے مجھے نہیں معلوم کہ یہ کتاب کب شایع ہو کر شائقین کے ہاتھوں میں پہنچے گی۔ لیکن اب میں انشاء اللہ "جوہر نسواں" میں مفید دستکاری پر کچھ نہ کچھ لکھتا رہوں گا۔


چمڑے کی دستکاری کے ابتدائی اوزار اوران کا استعمال :-

چوبی بورڈ یا شیشہ کی پلیٹ - چمڑے کی دستکاری کے لئے یہ بہت ضروری چیز ہے۔ اس پر چمڑا رکھکر کاٹا جاتا ہے۔ یہ بہت مضبوط








SUNLIGHT
SOAP

اور کافی موٹی ہونی چاہیئے۔

قینچی:۔ چمڑے کی دستکاری کے لئے ایک عمدہ اور میرٹھ کی ساختہ قینچی ہونی چاہیئے۔ اگرچہ قینچی سے چمڑا کاٹنا منع ہے مگر استر وغیرہ کاٹنے کے لئے ضرورت پڑتی ہے۔

چاقو:۔ چمڑا کاٹنے کے لئے ایک خاص چاقو بھی ہوتا ہے۔ یہ بھی عمدہ اور پکّی دھات کا ہونا چاہیئے۔ اور ہمیشہ تیز رہنا چاہیئے تاکہ چمڑے کے کنارے صاف سیدھے اور عمدہ کٹیں۔ بہ نسبت لانبے پھل کے چھوٹے پھل کا چاقو اچھا ہوتا ہے۔ اس سے کام آسانی سے ہوتا ہے۔



چمڑا کاٹنے کا چاقو

ٹریسر:۔ یہ اوزار چمڑے پر ڈیزائن یا پیٹرن اُتارنے کے کام آتا ہے۔ اس کی نوک سوئی کی مانند تو تیز نہیں ہونی چاہیئے البتہ گول اور باریک ہونی چاہیئے۔ تاکہ چمڑے پر ڈیزائن کے کافی گہرے نشان پڑ سکیں۔ مگر چمڑا پھٹنے نہ پائے۔


موڈلنگ اوزار:۔ یہ اوزار مختلف سائزوں کے دستیاب ہوتے ہیں۔ ایک اوسط درجہ کا اوزار معمولی کام کے لئے مفید ہوگا۔ مگر بہت باریک ڈیزائن کا کام اس اوزار سے نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ خراب ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لئے ڈارلسیڈن ٹول یا دوہری نوک کا موڈلر کامیابی کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔



ٹریسر

بال ٹول:۔ یہ اوزار امبوزنگ یعنی اُبھارنے کے کام میں آتا ہے۔


فینسی پنچ:۔ یہ مختلف شکلوں کی خولدار کیلیں سی ہوتی ہیں۔ اس سے چمڑے پر مختلف خوبصورت ڈیزائن بنائے جاسکتے ہیں۔ ان کو بیک گراؤنڈ یا میٹنگ پنچ" بھی کہتے ہیں۔ صرف دو پنچوں سے ہی بہت دلفریب ڈیزائن بنائے جاسکتے ہیں جیسا کہ نیچے دی ہوئی شکلوں سے ظاہر ہے۔ یہ عمل "بلائنڈ ٹولنگ" کہلاتا ہے۔




مختلف شکلوں کے پنچ اور ان سے مرکب ڈیزائن



موڈلر



پنچ پلائرز



پریس اسٹڈ ٹول کا مجموعہ جو بٹوے میں پریس اسٹڈ بٹن جوڑنے کے کام آتا ہے

جرابیٹ
سلائی کے لئے سوراخ کرنے کا اوزار

پنچ پلائرز:۔ یہ تسمہ بندی میں استعمال کیا جاتا ہے جب چمڑے کی کسی چیز کو بجائے تاگے سے سینے کے تسمے سے سیا جاتا ہے تو اس میں پہلے سوراخ کرلئے جاتے ہیں۔ یہ اوزار تو ایک ہی ہوتا ہے مگر سوراخوں کے لئے چھوٹے بڑے پنچ ہوتے ہیں جنہیں نب کہتے ہیں جتنے بڑے سوراخ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی پیمانہ کا نب اس میں لگا دیا جاتا ہے۔ اور اس سے سوراخ کر لیتے ہیں۔ اوپر شکل میں ایک چھ نبوں کا اوزار دکھایا گیا ہے۔ اسے سکس وے پنچ پلائرز کہتے ہیں جو بہت مفید ہے۔



حسنِ جلد کا آغاز
صحتِ جلد سے ہوتا ہے
رکسونا
سے
صحتِ جلد کی حفاظت کیجئے

حقیقت میں جلد کی خوبصورتی کے پیشتر اُس کی صحت لازمی ہے اِس لئے اُس کی صحت کی حفاظت کی جائے۔ ورنہ اُس کی خوبصورتی جلد جاتی رہے گی اسی وجہ سے رکسونا تیار کیا گیا یہ نہایت ہی خوشگوار سبز رنگ کا اور آسانی سے جھاگ دینے والا صابن ہے جس میں تازگی بخش اور جراثیم کُش جُز موجود ہے جسے کیڈل کہتے ہیں۔ جلد کے ہر مسام میں رکسونا کا نفیس اور بآسانی بننے والا جھاگ سرایت کر جاتا ہے اور گرد و غبار اور پسینہ کی کثافت کو دُور کر کے جلد کو صاف، سُتھری و ملائم بنا کر تجلی بخشتا ہے۔

لہٰذا جلد کی صحت کے لئے ہمیشہ رکسونا صابون سے غسل کیجئے۔


رکسونا بچہ کے لئے ...



رکسونا کا جھاگ اِس قدر ملائم اور آرام دہ ہے کہ وہ بچہ کی نازک جلد کے لئے ایک بے نظیر چیز ہے علاوہ بریں یاد رہے کہ رکسونا میں کیڈل بچہ کی جلد کو خارش اور کھجلی سے محفوظ رکھنے میں بہت مدد دیتا ہے۔ ڈاکٹروں نے بھی اِس کی سفارش کی ہے۔

★ رکسونا میں کیڈل ایک خاص جراثیم کُش شفا بخش اور روغنوں کا مرکب ہوتا ہے جس کا جلد کی صحت پر زبردست اثر ہوتا ہے۔ سائنسداں بھی کیڈل کی صحت بخش اور حفاظتی تاثیر کی وجہ سے اس کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں۔

رکسونا مرہم کا استعمال کیجئے۔ دردوروں، سوزش۔ پھوڑے۔ داد۔ ناسور۔ مہاسے۔ چنبل اور دوسری عام جلدی امراض کے لئے۔ گو مال کی کمی ہے مگر پھر بھی تھوڑی دستہ بہت سے ماحوں سے دستیاب ہوسکتی ہے



RP. 27-46 UD　　REXONA PROPRIETARY LIMITED

رائٹ انگل:۔ یہ بہت ضروری چیز ہے۔ اس سے چمڑے کے ٹکڑے یا پیٹرن کا زاویہ دیکھا جاتا ہے کہ آیا لمبائی چوڑائی میں درست ہے یا نہیں۔

پینسل کا رُولر:۔ تر چمڑے پر لوہے کا رُولر یا اسکیل کبھی نہیں رکھنا چاہیئے۔ اس سے چمڑے پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں۔ اس کام کے لئے صرف پیتل رُولر یا لکڑی اسکیل بہت محفوظ ہے۔

پریس اسٹڈ ٹول:۔ یہ چمڑے کے بٹوؤں اور کیسوں میں اسٹڈ بٹن اور فاسنر جڑنے کے کام آتا ہے۔ اسکے ساتھ ایک لوہے کا گول ٹکڑا بھی آتا ہے جسے ڈائی کہتے ہیں۔

اَوْل:۔ یہ ہاتھ کی سلائی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے چمڑے میں باریک سوراخ کئے جاتے ہیں تاکہ سوئی آسانی سے چمڑے میں گھس سکے۔ اسکی نوک چپٹی ہوتی ہے۔

دوسرے اوزار:۔ دوسرے اوزار جو چمڑے کی دستکاری میں کام آتے ہیں۔ سپرنگ یا اسکیونگ نائف۔ جریف برائے دستی سلائی۔ ٹریسنگ وہیل اور کریسر وغیرہ ہوتے ہیں۔ مگر سادہ کام میں ان کی ضرورت نہیں پڑتی۔

چمڑے کی دستکاری کے کل اوزار اور رنگ وغیرہ اس پتہ پر مل سکتے ہیں:۔

کلکتہ و بمبئی کی دوکانوں پر بھی مل سکتے ہیں جن کے پتے بخوف طوالت یہاں درج نہیں کئے جا سکے۔

چمڑا

چمڑے کی بہت سی اقسام ہیں۔ جو چمڑے کی دستکاری میں استعمال کی جاتی ہیں۔ ان میں خاص خاص قسم کے چمڑے یہ ہیں۔

کاف:۔ چمڑے کی دستکاری میں اس چمڑے کا درجہ بہت بلند ہے یہ خاص طور سے زیبائشی کام میں استعمال ہوتا ہے۔ عمدہ کاف چمڑے پر موڈلنگ اور پینٹنگ مکمل حالت میں ہو سکتا ہے۔ جب کاف چمڑا اس مقصد کے لئے استعمال کیا جائے تو دیکھنا چاہیئے کہ وہ بہت سخت یا بہت ملائم اور لچکدار تو نہیں ہے۔ سخت دباغت کے چمڑے پر موڈلنگ کا عمل بہت مشکل سے ہوتا ہے۔ یا بہت نرم اور لچکدار چمڑے کی سطح کو دوران عمل میں اوزار جھڑا دے گا۔ اس چمڑے کے بٹوے اور دستی بیگ وغیرہ بہت اچھے بنتے ہیں۔ اور بہت سُبک و ملائم ہوتے ہیں۔

کئو ہائڈ:۔ یہ گائے کا چمڑا ہوتا ہے زیادہ تر مشہور خوبصورت چمڑا جسے کروم لیدر کہتے ہیں۔ اسی کا بنایا جاتا ہے۔ یہ موٹا اور بیحد مضبوط ہوتا ہے۔ مگر کم موٹائی کے کئو ہڈ یا کروم لیدر بھی مل سکتے ہیں۔ اس پر موڈلنگ کا عمل کیا جاتا ہے مگر یہ عمل اس چمڑے پر ایسا دلفریب نہیں ہوتا جیسا کاف چمڑے پر۔ کئو ہڈ عام طور پر سادہ چیزیں جن کی مضبوطی کا زیادہ خیال ہو، بنانے کے کام میں آتا ہے۔

اِسکیوَر:۔ بھیڑ کی کھال ہوتی ہے جس کا چمڑا مشینری سے چھیل کر تیار کیا جاتا ہے یہ مختلف رنگوں میں دستیاب ہو سکتا ہے۔ اسکا زیادہ استعمال استرکاری میں ہوتا ہے۔ اسکی جیبیں مضبوط اور کڑی بنانی ہوں تو اسکے ٹکڑوں کے درمیان مگرم یا موم جامہ چپکا لینا چاہیئے۔

ویلویٹ پرشین:۔ یہ بہت نرم اور مخملی سطح کا چمڑا ہوتا ہے۔ ہر رنگ میں مل سکتا ہے۔ اسکی بہت نازک چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ اس کے ٹکڑوں سے "اپلیک ورک" بھی جسے "پیوندکاری" کہتے ہیں، بنایا جاتا ہے۔

مراکو:۔ یہ بہت مضبوط اور مخملی پتلی سطح کا مشہور چمڑا ہے۔ اسکی پوچٹ اور ہینڈ بیگ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ یہ کاف چمڑے سے بہت ملتا ہے۔ اس کے ٹکڑے اسکے ساتھ ملائے جا سکتے ہیں۔ اس سے "اپلیک ورک" بنایا جا سکتا ہے۔

شیپ اسکین یا باسل:۔ یہ چمڑا جیبوں اور تسموں کیلئے بہت اچھا ہے۔ اسکے تسمے نہایت عمدہ کاٹے جا سکتے ہیں۔ یہ پتلا ہوتا ہے اور مضبوط بھی۔

چمڑے پر زیبائشی کام بنانے کے مختلف عملیات

ٹولنگ یا موڈلنگ:۔ یہ زیبائش کا بہت عمدہ اور آسان کام ہے۔ پہلی مشق کے لئے کوئی دلکش مگر سادہ ڈیزائن انتخاب کیا جائے۔ یہ سختی سے چمڑے کی سطح پر اُتارا جاتا ہے اس کے بعد یہ موڈل کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ہمیں یوں کہنا چاہیئے کہ ڈیزائن کو چمڑے پر اُتار کر

